☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 15 ذیقعد 1446ھ، 13 مئی 2025ء 30 بیساکھ 2082 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 185

پاکستان اور بھارت کے ڈی جی ایم اوز کے درمیان رابطہ، جنگ بندی برقرار رکھنے پر اتفاق

پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشن (ڈی جی ایم او) اور بھارتی ہم منصب کے درمیان ہاٹ لائن پر بات چیت کا پہلا راؤنڈ مکمل ہوگیا، دونوں ممالک کے درمیان اعلان کردہ سیز فائر سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا

جنگ بندی کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا، دونوں جانب سے فائرنگ نہیں ہوگی اور شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا جائے گا، پاکستان اور بھارت کے درمیان 2 روز قبل ہونے والی جنگ بندی کے بعد ڈی جی ایم اوز کا یہ پہلا رابطہ تھا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشن (ڈی جی ایم او) اور بھارتی ہم منصب کے درمیان ہاٹ لائن پر بات چیت کا پہلا راؤنڈ مکمل ہوگیا جس میں جنگ بندی کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل راجیو گھئی اور ان کے پاکستانی ہم منصب میجر جنرل کاشف عبداللہ کے درمیان ہاٹ لائن پر رابطہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق رابطے کے دوران دونوں ممالک کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت سے مذاکرات ہوئے تو کشمیر، پانی اور دہشتگردی پر بات ہوگی — خواجہ آصف

اب وقت آ گیا ہے کہ بھارت کے ساتھ ان اہم مسائل پر بامعنی مذاکرات کئے جائیں، امریکی صدر نے مسئلہ کشمیر پر بات کرکے ایک اور پیشرفت کی ہے، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (یواین پی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ اگر بھارت سے مذاکرات ہوئے تو 3 میجر پوائنٹس پر بات ہوگی، بھارت سے کشمیر، دہشت گردی اور پانی سے متعلق بات چیت ہوگی، مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے دونوں ممالک کے پاس یہ سنہری موقع ہے، اپنے ایک بیان میں وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سانحہ 12 مئی جمہوریت کیلئے دی گئی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، بلاول بھٹو زرداری

سانحہ 12 مئی ہماری قومی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جس روز انسانی جان کی حرمت پامال اور جمہوری اقدار کو دن دہاڑے روندا گیا بیان

کراچی کی سڑکوں پر بہایا گیا خون رائیگاں نہیں گیا بلکہ ظلم کے خلاف مزاحمت کی ایک توانا علامت بن چکا، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سانحہ 12 مئی 2007 کی برسی کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کی سڑکوں پر بہایا گیا خون رائیگاں نہیں گیا، بلکہ وہ آج ظلم کے خلاف مزاحمت کی ایک توانا علامت بن چکا ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ سانحہ 12 مئی ہماری قومی تاریخ کا ایک سیاہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بھارت اب کسی طرح کا ایڈونچر کرنے سے پہلے سو مرتبہ سوچے گا، محسن نقوی

پاکستان نے بھارت کو پانچوں محاذوں پر بری طرح شکست دی ہے، پہلے جنگ بری، بحریہ، فضائیہ لڑتی تھیں، اب سفارتکاری اور میڈیا پر بھی جنگ لڑی جاتی ہے

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی راولپنڈی اسٹیڈیم میں ڈرون حملے میں شہید ہونے والے علی حیدر کے گھر آمد، اہل خانہ سے اظہار تعزیت، فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارت اب کسی بھی طرح کا ایڈونچر کرنے سے پہلے سو مرتبہ سوچے گا، پہلے جنگ بری، بحریہ اور فضائیہ لڑتی تھیں اب سفارتکاری اور میڈیا پر بھی جنگ لڑی جاتی ہے اور پاکستان نے بھارت کو پانچوں محاذوں پر بری طرح شکست دی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی اسٹیڈیم میں ڈرون حملے میں شہید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

بھارت بڑی فوج، ہتھیاروں سے ہمیں ڈرا نہیں سکتا — آرمی چیف

پاکستان نے متعدد بار بھارت کو خبردار کیا تھا کہ وہ پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھے، آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا گیا اور افواج پاکستان نے جو کہا وہ کرکے بھی دکھایا، بیان

علاقائی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ کی لیے پاکستان میں بھرپور دفاعی صلاحیت موجود ہے، ہمارے آبا اجداد نے اور ہم نے اس ملک کو بنانے کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور ہم اسکی حفاظت کرنا بھی جانتے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا گیا اور افواج پاکستان نے جو کہا وہ کرکے بھی دکھایا۔ پاکستان نے متعدد بار بھارت کو خبردار کیا تھا کہ وہ پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھے۔ آرمی چیف نے اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ترکیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

آئندہ بجٹ میں صنعتوں کیلئے بڑے ریلیف کی تیاریاں

وزیراعظم کی آئندہ بجٹ میں پیداواری صنعت اور تعمیراتی صنعت کے لیے ریلیف کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ بجٹ میں صنعتوں کیلئے بڑے ریلیف کی تیاریاں، وزیراعظم شہباز شریف نے پیداواری صنعت اور تعمیراتی صنعت کیلئے ریلیف کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے صنعت کاروں کی تجاویز کی روشنی میں ریلیف کے اقدامات تجویز کیے، وزیراعظم کی ہدایت کی روشنی میں پیداواری صنعت کو خام مال میں ریلیف دینے کا امکان ہے۔ بجٹ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

پاکستان کا سپر ٹیکس میں کمی کیلئے آئی ایم ایف سے رابطے کا فیصلہ

2022 میں عام آدمی کو ٹیکس سے بچانے کے لیے بڑی صنعتوں پر سپر ٹیکس لگایا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سپر ٹیکس میں کمی کیلئے آئی ایم ایف سے رابطہ کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے سپر ٹیکس میں کمی کے لیے آئی ایم ایف سے بات چیت کا فیصلہ کیا ہے، سپر ٹیکس میں کمی نہ ہوئی تو سرمایہ کاری نکل کر دبئی جانے کا خدشہ ہے، مختلف عدالتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

سیز فائر کے بعد بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری دوسرے روز بھی بند رہی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان سیز فائر کے بعد دوسرے روز بھی بھارت کی جانب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے پاکستان میں سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

اگر مذاکرات ہوئے تو تین اہم نکات پر بات ہوگی، وزیر دفاع

بھارت سے کشمیر، دہشت گردی اور پانی سے متعلق بات ہوگی، ٹرمپ نے مسئلہ کشمیر پر بات کرکے ایک اور پیشرفت کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اگر مذاکرات ہوئے تو بھارت سے تین پوائنٹس پر بات ہوگی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران خواجہ آصف نے کہا کہ مذاکرات کے دوران بھارت سے کشمیر، دہشت گردی اور پانی سے متعلق بات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، صوبائی وزیر بلال یاسین بھارتی حملے میں زخمی شہری کی عیادت کر رہے ہیں

سول جج کی بیوہ کو سپیشل جوڈیشل الاؤنس جاری نہ کرنے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سول جج کی بیوہ کو سپیشل جوڈیشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

نو مئی کے آٹھ مقدمات' بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

پاک افواج کی عظیم کامیابی پر پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرادی گئی

10 مئی کو ہر سال "یومِ فتح پاکستان" کے طور پر سرکاری سطح پر منایا جائے، قرارداد کا متن

لاہور (این این آئی) پاک افواج کی عظیم کامیابی پر پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرا دی گئی۔ ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سارہ احمد اور مہوش سلطانہ کی جانب سے پاک افواج کی عظیم کامیابی پر پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرائی گئی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ پنجاب اسمبلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

جنید اکبر کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی چیئرمین شپ چھوڑنے کی ہدایت

علیمہ خان نے بانی پی ٹی آئی کا تحریری حکم چیئرمین اور سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا کو پہنچایا' ذرائع

پشاور (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے رکن قومی اسمبلی جنید اکبر کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کی چیئرمین شپ چھوڑنے کی ہدایت کردی۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بھارت، پاکستانی فضائیہ کے ساتھ ٹکراؤ میں خود کو برتر نہ سمجھے، امریکی جریدہ

عام تاثر تھا کہ بھارت کو پاکستان پر برتری حاصل ہے مگر پاکستان نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوالیا' تجزیہ

واشنگٹن (این این آئی) بھارت، پاکستانی فضائیہ کے ساتھ ٹکراؤ میں خود کو برتر نہ سمجھے، پاکستانی ایئرفورس نے پوری دنیا کو پیغام پہنچا دیا ہے۔ نیشنل انٹریسٹ کے مطابق جنگیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

قصور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ودیگر بھارتی جارحیت کے دوران شہید پاک فوج کے جوانوں اور معصوم شہریوں کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

حکومت کا شہید مسجد ام القریٰ کو دوبارہ تعمیر کرنے کا اعلان

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، صوبائی وزیر بلال یاسین اور عسکری قیادت کا ننگل ساہداں مریدکے میں شہید ہونیوالی مسجد کا دورہ

بھارتی حملے میں زخمی شہری ابوخبیب بابا کی عیادت کی، مسئلہ کشمیر کا صرف اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق حل تصور کیا جائیگا' میڈیا سے گفتگو

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اور عسکری قیادت کے ہمراہ گزشتہ روز ننگل ساہداں مریدکے کا دورہ کیا اور بھارتی حملے میں زخمی شہری ابوخبیب بابا کی عیادت کی جبکہ شہید مسجد ام القریٰ کا بھی دورہ کرتے ہوئے حکومت کی طرف سے اسے دوبارہ تعمیر کرنے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ امریکی صدر کا کشمیر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

ملالہ کا غزہ میں فوری امداد کی فراہمی اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ

اسرائیل کی ناکہ بندی کے باعث غزہ کے بچے بھوک کا شکار ہیں اور مریض دم توڑ رہے ہیں' بیان

لندن (این این آئی) سماجی کارکن اور نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے ایک بار پھر غزہ میں فوری اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ملالہ یوسف زئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

جنگ بندی کے باوجود 24 بھارتی ایئرپورٹ بند، 444 پروازیں منسوخ

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پاک بھارت جنگ بندی، پنجاب کے تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھل گئے

لاہور (این این آئی) پاک بھارت جنگ بندی کے بعد لاہور سمیت پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

سانحہ 12 مئی کو 18 سال گزر گئے، ذمہ دار آج تک قانون کی گرفت سے باہر

کراچی (این این آئی) کراچی میں ہوئے سانحہ 12 مئی کو 18 سال گزر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ہیڈ آف ایمرجنگ مارکیٹس سے ویرچوئل لنک پر گفتگو کر رہے ہیں

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ڈرون حملے میں شہید ہونیوالے علی حیدر کے اہلخانہ سے تعزیت کر رہے ہیں

قصور، بھارتی جارحیت میں شہید پاکستانیوں کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کردی گئی

اسپیکر پنجاب اسمبلی، وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، اعلیٰ فوجی افسران سمیت دیگر کی شرکت

قصور (این این آئی) بھارتی جارحیت کے دوران شہید ہونے والے پاکستان کے بہادر سپاہیوں اور معصوم شہریوں کی غائبانہ نماز جنازہ ضلع قصور کے علاقے کھڈیاں خاص میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

امریکا اور چین کے درمیان تجارتی معاہدہ ہوگیا، وائٹ ہاؤس

معاہدہ تجارتی خسارہ کم کرنے میں مددگار ہوگا، امریکی تجارتی نمائندہ کی گفتگو

جنیوا (این این آئی) جنیوا میں امریکا اور چین کے درمیان تجارتی معاہدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

حماس کا اسرائیلی امریکی فوجی عیدان الیگزینڈر کو آج رہا کرنے کا فیصلہ

غزہ (این این آئی) حماس نے اعلان کیا ہے کہ وہ غزہ میں قید اسرائیلی۔امریکی فوجی عیدان الیگزینڈر کو رہا کر دے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ پاکستان بیت المال میں عام لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

پاکستان نے واضح کردیا اصل مسئلہ کشمیر کا ہے' اعزاز چوہدری

بھارت پاکستان کو کمزور نہ جانے، بیٹھ کر بات کرلے تو ان کے لیے بہتر ہوگا' انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری نے کہا ہے کہ کل کے بعد سے پاکستان نے واضح کردیا کہ اصل مسئلہ کشمیر کا ہے اور مسئلہ کشمیر کا حل بہت ضروری ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

سکھ کمیونٹی کی پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی قابلِ تحسین ہے' رمیش سنگھ اروڑہ

عالمی سطح پر سکھ قوم کی نظریاتی بصیرت، اتحاد اور اصول پسندی کا مظہر ہے' صوبائی وزیر اقلیتی امور

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ نے حالیہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں دنیا بھر کی سکھ کمیونٹی کی جانب سے پاکستان اور پاک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

مودی اپنی عوام اور عالمی سطح پر منہ چھپاتا پھر رہا ہے، شازیہ مری

بھارت نے اپنی شکست تسلیم کرلی، آئی ایس پی آر نے بھارت کے اندر تباہی بھی ثبوت کے ساتھ پیش کردی: مرکزی رہنما پی پی پی

بھارتی ترجمان کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا، پاکستان کا بھرپور دفاع کرنے پر پوری قوم کو اپنی فورسز پر فخر ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ بھارت نے اپنی شکست تسلیم کرلی اور مودی اپنی عوام اور عالمی سطح پر منہ چھپاتا پھر رہا ہے، آئی ایس پی آر نے بھارت کے اندر تباہی بھی ثبوت کے ساتھ پیش کردی، بھارتی ترجمان کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان کا بھرپور دفاع کرنے پر پوری قوم کو اپنی فورسز پر فخر ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کو عالمی سطح پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہو گیا، عمر عبداللہ

پاک بھارت جنگ کی وجہ سے بہت سی چیزیں بدل چکی ہیں لیکن اگر کچھ نہیں بدلا تو وہ پاکستان کا مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے کا منصوبہ ہے

جنگ کی وجہ سے ہمیں توقع نہیں تھی، امریکا مسئلہ کشمیر میں دلچسپی لے رہا ہے کہ وہ نگران یا ثالثی کا کردار کرے: وزیراعلیٰ مقبوضہ کشمیر

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کا کہنا ہے کہ پاکستان کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہوگیا۔ بھارتی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے عمر عبداللہ کا کہنا تھا پاک بھارت جنگ کی وجہ سے بہت سی چیزیں بدل چکی ہیں لیکن اگر کچھ نہیں بدلا تو وہ پاکستان کا مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے کا منصوبہ ہے۔ عمر عبداللہ کا کہنا تھا بھارت کے پاکستان پر حملے سے پہلگام واقعے کے متاثرین کو انصاف نہیں ملا تاہم پاکستان کشمیر کو عالمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

قوم کشمیر پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کریگی: حافظ نعیم الرحمٰن

بھارت جارحانہ کارروائیوں سے باز نہ آیا تو پاکستان کی طرف سے کوئی گارنٹی نہیں

سندھ طاس معاہدہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، امیر جماعت اسلامی کی سکھ وفد سے ملاقات

اسلام آباد (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت جارحانہ کارروائیوں سے باز نہ آیا تو پاکستان کی طرف سے کوئی گارنٹی نہیں۔ قوم کشمیر پر کسی قسم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے سکھ وفد ملاقات کر رہا ہے

اسرائیلی فوج کا یمن کی تین بندرگاہوں سے شہریوں کو انخلا کا حکم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے یمن کی تین بندرگاہوں راس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

مدینہ سے آنے والے 1850 ایرانی عازمین مکہ پہنچ گئے

تہران (این این آئی) ایرانی عازمین حج کا پہلا قافلہ اتوار کو مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ پہنچ گیا ہے۔ اس قافلے میں تقریباً 1850 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی ولی عہد اور شامی صدر کا اقتصادی تعلقات کے فروغ کے لیے تبادلہ خیال

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور شامی صدر احمد الشرع نے اقتصادی معاملات کے حوالے سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے کی 27ویں سالگرہ "یوم تکبیر" 28 مئی کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے کی 27ویں سالگرہ "یوم تکبیر" 28 مئی کو منایا جائے گا اس روز فیصل آباد سمیت ملک بھر میں پاکستان مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام ایٹمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا ڈیرہ غازی خان کا دورہ

سیلاب، ڈویلپمنٹ سکیموں سے متعلق اجلاس، کمشنر اشفاق احمد چوہدری، چیف انجینئر انہار کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے ڈیرہ غازی خان کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا و دیگر افسران بھی ہمراہ ہیں۔ کمشنر آفس ڈی جی خان میں سیلاب اور ڈویلپمنٹ سکیموں سے متعلق اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

کوٹلی: ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کوٹلی دورہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ضلع کوٹلی میجر ریٹائرڈ ناصر رفیق سے گفتگو کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کے احکامات پر مختلف تھانوں میں انچارج انویسٹی گیشنز کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کے احکامات پر مختلف تھانوں میں انچارج انویسٹی گیشنز کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے۔ ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور، سید ذیشان رضا نے لیڈی انسپکٹر شازیہ کوثر کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ سمن آباد تعینات، لیڈی انسپکٹر مصباح حفیظ کو تھانہ ویمن ریس کورس، انسپکٹر تصدق حسین کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ گلبرگ، لیڈی انسپکٹر جائبہ خان کو سٹی ڈویژن سے انچارج انویسٹی گیشن فیصل ٹاؤن زون، سب انسپکٹر نعیم اللہ کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ گارڈن ٹاؤن زون، سب انسپکٹر محمد رضوان کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ کوٹ لکھپت، سب انسپکٹر یاسر بشیر کو تھانہ اچھرہ، انسپکٹر ممتاز حسین کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ رائیونڈ سٹی، انسپکٹر سرمد صدیق کو انچارج انویسٹی گیشن تھانہ ریس کورس تعینات جبکہ سب انسپکٹر ولید علی کو تھانہ فیصل ٹاؤن زون سے، تصور اصغر کو تھانہ گارڈن ٹاؤن زون سے، سب انسپکٹر محبوب مصطفی کو تھانہ اچھرہ سے سب انسپکٹر شرافت علی کو تھانہ رائیونڈ سٹی سے کلوز کر کے انویسٹی گیشن ہیڈ کوارٹر رپورٹ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے واضح کیا ہے کہ ان تبادلوں کا مقصد فیلڈ میں انویسٹی گیشن کے نظام کو مزید فعال بنانا اور مقدمات کی تیز تر اور مؤثر تفتیش کو یقینی بنانا ہے۔

شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مغل پورہ میں عثمان سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون※ گلشن راوی میں ممتاز سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، شفیق آباد میں شمشاد سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون※ گارڈن ٹاؤن میں ذوالفقار سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون※ ہربنس پورہ میں بابر سے 1 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ غالب مارکیٹ اور گرین ٹاؤن سے گاڑیاں جبکہ لوئر مال مزنگ اور ستوکتلہ سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر مملکت ملک رشید احمد خان اور سینئر سول وفوجی افسران کھڈیاں خاص ضلع قصور میں بھارتی جارحیت کے دوران شہید ہونیوالوں کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کر رہے ہیں

قصور میں بھارتی جارحیت کے دوران شہید ہونے والوں کی غائبانہ نماز جنازہ

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا دشمن کو دوٹوک پیغام

علاقے کی فضا پاکستان زندہ باد اور افواجِ پاکستان کے حق میں نعروں سے گونجتی رہی

امن ہماری خواہش ضرور، کسی نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اسے بھرپور جواب دیں گے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبر نگار) قصور کے علاقے کھڈیاں خاص میں بھارتی جارحیت کے دوران شہید ہونے والوں کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اس موقع پر علاقے کی فضا پاکستان زندہ باد اور افواج پاکستان کے حق میں نعروں سے گونجتی رہی۔ نمازِ جنازہ میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وفاقی وزیرِ مملکت ملک رشید احمد خان، رکنِ صوبائی اسمبلی ملک سعید، سینئر سول و فوجی افسران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ یہ میری زندگی کا سب سے قابلِ فخر لمحہ ہے کہ میں ان شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے یہاں موجود ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہم نہ کبھی ڈرے، نہ جھکے، اور آج ہم نے ثابت کر دیا کہ امن ہماری خواہش ضرور ہے لیکن اگر کسی نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اسے بھرپور جواب دیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جو قوتیں ہماری امن کی خواہش کو ہماری کمزوری سمجھتی ہیں، وہ جان لیں کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ہماری افواج نے ہمیشہ وطنِ عزیز کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے، اور قوم کے ہر بچے، بوڑھے اور جوان نے جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ان کا ساتھ دیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں یادگار دن ہے، پوری قوم چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، سربراہ پاک فضائیہ اور نیول چیف کو سلام پیش کرتی ہے۔ بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا گیا ہے، اور پوری قوم اس عظیم کامیابی پر مبارکباد کی مستحق ہے۔ اس موقع پر شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی، اور شرکاء نے پاک فوج زندہ باد اور پاکستان پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا کہ ہم ایک قوم ہیں، اور بھارت کبھی ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔

نولکھا انویسٹیگیشن پولیس نے شہری کے 50لاکھ کے پاورٹولز کے چوری کا معمہ حل کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نولکھا انویسٹیگیشن پولیس نے شہری کے 50لاکھ کے پاور ٹولز کے چوری کا معمہ حل کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، نولکھا کے علاقے میں 50لاکھ روپے کے ٹولز چوری کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے ایس پی سٹی انویسٹی گیشن کی سربراہی میں ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کارروائی کی گئی کنٹینر ڈرائیور عبدالوحید اور اس کے ساتھی آصف کو گرفتار کر کے ان سے 50لاکھ کے پاور ٹولز، ڈرل مشین، کٹر بلیڈ برآمد کر لیے۔

افواج پاکستان نے ہندوستان کو منہ توڑ جواب دیا، سید منیر گیلانی

وطن عزیز کے تحفظ ودفاع کیلئے پوری قوم متحد ہو کر فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے



لاہور (پ ر) معروف اصلاحی و روحانی شخصیت سید منیر گیلانی نے جاری بیان میں کہا کہ افواج پاکستان نے ہندوستان کو منہ توڑ جواب دے کر عوام کے دلوں اور امت مسلمہ کی بھرپور ترجمانی کی ہے، وطن عزیز کے تحفظ و دفاع کیلئے پوری قوم متحد ہو کر فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور وزیر اعظم پاکستان کی سربراہی میں قومی سطح کے فیصلے ملک کے وقار و سلامتی اور خودمختاری کی حفاظت کے لیے نہایت اہم اور بروقت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام افواجِ پاکستان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے سے ہوشیار رہیں، پاکستان کے دفاع کی صلاحیت، عسکری قیادت کے پختہ فیصلے اور عوامی اتحاد موجودہ دور کے چیلنجز کا مؤثر جواب ہیں انہوں نے وطن عزیز پاکستان کی سلامتی، افواج پاکستان کی کامیابی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔

سرمایہ داری کا سنہری موقع۔ ایل ڈی اے کے زیر اہتمام نیلام عام 27 مئی 2025ء کو ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن میں ہوگا

نیلامی میں جوہر ٹاؤن، جوبلی ٹاؤن، ایل ڈی اے ایونیو، علامہ اقبال ٹاؤن، سبزہ زار، ماڈل ٹاؤن، مصطفی ٹاؤن، تاج پورہ اور گجر پورہ میں واقع کمرشل ورہائشی پلاٹس نیلام کیے جائیں گے

نیلامی میں ایجوکیشن، ہسپتال، پیٹرول پمپ، مارکی سائٹس، ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس اور ایل ڈی اے سکولز ٹک شاپ کے حقوق کرایہ داری نیلام کیے جائیں گے

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے کے زیر اہتمام نیلام عام 27 مئی 2025ء کو ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن میں ہوگا جس میں مختلف سکیموں کے رہائشی و کمرشل پلاٹس نیلام کیے جائیں گے۔ نیلام عام میں مختلف پرائم لوکیشنز پر واقع کمرشل پلاٹس رکھے جائیں گے۔ نیلامی میں جوہر ٹاؤن، جوبلی ٹاؤن، ایل ڈی اے ایونیو، علامہ اقبال ٹاؤن، سبزہ زار، ماڈل ٹاؤن، مصطفی ٹاؤن، تاج پورہ اور گجر پورہ میں واقع کمرشل پلاٹس نیلام کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ نیلام عام میں گلبرگ تھری، جوہر ٹاؤن، نیو گارڈن ٹاؤن اور جوبلی ٹاؤن میں واقع رہائشی پلاٹس نیلام کیے جائیں گے اور ایل ڈی اے سٹی میں واقع ہیلتھ اور ایجوکیشن سائٹ نیلامی کے لیے رکھی جائے گی۔ نیلامی میں ایجوکیشن، ہسپتال، پیٹرول پمپ، مارکی سائٹس، ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس اور ایل ڈی اے سکولز ٹک شاپ کے حقوق کرایہ داری نیلام کیے جائیں گے۔ ایل ڈی اے اور نجی سکیموں میں واقع ایجوکیشن اور ڈسپنسری سائٹس کو بھی نیلامی میں رکھا جائے گا۔ ایل ڈی اے سکول جوہر ٹاؤن، گلشن راوی، سبزہ زار اور علامہ اقبال ٹاؤن میں واقع کینٹین کو حقوق کرایہ داری کے لیے نیلام کیا جائے گا۔

منشیات فروش گرفتار: لاکھوں روپے مالیت کی شراب برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ پولیس نے کارروائی کے دوران منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ترجمان کے مطابق ایس پی سٹی بلال احمد کی سربراہی میں شاہدرہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران منشیات فروش آکاش بھٹی گر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے کھلی اور بوتلوں میں پیک زہریلی شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم خفیہ طور پر لاہور کے مختلف مقامات پر شراب فروشی کرتا تھا

چین کا بلند پہاڑی ڈیم سے 38میٹر کنکریٹ سیمپل نکال کر اعلیٰ معیار کی انجینئرنگ کا مظاہرہ

اس منصوبے کی بلندی کے حامل مقام نے تعمیراتی عمل کے لئے شدید تکنیکی چیلنج پیدا کئے

لہاسا (شِنہوا) چینی انجینئروں نے ایک ڈیم سے 1.38 میٹر طویل کنکریٹ کا بنیادی نمونہ نکالا ہے۔ اس کامیابی نے نہ صرف اسی طرز کے آرچ ڈیمز میں کور سیمپلنگ کا نیا قومی معیار قائم کیا بلکہ مشکل اور بلند پہاڑی علاقوں میں کنکریٹ ڈالنے اور معیار کو قابو میں رکھنے کی چین کی جدید صلاحیتوں کا بھی مظاہرہ کیا۔ یہ سلنڈر یے بتان پن بجلی گھر سے نکالا گیا جو چین کے جنوب مغربی صوبے سیچھوان کی بائیو کاؤنٹی اور جنوب مغرب میں ہی واقع شی زانگ خودمختار علاقے کی کونجو کاؤنٹی کی سرحد پر واقع ہے۔ یے بتان سٹیشن دریائے جنشا کے بالائی حصے پر تعمیر کیا جا رہا ہے جو دریائے یانگسی کے بالائی مرکزی دھارے کا ابتدائی حصہ ہے۔ تقریباً 2ہزار 900میٹر کی بلند ترین سطح پر واقع یہ ڈیم 217 میٹر اونچا ہوگا اور اس کی نصب شدہ پیداواری صلاحیت 22لاکھ 40ہزار کلوواٹ ہوگی جس سے یہ ملک کے بڑے پن بجلی منصوبوں میں شامل ہوگا۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ کسی بھی ڈیم کی عمر اس میں ڈالے گئے کنکریٹ کے معیار پر منحصر ہوتی ہے۔ منصوبے کے تعمیر کنندہ کا کہنا ہے کہ تقریباً 12 منزلہ عمارت جتنے اونچے کور سیمپل کا بغیر ٹوٹے باہر آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ڈیم میں کنکریٹ ڈالنے کا معیار انتہائی اعلیٰ تھا۔ 245ملی میٹر چوڑے اس کور کو عمودی طور پر آرچ ڈیم کے 13 حصوں سے نکالا گیا جس میں 12 افقی جوڑ اور کنکریٹ کی 80 تہیں شامل تھیں۔ اس منصوبے کی بلندی کے حامل مقام نے تعمیراتی عمل کے لئے شدید تکنیکی چیلنج پیدا کئے۔ دن کے وقت درجہ حرارت 1.37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچتے جبکہ رات کو منفی 5.23 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے کے باوجود منصوبے کی ٹیم نے ماہرین اور تدریسی عملے کے تعاون سے اے آئی کی معاونت سے درجہ حرارت پر قابو پانے اور سرد موسم میں کنکریٹ ڈالنے کے انسولیشن سسٹمز جیسے جدید طریقوں کی مدد سے کامیابی کے ساتھ کنکریٹ نمونہ نکال لیا۔ اس پن بجلی گھر کے مرکزی ڈھانچے کی تعمیر ستمبر 2018 میں شروع ہوئی تھی اور اس کی بجلی پیدا کرنے والے پہلے یونٹس 2025 کے آخر تک آن لائن ہو جائیں گے۔

لاہور کی ضلعی انتظامیہ کی شاندار کارکردگی، شہر میں صفائی اور سہولیات بہتر

گھر گھر کچرا اٹھانے کی مہم کامیابی سے جاری، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ میں بہتری

تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی، رہائشی علاقوں سے جھگیوں و مویشیوں کا انخلا جاری

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ نے شہر کی ترقی اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے قابل تحسین اقدامات کیے ہیں۔ صفائی، سیوریج، اور شہری نظم و نسق کے شعبوں میں نمایاں بہتری کے ساتھ لاہور کے شہریوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے گھر گھر کچرا اٹھانے کی مہم، تجاوزات کے خلاف کارروائیاں، اور سیوریج نظام کی بہتری جیسے اقدامات نے شہر کے منظرنامے کو بدل دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے تحصیل شالیمار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کرول گھاٹی، یوسی 164، شیر شاہ روڈ اور اطراف کے علاقوں میں صفائی اور سیوریج کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شالیمار محمد ثاقب ترازی نے انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) کو ضلع بھر میں صفائی کے اقدامات کو تیز کرنے کی ہدایت کی، جبکہ واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی (واسا) کو معیاری کام یقینی بنانے کے احکامات دیے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کو فعال بنایا گیا ہے، جس کے نتیجے میں گھر گھر کچرا اٹھانے کی مہم نے شہر کی صفائی کی صورتحال میں بہتری لائی ہے۔ اس مہم کے تحت ہر گلی اور محلے سے کچرا باقاعدگی سے اٹھایا جا رہا ہے، جس سے شہریوں کو صاف ستھرا ماحول میسر ہوا ہے۔ اس کے علاوہ، انتظامیہ نے شہر کے مختلف حصوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف بلا تفریق کارروائی کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت دی کہ ہر قسم کی تجاوزات کو فوری طور پر ہٹایا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی اور نظم و نسق بحال رہے۔ رہائشی علاقوں سے جھگیوں و مویشیوں کے انخلا کے لیے بھی ضلعی انتظامیہ نے مؤثر حکمت عملی اپنائی ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے اس عمل کو جلد از جلد مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں، تاکہ شہریوں کو بہتر رہائشی سہولیات میسر ہوں۔ یہ اقدام نہ صرف شہر کی خوبصورتی بڑھانے میں مددگار ہے بلکہ غیر قانونی قبضوں سے متاثرہ علاقوں کے مکینوں کے لیے بھی سہولت کا باعث بن رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "کلین لاہور مشن" کے تحت ضلعی انتظامیہ کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی ان کاوشوں سے لاہور کے شہریوں کو نہ صرف صاف ستھرا ماحول مل رہا ہے بلکہ شہر کا مجموعی منظر بھی بہتر ہو رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر عمل درآمد کے لیے انتظامیہ دن رات کام کر رہی ہے، اور ان اقدامات کے مثبت نتائج شہر میں نظر آ رہے ہیں۔

عوامی پریس کلب ضلع چکوال کے پہلے باضابطہ انتخابات مکمل

چوہدری افراسیاب بلا مقابلہ صدر، آصف علی نائیک جنرل سیکرٹری منتخب

چکوال (ایم ایوب سلطانی) عوامی پریس کلب ضلع چکوال کے پہلے باضابطہ انتخابات جمعہ کے روز بسم اللہ فیملی پارک اینڈ ریسٹورنٹ میں منعقد ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر کے فرائض معروف صحافی و کالم نگار و نائب صدر چکوال پریس کلب راجہ افتخار احمد نے سرانجام دیے۔ انتخابات کے نتائج کے مطابق چوہدری افراسیاب کھوٹ بلا مقابلہ صدر منتخب ہوئے، جب کہ آصف علی نائیک نے جنرل سیکرٹری کے انتخاب میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی۔ اسی طرح ممتاز احمد راجپوت نے وائس چیئرمین کا انتخاب جیتا، جبکہ منور حسین جوائنٹ سیکرٹری کے عہدے پر بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ صدر خواتین ونگ کے طور پر بنتِ حوا منتخب ہوئیں، اور ساجد محمود انصاری بھی سخت مقابلے کے بعد بھاری اکثریت سے منتخب قرار پائے۔ تحصیل چوآسیدن شاہ سے احسن رفیق نائب صدر جبکہ سید عترت عباس وائس چیئرمین منتخب ہوئے۔ تحصیل چوآسیدن شاہ سے تعلق رکھنے والے محمد ایوب سلطانی نئے ممبر کو ایگزیکٹو باڈی میں شامل کیا گیا۔ بانی و چیئرمین عوامی پریس کلب ضلع چکوال ڈاکٹر زاہد عباس چوہدری نے ممتاز احمد راجپوت کو چیئرمین ایگزیکٹو باڈی مقرر کر دیا۔ انہوں نے تمام کامیاب امیدواروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر زاہد عباس چوہدری نے شفاف انتخابات کے انعقاد پر چیف الیکشن کمشنر راجہ افتخار احمد کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام: ضلعی انتظامیہ کی تیز رفتار کارروائی، شہریوں کو دیرپا فوائد کی فراہمی

ٹوٹ پھوٹ کا شکار گلیوں کی بحالی جاری، منصوبہ شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائے گا

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ، چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی وژن کو عملی شکل دینے کے لیے جاری منصوبوں کا جائزہ لینا اور ان کی رفتار کو یقینی بنانا تھا۔ ضلعی انتظامیہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے، ان کے معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنانے کے لیے پوری تندہی سے کوشاں ہے اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے تمام جاری ترقیاتی کاموں کی مسلسل اور کڑی نگرانی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح ہدایات جاری کیں کہ تمام ٹھیکیداروں کو پابند کیا جائے کہ وہ تفویض کردہ کاموں کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کریں۔ اس حوالے سے کسی قسم کی سستی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا ایک اہم پہلو شہر کی ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور کچی گلیوں کی بحالی اور تعمیر ہے۔ ان گلیوں کی حالت زار سے شہریوں کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے، انتظامیہ ان کی تعمیر و مرمت کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروا رہی ہے۔ اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ تمام بحالی کے کام اعلیٰ معیار کے ہوں تاکہ شہری لمبے عرصے تک ان سے مستفید ہو سکیں۔ ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی جاری رہے گی۔

چین اور امریکہ کا ٹیکس کشیدگی کو کم کرنے کے لئے اقدامات کا اعلان

جنیوا (شِنہوا) چین اور امریکہ نے ٹیکس میں ترمیم سے متعلق اقدامات کا اعلان کیا جس کا مقصد دنیا کی دو سب سے بڑی معیشتوں کے درمیان تجارتی کشیدگی کو کم کرنا ہے۔ ایک مشترکہ اعلامیہ کے مطابق یہ فیصلہ پیر کے روز اقتصادی اور تجارتی امور پر چین۔ امریکہ 2 روزہ اعلیٰ سطح کے اجلاس کے بعد کیا گیا، اس میں فریقین نے دونوں ممالک اور عالمی معیشت کے لئے اپنے دوطرفہ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کی اہمیت کو تسلیم کیا۔ فریقین نے پائیدار، طویل مدتی اور باہمی طور پر مفید اقتصادی اور تجارتی تعلقات کی ضرورت پر زور دیا۔ بیان کے مطابق امریکہ 2 اپریل سے شروع ہونے والی چین کی اشیاء (بشمول ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطے اور مکاؤ خصوصی انتظامی خطے کی اشیاء) پر اضافی ایڈ ویلورم شرح ڈیوٹی کے 24 فیصد پوائنٹس کو 90 کے لئے معطل کر دے گا جبکہ ان اشیاء پر 10 فیصد کی باقی شرح برقرار رہے گی۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:55
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

REQUEST FOR EXPRESSION OF INTEREST (REOI)

WORLD BANK GROUP

(HIRING OF INDIVIDUAL CONSULTANT)

Name of Project: Getting Results: Access and Delivery of Quality Education Services' (GRADES)
Project ID: P176594

School Education Department, Government of the Punjab is implementing the "Getting Results: Access and Delivery of Quality Education Services' (GRADES)" project with the assistance of the World Bank for Improvement of educational outcomes which remains a crucial way for Punjab to build human capital. The Project aims to increase girls' and boys' participation rates in pre-primary to elementary grades and enhance reading proficiency in primary grades of Punjab's public schools. School Education Department (SED) now invites experienced candidates having relevant qualification and experience to indicate their interest in providing the services:

Sr. No	Post	Qualification and Experience Required:	No. of Post
1	Head of Operations	**Qualification** ▪ At least, master's degree or equivalent (sixteen (16) years of education) in Business Administration/ Project Management/ Engineering/ Environmental Sciences / Social Sciences / Public Administration / or relevant discipline, from a foreign or local university, duly recognized by the Higher Education Commission (HEC) of Pakistan. ▪ Project Management Professional (PMP) or any other relevant certification, shall be accorded due weightage. **Experience** ▪ At least Twelve (12) years of documentary verifiable relevant experience, after acquiring stipulated qualifications, in public and/or private sector national/international organizations, preferably in education. including a minimum of 3 years of experience working in Foreign-Aided Development Projects in a similar role. ▪ Must have team building and organizational development understanding. ▪ Due weightage shall be accorded to: ▪ Prior knowledge of existing district systems being used across the province. ▪ Comprehensive understanding of pedagogical approaches relevant to elementary schools, middle schools and field experience of public schooling systems in Punjab. ▪ Familiarity with government structures, operations, and procedures	01
2	Head of Finance	**Qualifications** ▪ Any professional Qualification in the field of Finance and Accountancy including but not limited to CA / ACCA / CIMA / ICMA or any other equivalent professional qualification. **Experience** ▪ At least ten (10) years of verifiable relevant experience, after acquiring stipulated qualifications, in public and/or private sector national/international organizations. Professional Experience of same position in in education sector and/or experience working in Foreign-Aided Development Projects in a similar role would be given due preference. ▪ Excellent knowledge of the World Bank and government procedure of financial management. ▪ Proven ability to work in a collaborative, team environment. ▪ Familiarity with government structures, operations, and procedure.	01
3	Head of Procurement	**Qualification** ▪ A Master's/ Bachelors (Hons.) degree (16 years of education) in management science / Engineering/ Business Administration / Social Sciences/ supply chain management or related field from reputable & recognized local or foreign institution, duly recognized by the Higher Education Commission (HEC) of Pakistan. ▪ Trainings Certification on World Bank Procurement Regulations, Guidelines and STEP shall be an additional weightage. ▪ Candidates who have qualifications / degree / training certification / diploma in the field of procurement management from CIPS, ISM, USA, or APICS/ASCM / LUMS or from foreign institution shall also be an additional weightage. **Experience** ▪ At least ten (10) years of documentary verifiable relevant experience, after acquiring stipulated qualifications, in public and/or private sector national/international organizations, including a minimum of 3 years of experience working in Foreign-Aided Development Projects in a similar role. ▪ Excellent knowledge of the World Bank and government procedure of procurements and contracts will have an added advantage. ▪ Proven ability to work in a collaborative, team environment. ▪ Familiarity with government structures, operations, and procedure.	01
4	Head of Construction	**Qualifications** ▪ At least, B.Sc Civil Engineering/ Architecture (16 years of education) or Equivalent from a foreign or local university, duly recognized by the Higher Education Commission (HEC) of Pakistan. **Experience** ▪ At least, Ten (10) years of documentary verifiable relevant experience, after acquiring stipulated qualifications, in public and/or private sector national/international organizations in the field of civil works including a minimum of 3 years of experience working in Foreign-Aided Development Projects in a similar role. ▪ A background in sustainable/energy & Water efficient building design works and implementation through Passive means with considerable experience in school/educational facilities designs and implementation. ▪ Ability to conceptualize, design and implement major projects and to collaborate on major and complex reports which meets the standards of the Government of Punjab, Government of Pakistan as well as the World bank Standards ▪ Ability to effectively communicate and coordinate with many stakeholders (e.g., Government Departments, schools, World Bank etc.) toward achievement of targets and production of high- quality outputs. Candidate with past experience of Working with the Government Departments and The World Bank would be preferred. ▪ Excellent interpersonal skills, teamwork, and communication skills. Ability to work independently with minimal supervision, and willingness to travel. ▪ Excellent written and verbal communication in English and Urdu	01

The detailed TOR can be downloaded from ***https://schools.punjab.gov.pk.*** The selection will be made in accordance with the Open Competitive Selection of Individual Consultants of World Bank Procurement Regulations for IPF Borrowers, 2023".

The attention of interested Consultants is drawn to Section III, paragraphs, 3.14, 3.16, and 3.17 of the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers 2023", setting forth the World Bank's policy on conflict of interest. Further information can be obtained at the address below during office hours i.e., 0900 to 1700 hours at contact No. 042-99206560.

Interested candidates should submit the Expression of Interest with Curriculum Vitae (CV), copies of educational degrees, certificates, experience certificates, and CNIC by **26th May, 2025** during office hours i.e. 9;00 a.m. to 5;00 p.m. through courier or in person at the following address: **Additional Secretary, (B&P), School Education Department, Govt of the Punjab, 11-A Lawrence Road, Lahore, Punjab, Pakistan** The applicants should clearly mention relevant years of experience and qualification at the top of the CV. If a face-to-face meeting is required, same shall be done physically or virtually.

Additional Secretary (Budget & Planning)
School Education Department (SED), Punjab
11-A Lawrence Road, Lahore, Punjab, Pakistan
Tel: 042-99206560

IPL:1808

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ جدید سکلز سیکھنا ضروری ہیں سائرہ افضل تارڑ

نوجوانوں کو ڈگریاں حاصل کرکے سرکاری نوکریوں کی تلاش میں پھرنے سے بہتر ہے کہ وہ اپنا وقت ضائع کیے بغیر دور حاضر کی سکلز کی ٹریننگ حاصل کریں تاکہ وہ باعزت طریقہ سے کسی بھی جگہ اپنا روزگار کما سکیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کوارڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ نے کہا ہے کہ طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ جدید سکلز بھی سیکھنا ضروری ہیں کیونکہ آنے والے وقتوں اور ترقیاتی یافتہ ممالک واقوام سے مقابلہ کرنے کے لیے ہر پاکستانی کو ہنر مند ہونا ضروری ہوگا نوجوانوں کو ڈگریاں حاصل کرکے سرکاری نوکریوں کی تلاش میں پھرنے سے بہتر ہے کہ وہ اپنا وقت ضائع کیے بغیر دور حاضر کی سکلز کی ٹریننگ حاصل کریں تاکہ وہ باعزت طریقہ سے کسی بھی جگہ اپنا روزگار کما سکیں۔ پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں اب اگر کسی چیز کی ضرورت ہے تو سکلز پرسنز کی اس لیے ہمیں اپنے بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر مند بھی بنانا ہے تاکہ وہ کسی بھی ملک میں اپنے ہنر صلاحیتوں اور قابلیت کے بل بوتے پر روزگار کمانے کے قابل بن سکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کالج آف انٹرنیشنل سکلز ڈویلپمنٹ کی سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پنجاب کے سینئر بیوروکریٹ، سابق چیف سیکرٹری گلگت بلتستان بابر حیات تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے بھی خطاب کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں جواد حسین ملک، سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف سمیت طلباء وطالبات اور معززین کی بڑی تعداد تقریب میں شریک تھی۔ سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ خوشی کی بات ہے کہ طلباء وطالبات کی ایک بڑی تعداد ہنرمندی اور سکلز ڈویلپمنٹ کی تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ ملک وقوم کی ترقی خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے بچوں کو سکلز ڈویلپمنٹ کے ذریعے اس قابل بنائیں کہ وہ سرکاری نوکری کی بجائے خود مختار طریقہ اور اپنے ہنر کے ذریعے بہتر روزگار کما سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ آج اگر دنیا میں کسی چیز کی مانگ ہے تو وہ صرف ہنر/سکلز ہے اور ویسے بھی ہنر مند افراد کبھی بیروزگار نہیں ہو سکتے۔

افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: راجہ احمد بخش ڈالوال

ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جس نے پاکستان کو سرخرو کیا: ایوب سلطانی



چوآ سیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دینے پر افواج پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں دشمن کو واضح پیغام دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان ایک زندہ قوم ہے اور دشمن کی کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ ہم بھارتی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اپنی افواج پاکستان کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ مزید برآں سیاسی وسماجی شخصیت راجہ احمد بخش ڈالوال نے ”یوم تشکر“ کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا کہ بھارتی جنگی جنون کے مقابلے میں پاکستان کی مسلح افواج نے آپریشن بنیان المرصوص کے دوران جس شجاعت، پیشہ ورانہ مہارت اور حب الوطنی کا مظاہرہ کیا، وہ تاریخ کا سنہرا باب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جس نے پاکستان کو سرخرو کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر افواج نے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا کر دنیا کو باور کرا دیا ہے کہ پاکستان ناقابل تسخیر ہے راجہ احمد بخش نے پاک فضائیہ سمیت تمام مسلح افواج کو سلام عقیدت پیش کیا اور کہا کہ قوم اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔

انصاف کی فراہمی دہلیز تک کے تحت کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) انصاف کی فراہمی دہلیز تک کے تحت کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے گوگیرہ میں حاجی چوک میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں مردوں اور خواتین کی کثیر تعداد میں شرکت۔ شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے موقع پر قانونی احکامات جاری کیے گئے۔ دور دراز علاقوں میں کھلی کچہری لگانے کا مقصد عوام تک خود جا کر انکے مسائل حل کرنا ہے۔ تمام درخواستوں پر فالو اپ کے لیے انچارج کمپلینٹ کو رپورٹ پیش کرنے کا حکم۔ انجمن تاجران اور دیگر مکتب فکر کے لوگوں نے کھلی کچہری کے انعقاد پر ڈی پی او کے اقدام کو سراہا۔

زاہد عمران کوروٹانہ ضلع شیخوپورہ اور ضلع ننکانہ صاحب سے منتخب

جماعت کو ضلع بھر میں فعال کرنے کیلئے تمام تر توانائیاں صَرف کر رہے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) زاہد عمران کوروٹانہ جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن منتخب مجلس شوریٰ کے انتخاب میں زاہد عمران کوروٹانہ کو ضلع شیخوپورہ اور ضلع ننکانہ صاحب سے منتخب کیا گیا اس مقصد کیلئے تقریباً 700 اراکین جماعت اسلامی نے ووٹ کاسٹ کیے اس سے قبل زاہد عمران جماعت اسلامی ضلع شیخوپورہ کے امیر کے طور پر اپنی خدمات دے رہے ہیں جماعت کی بہتری کیلئے ان کی گراں قدر خدمات ہیں یہ جماعت کو ضلع بھر میں فعال کرنے کیلئے تمام تر توانائیاں صَرف کر رہے ہیں اپنے آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ میں تمام اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جماعت اسلامی کی بہتری اور فعال کرنے کیلئے ہمیشہ کوششیں جاری رہیں گی ضلع شیخوپورہ بھر میں فلاح وبہبود سمیت جماعت اسلامی کو فعال کرنے کیلئے کام جاری ہے ان شاءاللہ اس کے مثبت اثرات نظر آئیں گے۔

ٹرکوں کی لائنیں کسی بھی وقت حادثہ رونما ہونے کا سبب بن سکتی ہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) احمد نگر روڈ پر سڑک کے دونوں کناروں پر لگی ٹرکوں کی لائنیں کسی بھی وقت حادثہ رونما ہونے کا سبب بن سکتی ہیں۔ احمد نگر روڈ پر ڈھونیکی سے لیکر پھالوکی تک سڑک کے دونوں سائیڈوں پر ٹرکوں کے کھڑا ہونے سے مسافر شدید پریشانی کا شکار ہو کر رہ گئے اہل علاقہ نے بتایا کہ شام وقت احمد نگر روڈ سڑک کی دونوں سائیڈ پر ڈرائیورز ٹرک کھڑے کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں خلل پڑتا ہے اور کسی بھی وقت بڑے حادثہ کا سبب بن سکتے ہیں، ہم سی ٹی او گوجرانوالہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سڑک کے دونوں کناروں پر کھڑے ٹرکوں کو ہٹایا جائے۔

علامہ اقبال ایکسپریس کے پنکھے بند گرمی اور حبس سے براحال مسافر چیخ اٹھے

سیالکوٹ سے ناروال نارنگ لاہور کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس میں اے سی کوچ کو چلانے کیلئے چھوٹا پاور پلانٹ لگایا گیا ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) علامہ اقبال ایکسپریس کے پنکھے بند گرمی اور حبس سے براحال مسافر چیخ اٹھے بتایا گیا ہے کہ سیالکوٹ سے ناروال نارنگ لاہور کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس میں اے سی کوچ کو چلانے کیلئے چھوٹا پاور پلانٹ لگایا گیا ہے جو ناکافی ہے پنکھے اور لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں شدید گرمی اور حبس میں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ریلوے کی ہٹ دھرمی نااہلی اور سستی سے مسافر شدید پریشان ہیں انہوں نے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے مطالبہ کیا ہے کہ مسافروں سے ناروا سلوک کا فوری نوٹس لیا جائے علامہ اقبال ایکسپریس میں اکانومی کلاس میں پنکھے اور لائٹیں چلانے کیلئے خاطر خواہ انتظامات کیے جائیں تاکہ شدید گرمی اور حبس میں مسافروں کیلئے آسانی پیدا ہو سکے۔

بزدل بھارت نے رات کے اندھیرے میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا

جواب پاکستانی مسلح افواج نے بہترین سلاحیتوں کے ساتھ دیا: چوہدری سخاوت علی ڈوگر



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بزدل بھارت نے رات کے اندھیرے میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا جس کا جواب پاکستانی مسلح افواج نے بہترین سلاحیتوں کے ساتھ دیا دنیا مان گئی پاکستانی مسلح افواج دنیا کی بہترین مسلح افواج ہیں بزدل بھارت کبھی دوست نہیں تھا نہ ہوگا مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر اس خطے میں امن نہیں ہو سکتا ہمیں اپنی مسلح افواج پر فخر ہے سرپرست اعلیٰ امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈوگر کا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو ان کا کہنا تھا مودی سرکار کی داستانیں تعصب سے بھری ہیں ایسے حکمران اپنے ملک اور دنیا کے لئے امن نہیں شر پھیلاتے ہیں مسلمان کبھی بھی عام شہری کے لئے باعث زحمت نہیں رہے نہ ہیں ہم امن پسند قوم ہیں مگر کوئی ہماری سالمیت کو للکارے تو ہم سخت جواب دیتے ہیں جس کا مظاہرہ ہماری مسلح افواج نے کیا جو ہمارا حق تھا ہمیں اپنی مسلح افواج پر فخر ہے جس پر ساری قوم سلام پیش کرتی ہے۔

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ ستگھرہ کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ ستگھرہ کا اچانک دورہ کیا۔ ڈی پی او نے عدم تکمیل ریکارڈ اور ناقص صفائی پر محرر تھانہ کو معطل کر کے چارج شیٹ کر دیا۔ ناقص سپرویژن پر ایس ایچ او تھانہ ستگھرہ سے اظہار وجوہ طلب۔ دورے کے دوران تھانہ کے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ، حوالات اور تھانہ کی بلڈنگ سمیت تمام متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی پی او راشد ہدایت نے تھانہ میں موجود شہریوں سے مسائل دریافت کر کے انکے قانونی حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اشتہاری مجرمان، سنگین نوعیت کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرنے کا حکم۔ تھانوں کے اچانک دوروں کا مقصد پولیس افسران کی کارکردگی کو جانچنا اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے۔

صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی کی قیادت میں فوج کے حق میں ریلی کا انعقاد

ریلی میں ایڈیشنل چیف وارڈن میاں محمد اکرام، ڈپٹی چیف وارڈن عاطف جاوید، ملک ضیاء اللہ، محمد نوز قمر، شمس الحق، محمد ظہور خان، شیخ محمد عرفان، ڈپٹی ڈویژنل وارڈن کاشف بھٹی، خلیل احمد کھوکھر، حافظ غلام مصطفےٰ محمد تابش، مرزا اسلم مغل کے علاوہ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سول ڈیفنس چیف وارڈن صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی کی زیرقیادت زیدہ میں پاک فوج کے حق میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی جس میں چیف وارڈن صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی، ایڈیشنل چیف وارڈن میاں محمد اکرام، ڈپٹی چیف وارڈن عاطف جاوید، ملک ضیاء اللہ، محمد نوز قمر، شمس الحق، محمد ظہور خان، شیخ محمد عرفان، ڈپٹی ڈویژنل وارڈن کاشف بھٹی، خلیل احمد کھوکھر، حافظ غلام مصطفےٰ محمد تابش، مرزا اسلم مغل کے علاوہ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے وطن عزیز کی حفاظت پر مامور افواج پاکستان سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ ریلی کا آغاز مقامی سول ڈیفنس دفتر سے ہوا اور شہر کے مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے مین چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور ××پاک فوج زندہ باد×× کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف وارڈن صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی نے کہا کہ افواج پاکستان ہماری سلامتی کی ضامن ہیں اور پوری قوم اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔ انہوں نے دشمن قوتوں کو واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی ملک کے امن سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل چیف وارڈن میاں محمد اکرام نے کہا کہ سول ڈیفنس (Civil Defence) کا جنگ کے دوران ایک نہایت اہم اور عملی کردار ہوتا ہے، خاص طور پر شہری آبادی کو دشمن کے حملوں سے بچانے اور ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل دینے کے حوالے سے۔ ذیل میں چند اہم کردار درج کیے جا رہے ہیں جو سول ڈیفنس جنگ کے دوران ادا کرتا ہے شہریوں کی حفاظت فضائی حملوں یا میزائل حملوں کے دوران شہریوں کو محفوظ پناہ گاہوں تک پہنچانا، ایمرجنسی الارم سسٹم چلانا، اور لوگوں کو بروقت خبردار کرنا رضا کارانہ خدمات: سول ڈیفنس رضا کار جنگی حالات میں امدادی کام، زخمیوں کی ابتدائی طبی امداد، اور ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ آگ بجھانے اور حادثات کی روک تھام: بمباری یا دیگر حملوں کے بعد لگنے والی آگ پر قابو پانا، دھماکوں سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنا، اور مزید جانی نقصان سے بچانا۔ تربیتی پروگرامز: جنگی حالات میں شہریوں کو خود حفاظتی اقدامات سکھانے کے لیے سول ڈیفنس کی ٹیمیں تربیتی سیشنز منعقد کرتی ہیں۔ مواصلاتی نیٹ ورک کی مدد: جب روایتی مواصلاتی نظام متاثر ہو جائے تو سول ڈیفنس متبادل ذرائع سے فوج اور ایمرجنسی سروسز کے ساتھ رابطہ قائم رکھتے ہیں۔ انفارمیشن اور آگاہی مہمات: جنگی حالات میں عوام کو سچ اور جھوٹ میں فرق بتانا، افواہوں سے بچانا، اور قومی اتحاد برقرار رکھنا سول ڈیفنس کی اہم ذمہ داری ہے۔ ریلی کے اختتام پر ملکی سلامتی، ترقی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی اور سول ڈیفنس رضا کار میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

ملٹری کالج انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی میں کمپیوٹر ایپلیکیشنز کورس کی کامیاب تکمیل

خصوصی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے طالب علم محمد شہزاد طارق کو خاندان اور سینئر صحافی کی مبارکباد

جہلم (بیورو رپورٹ) ملٹری کالج انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی (MCIIT) میں سرٹیفکیٹ ان کمپیوٹر ایپلیکیشنز (CCA) کورس بیچ 58 کا کامیاب اختتام ہو گیا۔ یہ کورس یکم جنوری 2025 سے 29 مارچ 2025 تک جاری رہا، جس میں طلباء کو جدید کمپیوٹر مہارتوں کی تربیت فراہم کی گئی۔ اختتامی تقریب میں ادارے کے افسران، انسٹرکٹرز اور طلباء نے شرکت کی۔ اس موقع پر گروپ فوٹو بھی بنایا گیا جو اس یادگار لمحے کی خوبصورت عکاسی کرتا ہے۔ تقریب میں بریگیڈیئر عمران صدیق (کمانڈنٹ)، لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر اظہر اقبال، کرنل ڈاکٹر صبور احمد اور دیگر فیکلٹی ممبران نے طلباء کی محنت کو سراہا اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس کورس کا مقصد نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید تعلیم سے آراستہ کرنا تھا تاکہ وہ پیشہ ورانہ دنیا میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ کورس کے دوران نمایاں کارکردگی دکھانے والے طالب علم محمد شہزاد طارق کالا دیو جہلم، جو کہ زکوٰۃ کمیٹی کے سابق چیئرمین چوہدری محمد صدیق مرحوم کے پوتے ہیں، نے خصوصی سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ ان کی اس شاندار کامیابی پر ان کے اہل خانہ نے خوشی کا اظہار کیا جبکہ سینئر رپورٹر ہم نیوز، راجہ عثمان علی نے بھی محمد شہزاد کو دلی مبارکباد اور نیک تمناؤں سے نوازا۔ یہ کامیابی نہ صرف طالب علم بلکہ ان کے خاندان اور علاقے کے لیے بھی فخر کا باعث ہے۔

جنرل سید عاصم منیر نے بھارت کو شکست فاش دی ہے: طاہر مجید کپور

بھارت کو منہ توڑ شکست دینے اور پاک فوج کی عظیم الشان فتح پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ محمد ابراہیم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا جواب بھارت کے اندر گھس کر دن کی روشنی میں ایسا دیا ہے جس پر اقوام عالم ششدر رہ گئے ہیں۔ بھارت سرکار و زہریلے انڈین میڈیا کے مکرو فریب اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پچاس سے زائد ڈرون حملے ناکام بنانے کے بعد صبر و تحمل جواب دے گیا تو رات کے اندھیرے میں حملے کرنے والے دشمن کو بہادر افواج پاکستان نے فجر کی نماز کے بعد دن کے اجالے میں سورہ الفتح کی تلاوت کے بعد فتح میزائلوں سے دن کے اجالے میں دیا۔ پاک فضائیہ کے شاہینوں مادر وطن کے بیٹوں نے بھارت کے اندر گھس کر پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھنے والے متکبر بھارت کو عبرت کا نشان بنا دیا۔ ان باتوں کا اظہار چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور اور ڈپٹی چیف وارڈن محمد ابراہیم نے میٹ دی پریس میں کیا۔ افواج پاکستان، سول ڈیفنس سیالکوٹ و ملک اور قوم کو مبارکباد دیتے انہوں نے کہا کہ مسلح افواج پاکستان نے بلیسٹک میزائلوں اور پاکستان ایئر فورس کی ایئر سٹرائیکس نے محض تین گھنٹوں کے دوران انڈین ایئر بیسز، دفاعی شیلڈز، چندی گڑھ میں براہموس و دیگر میزائلوں کے ذخیرے سمیت انڈین جنگی جہازوں کو اڑنے سے قبل تباہ کر جنگ جیت کر دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو عسکری تنصیبات پر پاکستانی حملہ سے ہوئی تباہی میں کم از کم 10 ارب ڈالر کا عسکری نقصان اور اقوام عالم میں خزیمت کا سامنا کرنا پڑا ہے دوسری جانب بھارتی قوم اور سیاسی پارٹیوں نے گجرات کے قصائی وزیراعظم نریندر مودی کو انڈین میڈیا کیساتھ مکار قوم کو جھوٹ فریب دینے پر اور جنگ میں شکست تسلیم کرتے سیز فائر کیلئے امریکی صدر ٹرمپ کو منتیں کرنے پر استعفیٰ طلب کرنا شروع کر دیا ہے۔

جنگیں جذبوں سے جیتی جاتی ہیں: چیئرمین شاہین میڈیا پیر اسلم نوشاہی

افواج پاکستان نے دشمن بھارت کو گھر میں گھس کر مارا، قوم کو مبارکباد۔ خواجہ عامر جاوید

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شاہینوں نے دشمن کی سرزمین میں داخل ہو کر جو جلوے دکھائے آنے والی کئی نسلوں تک دہرائے جائیں گے۔ مکار دشمن بھارت نے خاموش تماشائیوں کا سہارا لیتے ہوئے رات کے اندھیروں میں وار کر کے اپنی مکاری اور بزدلی کا ثبوت دیا پاک فوج کی خاموشی اور امن پسندی کے مظاہرے سے دشمن کی جارحیت حد تجاوز کر گئی تھی لیکن ملکی سالمیت کی خاطر افواج پاکستان نے دشمن کو ناکو چنے چبانے کے لیے جب جنگ کا جھنڈا لہرا کر آسمانوں پر جلوہ دیکھایا تو دنیا نے دیکھا کہ پاکستانی شاہینوں نے سنت رسول ﷺ ادا کرتے ہوئے دشمن کی سرزمین میں گھس کر پل بھر میں دشمن کے ناپاک ارادوں کو ریت کے ذروں کی طرح ملیامیٹ کر دیا افواج پاکستان نے دنیا کو یہ ثابت کر دکھایا کہ جنگیں تیاروں سے نہیں بلکہ جذبوں سے جیتی جاتی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیئرمین شاہین میڈیا پیر اسلم نوشاہی نے روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید کے ساتھ ملاقات کے دوران میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے سے چار گنا بڑی آبادی والے ملک کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ لا الہ الا اللہ کے نام پر بننے والا ملک پاکستان تاقیامت شاد و آباد رہے گا حالات جنگ میں جہاں قوم کے محافظ ملکی دفاع کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے تھے وہاں پر سول سوسائٹی کے لوگ بھی اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ دیکھائی دے رہے تھے ایسا جذبہ اور یہ شرف بھی قوم پاکستان کو ہی حاصل ہے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے ذاتی مفادات کے لیے امن پسند ملک میں جارحیت دیکھا کر جنگ پر اکسایا جس کا انجام نہ صرف بھارت نے دیکھا بلکہ پس پردہ منافقین بھی یہ بات سر تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے کہ اسلام کے مجاہدوں کے سامنے مشرکین چیونٹی کی طرح ہیں جسے نا صرف تیاروں سے بلکہ اسلامی جذبے سے ہی مسلا جا سکتا ہے۔

ظلم کے خلاف ہمیشہ آواز بلند ہوتی رہے گی: صحافی راہنماؤں کی پریس کانفرنس

یزید وقت کے سامنے ڈٹ جانا ہی اصل جہاد ہے پیکا ایکٹ سے ملک بھر کے صحافیوں کی آواز کو ہرگز دبایا نہیں جا سکتا

عارف والا (امیر احمد خان سے) ظلم کے خلاف ہمیشہ آواز بلند ہوتی رہے گی یزید وقت کے سامنے ڈٹ جانا ہی اصل جہاد ہے پیکا ایکٹ سے ملک بھر کے صحافیوں کی آواز کو ہرگز دبایا نہیں جا سکتا ظلم اور جبر کے خلاف ہمیشہ بغاوت کرتے رہیں گے صحافی راہنماؤں کی پریس کلب عارف والا میں پیکا ایکٹ کے خلاف پریس کانفرنس ہر دور میں سچ کو دبانے کے لیے کوششیں ہوتی رہیں مگر ہم نہ پہلے گھبرائے اور نہ اب گھبرانے والے ہیں ادارے صحافتی برادری سے اپنی ذاتی رنجشیں نکلوانے کے لیے صحافیوں کے خلاف پیکا ایکٹ جیسے قانون کا سہارا لے کر ان پہ مقدمات درج کروا رہے ہیں جنہیں کسی صورت بھی قبول نہیں کیا جائے گا۔ اعلامیہ صحافی برادری نے ہمیشہ حق اور سچ کی آواز کو بلند کرتے ہوئے معاشرے میں جنم لینے والی برائیوں اور جرائم کے خلاف آواز اٹھائی شہر اور گردونواح میں ترقیاتی کام اور اداروں کے کام میں غفلت کی آواز اٹھانے کی سزائیں صحافی برادری کو مقدمات کی صورت میں دی جا رہی ہیں۔ اعلامیہ وطن عزیز میں انصاف ناپید ہو چکا ہے صحافی برادری پہ چھوٹی چھوٹی باتوں پہ پیکا ایکٹ لگانا کہاں کا انصاف ہے ادارے اپنی رنجشیں نکالیں اور مقدمات درج کرنے کے بعد ان کے ٹرائل 300 کلو میٹر دور لاہور کی عدالتوں میں چلائے جا رہے ہیں جبکہ اس سے بڑی دفعات کے مقدمات ہر ضلع کی اپنی اپنی عدالتوں میں چلتے ہیں۔ صحافی راہنماؤں کی پریس کانفرنس چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ پیکا ایکٹ جیسے قانون کو ختم کیا جائے یا پھر اس قانون کا کوئی ضابطہ اخلاق بنایا جائے ہر بات پہ صحافی برادری پہ پیکا ایکٹ لگانا اور سچ کی آواز کو دبانا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔

مصطفی آباد: گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد کے طلبہ کا افواج پاکستان کو خراج تحسین

پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے، ریلی میں طلبہ واساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد کے طلبہ کا افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی کا اہتمام، سجدہ شکر ادا کیا، پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے، ریلی میں طلبہ واساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ہائی سکول نمبر ایک مصطفی آباد کے طلبہ کی طرف سے انڈیا کو منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی کا اہتمام، ریلی گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد تا لاری اڈا مصطفی آباد تک نکالی گئی، طلبہ نے سجدہ شکر ادا کیا، طلبہ کی بڑی تعداد افواج پاکستان زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے، طلبہ کا جوش وخروش قابل دید تھا طلبہ کی بڑی تعداد نے افواج پاکستان میں جانے کا اعلان کر دیا، ریلی کی قیادت پرنسپل ظفر محمود نے کی، اس موقع پر پرنسپل ظفر محمود، رحمت علی قاسم، علامہ علی مرتضی چشتی، مہر خادم حسین، عبدالقیوم ناصر، محمد مرتضی ڈوگر، محمد طیب طاہر، اقبال حسین چشتی، یونس معصومی، محمد عمران، فیصل انعام اللہ، عمر عثمان سمیت دیگر جملہ اساتذہ نے بڑی تعداد نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مشن بنیان مرصوص قرآن پاک کی آیت، حملے کا وقت سنت رسول ﷺ کے مطابق نماز فجر کا تھا، انڈیا کو منہ توڑ جواب دیکر افواج پاکستان نے حق ادا کر دیا ہے، اب دشمن پر یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ پاکستان ایک کمزور ملک نہیں ہے، ان حملوں کے ذریعے افواج پاکستان نے دنیا کی ٹیکنالوجی کو شکست دی ہے، افواج پاکستان ہمارا فخر تھا فخر ہے اور فخر رہے گا۔

آپریشن بنیان مرصوص افواج پاکستان سے اظہار تشکر کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آپریشن بنیان مرصوص افواج پاکستان سے اظہار تشکر کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کے زیر اہتمام گذشتہ شب تینوں مسلح افواج کی مشترکہ پریس بریفنگ ایس ایم ڈی/بڑی سکرین پر دکھائی گئی۔ شہریوں کو پریس بریفنگ دکھانے کیلئے ڈپٹی کمشنر آفس کے باہر انتظام کیا گیا تھا۔ افواج پاکستان کی پریس بریفنگ سننے اور افواج پاکستان کا شکریہ ادا کرنے بڑی تعداد میں شہری ڈی سی آفس کے باہر جمع ہوئے اور شہریوں نے بھنگڑے ڈالے اور افواج پاکستان کو دل کھول کر داد دی۔ مسلح افواج کی پریس بریفنگ کے فوراً بعد آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا۔

چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات انتظامیہ نے چپ سادھ لی

نارنگ شہر کی مرکزی شاہراہوں بازاروں میں تجاوزات جوں کی توں مرکزی شاہراؤں اور بازاروں سے گزرنا مشکل

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات انتظامیہ نے چپ سادھ لی نارنگ شہر کی مرکزی شاہراہوں بازاروں میں تجاوزات جوں کی توں مرکزی شاہراؤں اور بازاروں سے گزرنا مشکل بے ہنگم ٹریفک بازاروں میں قبضہ مافیا اہم شاہرائیں سکڑ گئیں شہری پریشان تفصیل کے مطابق پنجاب حکومت کے احکامات پر مقامی انتظامیہ نے چند روز تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا مگر کوئی موثر مستقل حکمت عملی نہیں اپنائی گئی چند روزہ شور شرابے فوٹو سیشن کے بعد پھر وہی صورتحال قائم کر دی گئی ہے اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اگر تجاوزات ختم نہیں کروانی تھیں تو ڈرامہ کیوں رچایا گیا آج بھی تھانہ روڈ حیدری چوک یونس روڈ خرم گلفام پارک روڈ اور مقامی بازاروں سے گزرنا مشکل ہے اگر واقعی انتظامیہ سنجیدہ ہے تو تجاوزات کا حقیقی معنوں میں خاتمہ کیا جائے فوٹو سیشن کر کے اعلی افسران کو سب اچھا کی رپورٹ کا وطیرہ اب بند ہونا چاہیے۔

بڑی کامیابی پر پاک فوج کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے: چوہدری مظہر ستار

تقریب میں ایم پی اے رانا بابر حسین، اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق، ڈی ایس پی محمد سلیم، سماجی رہنما حاجی عبدالستار سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بڑی کامیابی، پاک فوج کو خراج تحسین پیش۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری مظہر ستار کی میزبانی میں ایک نجی ہوٹل میں پاک فوج کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لئے ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور کہا کہ پاک فوج کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، تقریب میں ایم پی اے رانا بابر حسین، اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق، ڈی ایس پی محمد سلیم، سماجی رہنما حاجی عبدالستار سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی، شرکاء نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور حالیہ کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کیک کاٹا اور ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں کیں، شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پوری قوم اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

پاکستان کی افواج نے بھرپور جواب دیا ہندوستان کو عبرت ناک شکست ہوئی

پاکستان آرمی نے دنیا کو بتایا کہ ہم پروفیشنل ہیں پاک آرمی کا پروفیشنل ازم جنگ کی جیت کا سبب بنا: راجہ پرویز اشرف

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان کی افواج نے بھرپور جواب دیا ہندوستان کو عبرت ناک شکست ہوئی، پاکستان آرمی نے دنیا کو بتایا کہ ہم پروفیشنل ہیں پاک آرمی کا پروفیشنل ازم جنگ کی جیت کا سبب بنا، بھارت نے جنگ بندی کے باوجود اگر حملہ کی جسارت کی تو ناکام و نامراد ہوگا، ہماری افواج جاگ رہی ہیں جو دشمن کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف اور مرکزی راہنما پاکستان پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے نائب صدر پنجاب اعجاز احمد سماں کے ڈیرہ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امتیاز صفدر وڑائچ، ایم این اے وصدر خواتین ونگ پنجاب ثمینہ گھرکی، ندیم افضل چن، سید حسن مرتضیٰ، ڈویژنل جنرل سیکرٹری ملک طاہر اعوان، نائب صدر پنجاب، نائب صدر پنجاب چوہدری اختر کلاں، صدر چنیوٹ عنایت شاہ، صدام انور چیمہ ایڈووکیٹ، سجاول احمد سماں نعیم گوندل، چوہدری محمد طارق و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں محمد مشتاق گجر، ذوالفقار زبیر میر، قاضی شہزاد احمد، ملک زاہد سمیت کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسی جوش و جذبہ سے اتحاد سے ہم اپنی اکانومی کو اوپر لے جائیں گے، ہم نے اتحاد واتفاق اور اسی جذبہ سے ملک کے قرضے بھی اتارنے ہیں اور ملک کو ترقی یافتہ بھی بنانا ہے، قوم کے اتحاد واتفاق اور افواج کے ساتھ یکجہتی نے ثابت کیا ہم افواج پاکستان سے بھرپور محبت کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے پاکستان کو فتح یاب کیا پاکستانی افواج دنیا کی بہترین افواج ہیں، فتح کے یہ لمحات اللہ تعالیٰ کے ہاں شکر کے لمحات ہیں ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے، اتنے اٹیک کرنے کے باوجود بھارت ناکام رہا اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو فتح دی، سیاسی جماعتوں میں اختلافات نظریات کا ہوتا ہے۔

محکمہ انہار کے اوورسیئر کی کرپشن واختیارات کے ناجائز استعمال کے حوالے سے اعلیٰ حکام کو تحریری درخواست دیدی گئی

کیو بی لنک کینال بھکھی کا اوورسیئر بلال احمد عرصہ پانچ سے تعینات ہے۔ جو ایس ڈی او منیر احمد کی آشیرباد سے محکمہ کو مالی نقصان پہنچا رہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ انہار کے اوورسیئر کی کرپشن واختیارات کے ناجائز استعمال کے حوالے سے اعلیٰ حکام کو تحریری درخواست دیدی گئی جس میں شہری نے انکشاف کیا ہے کہ کیو بی لنک کینال بھکھی کا اوورسیئر بلال احمد عرصہ پانچ سے تعینات ہے جو ایس ڈی او منیر احمد کی آشیرباد سے محکمہ کو مالی نقصان پہنچا رہا ہے اس نے فیصل آباد روڈ لنک کنال بھکھی کے قریب آفس کی آڑ میں ریسٹ ہاؤس بنا رکھا ہے جس میں یہ اپنے دوست احباب کے ہمراہ غیر اخلاقی حرکات کرنا معمول بنائے ہوئے ہے اور دو بیلدار ذوالقرنین اور امانت اسکے نجی امور انجام دیتے ہیں جن کی سرکاری ریکارڈ میں فرضی حاضریاں لگائی جا رہی ہیں، بلال احمد نے قائد اعظم تھرمل پاور پلانٹ سے متصل سرکاری سائفل کے پانچ قیمتی آہنی گیٹ اتروا کر اپنے ریسٹ ہاؤس منتقل کئے جنہیں بعدازاں فروخت کر دیا گیا، اس نے گاؤں تھیڑیاں میں واقع دو کنال سرکاری اراضی پر لاکھوں روپے رشوت کے عوض فاروق وڑائچ نامی شخص کا قبضہ کروایا جسے وہ مال مویشیوں کی حویلی کے طور پر استعمال کر رہا ہے، ایس ڈی او منیر احمد اور اوورسیئر بلال احمد سرکاری اراضی سے مٹی چوری میں بھی ملوث ہیں انہیں فی ٹرالی 700 روپے حصہ مل رہا ہے جبکہ پانی کی بندش کے دنوں میں بھی یہ نہر سے ریت چوری کروانے کے عوض 1000 روپے فی ٹرالی حصہ وصول کرتے ہیں، ان کرپٹ افسران نے لاکھوں روپے کے عوض بھکھی پٹرولنگ پوسٹ کے قریب واقع 8 سے 10 مرلہ اراضی کو ہیلمور پاور ہاؤس کا قبضہ کروا کر چار دیواری کروائی، اسی طرح کیو بی لنک کینال بھکھی کے قریب واقع نمر کیمیکل ملز کی انتظامیہ سے بھاری رشوت لیکر انہیں ملز کا کیمیکل زدہ پانی نہر میں ڈالنے کی اجازت دے رکھی ہے، اعلیٰ حکام ایس ڈی او منیر احمد اور اوورسیئر بلال احمد کی کرپشن کا فوری نوٹس لیں اور زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت انکا کڑا محاسبہ یقینی بنانے سمیت انکی جگہ فرض شناس وایماندار افسران کی تعیناتی عمل میں لائیں، تاہم ایس ڈی او منیر احمد اور اوورسیئر بلال احمد نے مذکورہ الزامات کی تصدیق نہ کی ہے۔

فاتح، بنیانِ مرصوص پاک فوج کو سلام: پاکستان جاگ رہا ہے

پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن پنجاب کے زیرِ اہتمام لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

Pakistan
Journalist Association
PJA

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ سے) اجلاس میں شرکاء نے پاک فوج کی جرات مندانہ حکمتِ عملی اور دشمن کے خلاف بروقت و مؤثر جوابی کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے وطن عزیز کی سلامتی کی ضمانت قرار دیا۔ پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج قوم کا قابل فخر سرمایہ ہے، جس کی قربانیوں کو ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اجلاس میں شرکت کرنے والوں میں معراج حسن جنرل سیکرٹری پنجاب عبدالغنی خان ایڈیشنل جنرل سیکرٹری پنجاب امین نقشبندی جوائنٹ سیکرٹری پنجاب نعیم چوہدری ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری پنجاب سہیل کوثر چیف ارگنائزر لاہور سلطان حسن بٹ سینیئر نائب صدر لاہور ملک صغیر نائب صدر لیاقت جٹ نائب صدر لاہور ملک معظم نائب صدر لاہور محبوب حسن انصاری نائب صدر لاہور ایم بی ہاشمی کوارڈینیٹر پنجاب شہزاد اسلم راجہ جنرل سیکرٹری لاہور ڈویژن عارف انجم انفارمیشن سیکرٹری لاہور نبیلہ کوثر کوارڈینیٹر لاہور ملک عمران ایگزیکٹو ممبر نعیم رمضان ایگزیکٹو ممبر خرم شہزاد ایگزیکٹو ممبر راحیل قریشی اظہر جاوید بھٹی نعیم رمضان علی نقشبندی خرم شہزاد ایگزیکٹو ممبر و دیگر ممبران نے شرکت کی۔

المصطفیٰ انٹرنیشنل کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں عظیم الشان مظاہرے کا انعقاد

مظاہرے میں طلبہ نے سبز ہلالی پرچم لہرا کر پاک فوج کے ساتھ یکجہتی اور وطن عزیز کے ساتھ اپنی لازوال محبتوں کا اظہار کیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بھارتی جارحیت کا منہ توڑ اور دندان شکن جواب دینے کی خوشی میں اور آپریشن بُنیَان مُرصُوص کی تائید میں پاک فوج کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے طور پر ادارہ المصطفیٰ انٹرنیشنل کے زیر اہتمام مرکز مصطفیٰ نزد پنڈی بائی پاس لوہیانوالہ میں عالمی مبلغ اسلام پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی کی زیر قیادت عظیم الشان مظاہرے کا اہتمام کیا گیا۔ مظاہرے میں طلبہ نے سبز ہلالی پرچم لہرا کر پاک فوج کے ساتھ یکجہتی اور وطن عزیز کے ساتھ اپنی لازوال محبتوں کا اظہار کیا۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی نے کہا کہ قوم کو بہادر ماؤں کے شیر دل بیٹوں پر فخر ہے۔ پاکستان حضور کی نگاہوں کا فیضان ہے اور یہ صوفیا کی سرزمین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت ملک بھر میں خوشی کی لہر ہے۔ مظاہرے کے دوران مرکز مصطفےٰ کا نورانی صحن تکبیر ورسالت اور اسلام زندہ باد، پاکستان و پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونجتا رہا۔ بعدازاں ارضِ وطن کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

پاکستانی افواج کی تاریخی فتح پر متحدہ علماء فورم دیوبند مدارس علماء وطلباء ریلی

پاکستانی افواج کے آپریشن بنیان مرصوص نے گائے کے پجاریوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا پاک فوج وفا، حوصلے اور قربانی کی عظیم مثال ہے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) پاکستانی افواج کی تاریخی فتح پر متحدہ علماء فورم دیوبند مدارس علماء وطلباء ریلی۔ پاکستانی افواج کے آپریشن بنیان مرصوص نے گائے کے پجاریوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا پاک فوج وفا، حوصلے اور قربانی کی عظیم مثال ہے مدارس دینیہ کے علماء وطلباء متحد، بیدار، ذمہ دار اور افواج پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں مسلح افواج پر تنقید کرنے والوں کو بھی یہ پیغام ہے کہ وہ اپنے سے دس گنا بڑے بھارت کو گھٹنی کا ناچ نچانے کی صلاحیت رکھتی ہے پاک فضائیہ نے انڈیا کیساتھ ساتھ پوری دنیا کو سرپرائز دیا کہ اپنے وطن کا بھرپور دفاع ہر لحظہ کر سکتی ہے ان خیالات کا اظہار مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض الجنہ سے نکلنے والی ”پاک فوج زندہ باد“ ریلی سے حسن المدارس الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی، قاری سلطان احمد ضیاء، صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی، مولانا محمد اعظم، مولانا محمد عبداللہ، مولانا ضیاء القاسمی حافظ عمر بن عبدالعزیز و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ پاکستانی افواج کی بہترین حکمت عملی کی بدولت دنیا فضائیہ کو آسمانوں کا بے تاج بادشاہ اور پاک آرمی کو دنیا کی بہترین فوج قرار دے رہی ہے جنگی اصولوں کے مطابق پاکستان نے انڈیا کے ایئر بیسز اور چوکیوں کو نشانہ بنایا ہے جبکہ جنگی جنون میں مبتلا بھارتی درندوں نے رات کی تاریکی میں مساجد اور معصوم بچوں، نہتے شہریوں، عورتوں پر حملہ کر کے اپنی سفاکیت کو پوری دنیا کے سامنے رکھ دیا ریلی جامعہ ریاض الجنہ سے شروع ہو کر غلہ منڈی روڈ اور مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی مدینہ چوک پر اختتام پذیر ہوئی ریلی میں پیر قاری یسین، قاری محمد یوسف، قاری محمد احمد رحیمی، قاری ابوبکر، قاری ریاض اللہ، مفتی گلزار احمد، قاری محمد اکرم، قاری حاتم علی، قاری محمد یونس، مولانا دحیہ، قاری رمضان، قاری محمد امین برقاری منیر احمد، مولانا خالد رشید سمیت علماء وطلباء کی سینکڑوں کی تعداد موجود تھی ریلی کے اختتام تک ملکی سلامتی واستحکام، پاکستانی افواج کی ثابت قدمی، پاک بھارت جنگ کے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کروائی گئی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جنگ بندی

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کردیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرالی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے موردالزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کرلیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔ حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہوگئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کرلیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔ 7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔ البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔

تاکہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کرسکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دو روز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جارہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہوگا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نورخان ائربیس سمیت تین اڈوں پر حملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کردیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔ اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی اور اس کا کریڈٹ بھی لیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو رات کے دوران دونوں ملکوں کے لیڈروں سے رابطے میں رہے تھے۔

ماؤں کا عالمی دن

یہ چلتی پھرتی دُعاؤں کا عالمی دن ہے
دعائیں لیجے کہ ماؤں کا عالمی دن ہے
جو روز صبح مُصلّے سے ہو کے آتی ہیں
اُنہی خموش صداؤں کا عالمی دن ہے
تمام رنگ ہیں جن سے ہماری ہستی کے
اُنہی سفید رِداؤں کا عالمی دن ہے
بھڑکتے وقت کے شعلوں میں ریشمی ٹھنڈک
کڑکتی دھوپ میں چھاؤں کا عالمی دن ہے
تمام عُمر چمکتا ہے ممتا کا چراغ
کہاں بس آج ہی ماؤں کا عالمی دن ہے؟

ماں کا ہر دن ہی عالمی دن ہوتا ہے۔ عالمی دن پر بھی اس کی محبت اور انسیت میں وہی جوش ہوتا ہے جو عام دنوں میں نظر آتا ہے اور عام دنوں والی محبت، انس، چاہت اور ممتا عالمی دن کے موقع پر بھی عام دنوں سے بھرپور یکسانیت رکھتی ہے۔ اس لیے ماں کی ممتا کی نسبت سے ہر دن ہی ماں کا عالمی دن ہے۔

میری ماں میری جنت ہے۔ میری ماں میرا سب کچھ ہے، میرا آج میرا کل سب میری ماں ہی سے منسوب ہے۔ میری ماں وہ واحد خاتون ہیں جو گھنٹوں بیٹھ کر میرا انتظار کرتی ہیں۔ میرا ذرہ سا دیر سے گھر لوٹنا بس اسی کو پریشان رکھتا ہے۔ اگر مجھے گھر واپسی لوٹنے میں دیر ہو جائے تو وہ واحد خاتون ہیں جو مجھ ساٹھ منٹ میں ساٹھ مرتبہ فون کرتی ہیں اور انہوں نے آج تک مجھے نہیں ڈانٹا کہ تم نے پہلی بار میں ہی میرے فون کا جواب کیوں نہیں دیا۔ میں اگر اک بار کسی کام یا غفلت میں فون کا جواب نہ دے پاؤں تو وہ بنا کسی احسان جتائے مجھے مسلسل فون کرتی رہتی ہیں۔ وہ ماں ہے اور وہ میری ماں ہے، وہ تب تک سکون سے نہیں بیٹھتیں جب تک وہ ہم سب بہن بھائیوں کو گھر پر بحفاظت سکون سے نہ دیکھ لے۔ دنیا کا سب سے خوبصورت رشتہ ماں اور اولاد کا ہوتا ہے۔ محبت، ماں کے لمس جیسی ہے

وہ دنیا میں آیا اور مجھے اس سے محبت ہو گئی، یہ محبت کسی دلیل، کسی وعدے، کسی توقع کی محتاج نہ تھی، یہ محبت راتوں کو جاگنے لگی، خاموشی سے، تھپکیاں دیتی، دعائیں پڑھتی، اور نیند کی دہلیز پر بیٹھے ایک ننھے وجود کی سانسیں گنتی رہی، کبھی گھنٹوں ہاتھ کو حرکت نہ دی، کہ کہیں وہ چونک نہ جائے، کبھی بھوک کو نظرانداز کیا، کہ جب تک وہ نہ کھالے، میرا نوالہ حلال ہی نہ لگے۔ یہ محبت کتابوں کی کہانی نہیں، نہ ہی کسی غزل کا موضوع، یہ محبت تو اپنا آپ بھول جانے کا نام ہے، یہ دعا بن کر ہونٹوں پر آتی ہے، کبھی وظائف کی صورت، کبھی امتحان میں کامیابی کی فریاد، کبھی سفر کی

پس منظر
آمنہ امین، ڈھولن
aminaameen005@gmail.com

روانگی میں حفاظت کی التجا، یہ محبت ماں کی محبت ہے۔ ہاں! اگر اس زمین پر کوئی جذبہ آسمان سے اُترا ہے، تو وہ ہے ماں کی بیلوث، بیصدا، اور بےمثال محبت۔

دِید کوا کھیاں ترسن لاگیں مَن ماں ترا خیال
ایک جھلک جو پاگل کردے ایسا تیرا جمال
تیری پریت لگی ہے مَن ماں ایسی میرے یار
بھاوے ہے بس تیرا مکھڑا جس پر میں دیال
تیرے بن سُونا ہے میرا سارا یہ سنسار
سارے جگ ماں ملتی نا ہی تیری کوئی مثال
میرے دل کو بھاوے ہے تُو پریتم میرے یار
میرے مَن کی آشا تُو ہے یہی ہے ترا کمال
جوگن بن کے دَر دَر ماری پھرتی ہوں دِن رَین
بکھا بن کے تیرے دَر پر ڈالوں روز دھمال

ماں کی ایک دُعا کو میں نے خود دیکھا جو تاریکی میں تارے میں تبدیل ہوئی، ماں وہ دوا ہے جس کو فقط دیکھنے سے ہی سکون میسر ہو جاتا ہے۔ تخیل سارے جھوٹے ہیں محبت صرف اور صرف ماں کا بوسہ ہے۔

کبھی بھی بات نہیں بن سکے گی نفرت سے
بنے گی بات فقط باہمی محبت سے
جو داغ آپ نے مجھ پر لگایا تہمت سے
وہ صاف ہوگا کہاں آپ کی ندامت سے
وہی اچھالتے ہیں آپ ہی کی پگڑی کو
جو منہ پہ بات کیا کرتے ہیں شرافت سے
زمانے بھر کو یہ مت کہہ کہ بے وفا ہوں میں
تجھے میں چھوڑ گیا تھا تری اجازت سے
یہ تیری خام خیالی نہیں تو پھر کیا ہے؟
میں تیری آس پہ بیٹھا ہوا ہوں مدت سے؟
مجھے بھی اپنی شرافت کو چھوڑنا ہوگا
یہ دنیا جینے نہیں دے رہی شرافت سے
کبھی بھی اہل سخن مٹ نہیں سکے لوگو!
مجھے مٹانے کی کوشش نہ کرنا طاقت سے
خدا کرے کہ سدا ماں کا سایہ ہو مجھ پر
دعائیں ماں کی بچا لیتی ہیں مصیبت سے

آیئے اس ماؤں کے عالمی دن پر دنیا بھر کی ماؤں کو ان کی قربانیوں پر خراج تحسین پیش کریں جو اپنے بچوں کی زندگی بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتی ہیں۔ آج کا دن ان سب دکھی ممتاؤں کے نام

رات میں جن کے بچے بلکتے ہیں اور
نیند کی مار کھائے ہوئے بازوؤں سے
سنبھلتے نہیں، دُکھ بتاتے نہیں، منتوں زاریوں سے بہلتے نہیں،
ان ماؤں کے نام
جنہوں نے ہم سے عذابوں کو
نہ صرف جنم دیا بلکہ جھیلا
اور اپنا آخری حقیقی پیار کا
درجہ دیا اور ہمارے ناز اٹھائے۔
ان بہنوں کے نام
جنہوں نے ہمیں ماں کی طرح چاہا
بچوں کی طرح پالا، دیکھ بال کی۔
ان بیٹیوں کے نام
جو ہماری ہنسی کا ذریعہ بنیں
اور گھر کے سناٹوں کو
اپنے قہقہوں سے مات دی
اندھیروں کو اپنے نور سے مٹادیا
ان حسیناؤں کے نام
جن کی آنکھوں کے گل
چلمنوں اور دریچوں کی بیلوں پہ بیکار کھل کھل
کے مرجھا گئے ہیں
ان بیاہتاؤں کے نام
جن کے بدن بے محبت ریا کار سیجوں پہ سج سج کے اکتا گئے ہیں
ان انقلابی ساتھیوں کے نام
جنہوں نے ہمارے روحوں کو
مزاحمت پر ابھارا
اختلاف کے باوجود
ہمارے نظریوں کو ہمارا حق سمجھا
ہمارا ہر ممکن حد تک ساتھ نبھایا
اپنی بالیاں اور کنگن بیچ کر ہمیں
کتابوں کے تحائف بھیجے۔
اور ہر لمحے ہماری ڈھارس بندھائی
اور ہمارے مزاحمتی گیتوں کو
اپنی آواز کی نغمگی عطا کی۔

پس منظر: آمنہ امین

پاکستان عیاں بھارت پنہاں

تحریر: عبدالباسط علوی

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات جدید جغرافیائی سیاست کے سب سے پیچیدہ اور متنازعہ تنازعات میں سے ایک ہیں۔ کئی سالوں سے جوہری ہتھیاروں سے لیس دونوں ممالک متعدد جنگوں، سرحدی تنازعات اور سیاسی محاذ آرائیوں میں ملوث رہے ہیں جہاں جموں وکشمیر تنازعہ کا ایک اہم نقطہ ہے۔ اگرچہ دونوں ممالک اپنا بیانیہ رکھتے ہیں لیکن معلومات کو پیش کرنے یا دبانے کے لیے وہ جو طریقے استعمال کرتے ہیں وہ نمایاں طور پر مختلف ہیں۔ پاکستان کو اکثر شواہد ظاہر کرنے، معلومات فراہم کرنے اور بین الاقوامی میڈیا کے ساتھ مشغول ہونے کے لیے زیادہ رضامند دیکھا جاتا ہے، جبکہ ہندوستان پر اکثر انسانی حقوق، کشمیر اور فوجی کارروائیوں جیسے حساس موضوعات میں بیانیے کو کنٹرول کرنے، رسائی کو محدود کرنے اور اہم معلومات چھپانے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ پاکستان نے بین الاقوامی میڈیا اور تیسرے فریق کے مبصرین کا خیر مقدم کرنے کی مسلسل کوششیں کی ہیں، خاص طور پر ہندوستان کے ساتھ شدید تنازعات کے دور میں۔ چاہے سرحدی تصادم کے نتیجے میں ہو یا ہندوستان کی طرف سے متوقع حملے کے بعد، پاکستانی حکام نے اکثر صحافیوں، سفارت کاروں اور بین الاقوامی تنظیموں کو ان مقامات کا دورہ کرنے، شواہد کی جانچ پڑتال کرنے اور آزادانہ جائزے فراہم کرنے کے لیے مدعو کیا ہے۔ یہ ہندوستان کے طریقوں سے متصادم ہے، جہاں اکثر معلومات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔ پاکستان کی شفافیت کی ایک قابل ذکر مثال 2019 میں بالاکوٹ کے فضائی حملے کے بعد سامنے آئی۔ بھارت نے پاکستان میں جیش محمد کے تربیتی کیمپ پر کامیابی سے حملہ کرنے کا دعویٰ کیا اور کہا کہ بھارتی نیم فوجی دستوں کے 40 ارکان کو ہلاک کرنے والے پلوامہ حملے کے جواب میں کئی دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ تاہم، پاکستانی حکام فوری

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

طور پر غیر ملکی صحافیوں کو ہوائی حملے کی مبینہ جگہ پر لے گئے جنہوں نے رپورٹ کیا کہ حملے کا کوئی نمایاں نقصان نہیں ہوا اور وہاں دہشت گردوں کی موجودگی کے آثار نہیں ملے۔ پاکستان نے فوٹوز، ویڈیوز اور سیٹلائٹ شواہد پیش کیے جو کسی بھی نقصان کی عدم موجودگی کو ظاہر کرتے ہیں، ہندوستان کے بیانیے کو کمزور کرتے ہیں اور ہندوستانی حکومت کے دعووں کا جواب فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح 2025 میں پہلگام پر حملے کے بعد، جسے ہندوستان نے فوری طور پر پاکستان میں مقیم عسکریت پسندوں سے منسوب کیا، حکومت پاکستان نے متعدد اعلامیے جاری کیے جن میں اس میں ملوث ہونے کی تردید کی گئی اور بین الاقوامی اداروں سے آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔ پاکستانی حکام نے غیر ملکی صحافیوں اور سفارت کاروں کو علاقے کا دورہ کرنے کی دعوت دی اور انہیں سلامتی کی صورتحال اور حملے پر فوج کی پوزیشن کا براہ راست جائزہ پیش کیا۔ قومی اور بین الاقوامی میڈیا کے صحافیوں نے مظفر آباد کے ان مقامات کا دورہ کیا، جن کو ہندوستانی میڈیا نے دہشت گرد کیمپوں کے طور پر منسوب کیا تھا۔ دورے کے دوران صحافیوں کو کیمپوں کے ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ملا اور انہوں نے ہندوستان کے بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کر دیا۔ شفافیت کے اس معیار کو پاکستان کی طرف سے بین الاقوامی تحقیقات میں تعاون کے لیے اپنے عزم کو ظاہر کرنے اور ایک ذمہ دار عالمی اداکار کے طور پر اپنی شبیہہ کو بہتر بنانے کی کوشش سمجھا جاتا ہے، خاص طور پر ہندوستان کے الزامات کے پیش نظر کہ پاکستان دہشت گردی کی حمایت کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، پاکستان مسلسل اقوام متحدہ اور ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی) آئی سی آر سی (جیسے بین الاقوامی اداروں کے ذریعے آزادانہ تحقیقات کی وکالت کرتا ہے۔ ایسے معاملات سے نمٹنے میں شفافیت کا یہ مستقل جذبہ پاکستان کی طرف سے اپنے بین الاقوامی امیج کو تشکیل دینے کے لیے سنجیدہ ہونے کی عکاسی کرتا ہے۔

واضح طور پر اس کے برعکس، ہندوستان اختلاف رائے کو دبا رہا ہے، میڈیا کو کنٹرول کر رہا ہے اور تنازعات والے علاقوں تک رسائی کو محدود کر رہا ہے، خاص طور پر کشمیر میں، جہاں کشمیری باشندوں کے خلاف اس کی فوجی کارروائیوں کی اکثر جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ میڈیا پر ہندوستانی حکومت کا کنٹرول ان واقعات کے بعد زیادہ واضح ہوتا ہے جو اس کی شبیہہ کو خراب کر سکتے ہیں یا انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ مواصلاتی نیٹ ورک کی بندش، انٹرنیٹ تک رسائی میں رکاوٹ اور حکومت پر تنقید کرنے والے صحافیوں کی گرفتاریوں سمیت سنسرشپ کے وسیع استعمال نے بین الاقوامی توجہ مبذول کرائی ہے۔ ہندوستان کے میڈیا پر قابو پانے کی ایک واضح مثال مقبوضہ کشمیر کی اصل صورتحال ہے۔

اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد سے، جس نے کشمیر کو اس کی خصوصی حیثیت سے محروم کر دیا تھا، ہندوستانی حکومت نے خطے میں میڈیا کو مکمل طور پر بند کر دیا ہے۔ صحافیوں کو حراست میں لیا گیا ہے اور حقائق سامنے لانے والوں کو اکثر دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ دریں اثنا، بڑے پیمانے پر مظاہروں، شہری ہلاکتوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے باوجود، قومی میڈیا کے ذریعے پھیلنے والے حکومت کے سرکاری بیانیے میں نارمل حالات اور علاقے میں ترقی ہونے کی جھوٹی تصویر پیش کی گئی۔

پاک بھارت جنگ

تحریر: تنظیم احمد) اینالسٹ(

سب سے پہلے قارین کرام سے گزارش ہے - پاک بھارت جنگ معرکہ پاک و ہند جو کہ 7 مئی سے 10 مئی تک جاری رہا- اس جنگ میں فائدہ کس کو ہوا اور نقصان کس کا ہوا یہ، بہت اہم اور سوچنے سمجھنے والی بات ہے- جس کو سمجھنے کی ضرورت ہے - عالمی افق پر نظر دوڑائی جائے تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ جنگ و جدل ملکوں کے مابین تباہی و بربادی لاتی ہے- اور ترقی کو ختم کر دیتی ہے - بھوک افلاس اموات پھیل جاتی ہیں - اسپتال مریضوں سے بھر جاتے ہیں - حال ہی میں پہلگام واقعہ رونما ہوا - اس واقعے میں جو نہتے لوگ مارے گئے، ہمیں ان سے پوری طرح ہمدردی ہے - مگر اسے کسی بھی مذہب کے ساتھ جوڑنا غلط ہے - میں نے اس جنگ کو جس طرح دیکھا ہے - اس جنگ سے فائدہ کس کو ہوا نقصان کس کا - میں یہ جائزہ قارعین کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں - اگر دیکھا جائے تو 26 لوگوں کی پہلگام حملے میں اموات کا ہو جانا ایک فالز فلیگ آپریشن تھا - یا پھر منظم دہشت گردی تھی - جو کہ معلوم ہوتی ہے اور حقائق بھی یہ ہی کہتے ہیں - مگر انسانیت کے ناطے ہم ان کے دکھ درد میں شریک ہیں - پاکستانی قوم باشعور قوم ہے دیکھا جائے تو پچھلے 78 سالوں سے پاک بھارت کشیدگی کا محور بننے والا مسئلہ کشمیر اپنی جگہ پر قائم و دائم ہے - بھارت اپنے ناجائز تسلط کو قائم رکھنے کے لیے حریت پسندوں کی تحریک حریت کو دبانے کے لیے دہشت گردیاں کرتا رہتا ہے معلوم ہوتا ہے یہ واقع اس ہی سازش کا ہتھکنڈہ ہے - پاک بھارت کی کشیدگی کی وجہ بننے والا یہ مسئلہ پہاڑوں سے سمندر تک پھیلا ہوا ہے - اور اب آبی جارحیت کا رخ اختیار کر گیا ہے بھارت نے پاکستان کے دریاؤں کا پانی روک دیا ہے اور سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ معطل کرنے کی کوشش کی ہے جو کہ ظلم و بربریت کی انتہا ہے - جس پر اقوام متحدہ ورلڈ بینک کو نوٹس لینے کی ضرورت ہے - مسئلہ کشمیر جس کا منصفانہ حل نہ ہونے کی وجہ سے جوں کا توں ہے e- دنیا کی سپر پاور مغربی و ایشیائی ممالک بشمول ساری دنیا کے وہ ممالک جن کا اپنا مفاد اس خطے سے وابستہ ہے وہ اس مسئلے کی کشیدگی کی وجہ سے فوائد دونوں ملکوں سے حاصل کر رہے ہیں - دونوں ممالک کے مابین کشیدگی کے جواز کی وجہ سے اسلحہ بھی فروخت کر رہے ہیں - اور یہ ممالک خرید بھی رہے ہیں - کاش یہ خرچ ہونے والی رقم ڈیفنس کے بجائے تعلیم و تربیت و صحت ایگریکلچر اور عوام کی فلاح و بہبود کی بنیادی ضرورتوں پر صرف

ہوجاتی تو ان ممالک کی ترقی کی رفتار بہت زیادہ ہوجاتی - دونوں ممالک کی عوام میں پسماندگی کم ہو جاتی - مگر افسوس ایسا کچھ بھی نہیں ہو رہا - برعکس ان ممالک کو بہت زیادہ فائدہ ہے - جو انہیں اسلحہ فروخت کر رہے ہیں - اور ان مفاد کے لیے یہ مسئلہ کشمیر حل نہ ہونے کی وجہ بھی یہی ہے جو کہ بہت بڑا المیہ ہے جن ممالک کے کاروبار مسئلہ کشمیر کی وجہ سے چل رہے ہیں وہ کیوں کر چاہیں گے کہ یہ دیرینہ کشمیر کا مسئلہ حل ہو - یہ 7 سے 10 تاریخ تک کے واقعات میں سمجھنے سے قاصر ہوں- میرے ذہن میں بہت سارے سوالات اٹھتے ہیں جو کہ میں قاری نے کرام کی نظر اس کالم کی وساعت سے کرنا چاہتا ہوں - جو کہ درج ذیل ہیں- سوال نمبر () کیا مسئلہ کشمیر حل ہوا کیا اس جنگ کے نتیجے میں کشمیر ازاد ہو گیا ؟ سوال نمبر () کیا انڈیا نے سندھ طاس ماہدے سے پیچھے ہٹ کر دریاوں کا پانی کھول دیا؟ کیا ورلڈ بینک نے بھارت کے اثاثے منجمند کرے؟ سوال نمبر () کیا اس جنگ کے بعد مستقل بنیادوں پر امن قائم ہو جائے گا؟ سوال نمبر () اگر یہ مسئلہ کشمیر حل ہو جائے تو ان سپر پاور طاقتوں کا اور دیگر ممالک کا جن کے مفادات ہیں ان کا اسلحہ کون خریدے گا؟ اور یہ کیوں کر ایسا چاہیں گے؟ سوال نمبر () ہم پچھلی چار دہائیوں سے یہ مسئلہ دیکھ رہے ہیں تو کیا اگے کی بھی دہائیاں یہ مسئلہ جوں کا توں دیکھیں گی؟ سوال نمبر () کیا بھارت اسی طرح جارحیت پاکستان پر مسلط کرتا رہے گا؟ یہ الزام اسی طرح لگتے رہیں گے؟ سوال نمبر () کیا یہ مسئلہ کشمیر حل ہونے جا رہا ہے یا یہ اسی طرح رہے گا؟ سوال نمبر () عالمی بینک اس معاملے میں مداخلت کب کرے گا؟ سوال نمبر () مسئلہ کشمیر کی وجہ سے دیگر مسئلے ایجاد ہو رہے ہیں-

جیسے پہلگام واقعہ ایجاد کرا - الزام تراشیاں ہوتی رہیں گی دہشت گردی دونوں ممالک کیعوام کے ساتھ ہوتی رہے گی؟ یا نہیں یا یہ کبھی رکے گی بھی؟ سوال نمبر () اقوام متحدہ کیا اس معاملے میں خاموش تماشائی کا کردار ادا کرے گی؟ یا سلامتی کونسل کی قرار دادوں پر عملدرآمد ہوگا بھی کہ نہیں؟ سوال نمبر () کیا ترقی یافتہ ممالک سپر پاور ممالک کو بھارت کی دہشت گردی نظر نہ آنے کی وجہ مفادات ہیں؟ فرض کریں کہ اگر ایسا ہو بھی جائے مغربی و ایشیائی ممالک عالمی سپر طاقتیں عالمی دنیا اس مسئلے کو حل کرواتی ہے تو کیا یہ دونوں ممالک کو قبول ہوگا؟ اب میری اب میری تجزیہ نگاری یہ کہتی ہے کہ اب اسے ناقص سمجھ لیں یا کہ سائنٹیفک سمجھ لیں - ہونے والا کچھ بھی نہیں ہے ایسا کچھ بھی نہیں ہونے والا کہ ہم سمجھوتا کریں یا فائٹ کریں - مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے پڑوسی ملک کو سیاسی فائدہ حاصل ہوا ہے ہمارے پڑوسی ملک کے ہندوتوا منصوبےکو فوقیت ملی ہے اور وہ اس میں کافی حد تک کامیاب بھی ہوا ہے - مگر اس کی یہ کامیابی افواج پاکستان نے خاک میں ملادی ہے-

اگرچہ ہمارے ملک پاکستان نے اپنی دفاعی حکمت عملی کے تحت بھارت کو بھرپور جواب دیا ہے - کیونکہ ہمارے ملک کے کے ہاتھ صاف تھے - اس جنگ میں ہمارے ملک کے فوجیوں نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا- بھارت نے بزدلانہ کاروائیاں کیں مساجد پر حملے کیے مدارس پر حملے کیے شہریوں کو شہید کرا املاک کو نقصان پہنچایا - جب کہ بھارتی میڈیا مسلسل منفی ہتھکنڈوں پہ اتر ایا اور نفرت کی خبریں چلانے لگا - پاک بحریہ نے بھی سمندر میں جاریت کو ناکام بنایا - بری فوج نے بھی دفاع وطن کرا - وزیر دفاع نے بارہا کہا بھارت ہوش کے ناخن لے قومی سلامتی کونسل کے اجلاس میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر صاحب نے قومی دفاع میں آپریشن بنیان مرصوص شروع کر دیا- اس کے نتیجے میں پاک فضائیہ نے انڈیا میں جا کر جاسوسی اڈوں انڈین افوج کی دفائی تنصیبات کو ٹارگٹ کر کے تباہ کر دیا - جہاں سے پاکستان میں کاروائیاں لانچ کی جا رہی تھی - افواج پاکستان نے پاکستان کے عوام کا سر فخر سے بلند کر دیا - اور بھارت کا تکبر خاک میں ملا دیا- آخر میں بحثیت پاکستانی کہنا چاہتا ہوں افواج پاکستان تمہیں سلام تمہیں وطن کی صدائیں سلام کہتی ہیں-

اور عالمی افق پر ثابت کر دیا ہے- یہ فوجیں ہیں پاکستان کی------ موجیں ہیں یہ طوفاں کی------ اور دعا ہے وطن عزیز کے لیے جن کی قربانیوں کا ثمر عرض پاک ہے- جنہوں نے اس ملک کے لیے قربانیاں دی اپنا سب کچھ اس وطن کے لیےچھوڑ دیا ہجرت پاکستان کی طرف کری اور اپنا سب کچھ عرض پاک کے لیے قربان کر دیا - یہ ان بزرگوں کی دعائیں جستجو تھی جو آج بھی پاکستان کے لیے آج بھی ذندہ پائندہ ہے - اور رہے گی- میں یہ کہنا چاہتا ہوں- مت سمجھو ہم نے بھلا دیا - اے نگار وطن تو سلامت رہے۔

یرقان: نوزائیدہ بچوں کی ایک اہم بیماری

تحریر: ڈاکٹر قمرالدین نظامی

اب ہم نوزائیدہ بچوں کی ان بیماریوں کے بارے میں بات کریں گے جو بہت عام ہیں اور ان کے علاج اور دیکھ بھال میں لوگ اکثر غلطیاں کرتے ہیں۔ ان میں سب سے اہم یرقان ہے جو نوزائیدہ بچوں کی اکثریت میں دیکھا جاتا ہے۔ زیادہ تر بچوں میں یہ معمولی نوعیت کا ہوتا ہے اور نوزائیدہ بچے کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا، لیکن اس کی زیادتی اور غلط علاج یا دیکھ بھال نوزائیدہ بچے کے لئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ نوزائیدہ بچوں میں ہونے والا یرقان بڑے بچوں اور بڑے افراد میں ہونے والے یرقان سے مختلف ہوتا ہے۔ یرقان کی وجوہات نوزائیدہ بچے کی عمر کے مطابق مختلف ہوتی ہیں اور علاج بھی مختلف ہوتا ہے اس لئے سب سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ یرقان کیا ہے اور کیسے ہوتا ہے۔

یرقان کیا ہے؟

یرقان ایک ایسی بیماری ہے جس میں جسم اور آنکھوں کا رنگ پیلا ہوجاتا ہے۔ جس کی وجہ خون میں ایک ایسے کیمیکل کی زیادتی ہوتی ہے جو پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کیمیکل کا نام بلیروبین ہے۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک غیر مرکب شدہ یا ان ڈائریکٹ بلیروبین اور دوسرے کا نام مرکب شدہ یا ڈائریکٹ بلیروبین ہے۔ خون کے سرخ ذرات میں ایک کیمیکل ہوتا ہے جسے ہیموگلوبن کہتے ہیں۔ جب یہ سرخ ذرات ٹوٹتے ہیں تو یہ ہیموگلوبن ان ذرات سے باہر نکل آتا ہے۔ اس عمل کو ہیمولیسس کہتے ہیں۔ اس کے بعد یہ ہیموگلوبن غیر مرکب شدہ بلیروبین میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ جو بعد میں جگر میں داخل ہوتا ہے جہاں یہ مرکب شدہ بلیروبین میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ یہاں سے یہ آنتوں میں چلا جاتا ہے جس کی وجہ سے پاخانے کا رنگ پیلا ہوجاتا ہے۔ یہ عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری رہتا ہے۔ اور بہت ہی معمولی مقدار میں دونوں قسم کے بلیروبین ہر وقت خون میں موجود رہتے ہیں۔ یرقان کی بیماری میں دونوں یا کسی ایک قسم کے بلیروبین کی مقدار خون میں بہت زیادہ ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے جلد اور آنکھوں کی رنگت پیلی ہو جاتی ہے۔

یرقان کی وجوہات کیا ہیں؟

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ یرقان خون میں بلیروبین کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس زیادتی کی تین وجوہات ہوتی ہیں۔

1۔ غیر معمولی ہیمولیسس یعنی خون میں سرخ ذرات کا بہت زیادہ تعداد میں ٹوٹنا اور غیر مرکب شدہ بلیروبین میں غیر معمولی اضافہ ہونا۔ عام طور پر ہیمولیسس بہت ہی معمولی مقدار میں روزانہ ہوتی رہتی ہے لیکن نوزائیدہ بچوں اور کچھ بڑے افراد میں بھی کچھ خاص بیماریوں میں اس کی رفتار بہت تیز ہو جاتی ہے اور خون میں غیر مرکب شدہ بلیروبین کی مقدار تیزی سے اور بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ جو دماغ کو نقصان پہنچا دیتی ہے اور خون میں ہیموگلوبن کی کمی ہوجاتی ہے۔

اس غیر معمولی ہیمولیسس کی بھی دو بڑی وجوہات ہوتی ہیں۔

)الف (ماں اور بچے کے خون کے گروپ میں عدم مطابقت: جیسا کہ آپ جانتے ہیں خون کے چار بنیادی گروپ ہوتے ہیں یعنی اے، بی، اے بی اور او۔ ہر گروپ کے مزید دو گروپ ہوتے ہیں جنہیں آر ایچ پازیٹو (+) اور نیگیٹو)-(کہتے ہیں۔ ان گروپ کی پہچان سرخ ذرات پر پائے جانے والے اینٹی جن ہوتے ہیں۔ ان اینٹی جن کی مخالف اینٹی باڈیز بھی ہوتی ہیں جو مخالف گروپ کے خون میں پائی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر بچے کے خون کا گروپ اے ہے اور ماں کے خون کا گروپ او ہے تو ماں کے خون میں اینٹی اے اینٹی باڈیز ہوسکتی ہیں جو حمل کے دوران ماں سے بچے میں منتقل ہوجاتی ہیں۔ اور بچے میں اضافی ہیمولیسس کا سبب بنتی ہیں۔ جس کی وجہ سے خون میں غیر مرکب شدہ بلیروبین کی مقدار میں غیر معمولی اضافہ ہوجاتا ہے اور اگر یہ اضافہ ایک خاص مقدار سے زیادہ ہوتو دماغ کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور وہ بچہ ذہنی اور جسمانی طور پر معذور ہوسکتا ہے۔ بلیروبین کی مقدار کی وہ محفوظ سطح جس کے بعد دماغ کو نقصان پہنچ سکتا ہے بچے کی پیدائشی عمر، اس کا وزن اور بعد از پیدائش عمر کے مطابق مختلف ہوتی ہے۔ یہ پہلے پانچ دنوں میں بڑھتی ہے اور اگلے پانچ دنوں میں آہستہ آہستہ کم ہو جاتی ہے۔ حالانکہ اس کا ایک جدول موجود ہے جو ڈاکٹر ایسے بچوں کے علاج کے دوران استعمال کرتے ہیں لیکن عام لوگوں کے لئے وہ خاصا پیچیدہ ہو سکتا ہے اس لئے اسے یہاں بیان نہیں کیا جا رہا۔ تاہم ایک عمومی عمر اور عمومی وزن کے بچے میں پہلے دس دنوں میں اس کی مقدار زیادہ سے زیادہ 12 ملی گرام فی 100 ملی لیٹر ہوتی ہے۔ لیکن اس کی مقدار اگر 20 ملی گرام سے زیادہ ہونا شروع ہو جائے تو دماغ کو نقصان پہنچنے کا خدشہ بڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور اس کا فوری علاج انتہائی ضروری ہو جاتا ہے۔

)ب (سرخ ذرات میں اینزائم کی کمی: بچے کے خون کے سرخ ذرات میں پیدائشی طور پر کچھ کیمیکل ہوتے ہیں جنہیں اینزائم کہا جاتا ہے۔ ان میں سب سے اہم جی۔6۔پی۔ڈی ہے۔ جس کی کمی کی وجہ سے ہیمولیسس میں اضافہ ہوسکتا ہے یہ کمی جینیاتی وجوہات کی بنا پر ہوتی ہے یہ نہ صرف نوزائیدہ بچوں میں بلکہ بڑے بچوں اور بالغوں میں بھی ہیمولیسس، یرقان اور خون میں کمی کا سبب بن سکتی ہے۔ اگر جی۔6۔پی۔ڈی کی کمی کے حامل افراد کچھ خاص دوائیں یا غذا استعمال کریں تو غیر معمولی ہیمولیسس ہو جاتی ہے۔ جو یرقان اور خون کی کمی کا سبب بنتی ہے۔ جن افراد میں جی۔6۔پی ڈی کی کمی ہوتی ہے انہیں زندگی بھر ان ادویات سے گریز کرنا پڑتا ہے۔ ان میں سلفر والی دوائیں، ملیریا کی دوائیں اور کچھ اینٹی بایوٹکس اہم ہیں۔ چونکہ اس طرح نقصان پہنچانے والی دواؤں کی فہرست لمبی ہے اس لئے جی۔6۔پی ڈی کی کمی والے مریض میں کوئی بھی دوا استعمال کرنے سے پہلے ڈاکٹر کا مشورہ حاصل کرنا ضروری ہے اسی طرح افریقہ میں عام طور پر استعمال ہونے والی فاوا پھلیاں جی۔6۔پی ڈی کی کمی والے افراد میں ہیمولیسس کا سبب بنتی ہیں۔

جنگ بندی کے بعد ہوشمندی سے کام لینے کی ضرورت

تحریر: سید مجاہد علی

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کردیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا لی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے موردالزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کرلیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔

حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہوگئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کرلیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔

7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔ البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔ تاکہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کرسکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دو روز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جا رہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہوگا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نور خان ائربیس سمیت تین اڈوں پر حملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔

اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی اور اس کا کریڈٹ بھی لیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو رات کے دوران دونوں ملکوں کے لیڈروں سے رابطے میں رہے تھے۔ جنگ بندی کے بعد انہوں نے ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ نائب صدر وینس اور میں نے سینئر انڈین اور پاکستانی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی ہے جن میں وزیر اعظم نریندر مودی و شہباز شریف، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، چیف آف آرمی سٹاف عاصم منیر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول اور عاصم ملک شامل ہیں۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ انڈیا اور پاکستان کی حکومتوں نے فوری جنگ بندی پر اتفاق کیا ہے اور ایک غیر جانبدار مقام پر وسیع مسائل پر بات چیت شروع کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ہم وزرائے اعظم مودی اور شریف کو امن کا راستہ چننے میں ان کی دانشمندی، سمجھداری اور مدبرانہ انداز اپنانے پر سراہتے ہیں۔

اسپینش لیگ فٹبال میں بارسلونا نے ریال میڈرڈ کو شکست دیدی

ٹیبل پر اُسے ریال میڈرڈ پر 7 پوائنٹس کی برتری حاصل ہوگئی' دونوں کلبز کے درمیان یہ سیزن کا چوتھا مقابلہ تھا

کراچی (این این آئی) اسپینش لیگ فٹ بال میں بارسلونا نے ریال میڈرڈ کو سنسنی خیز میچ میں 3 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے دی، ٹیبل پر اُسے ریال میڈرڈ پر 7 پوائنٹس کی برتری حاصل ہوگئی۔ کیٹولینا میں ال کلاسکو کی صورت میں دونوں کلبز کے درمیان یہ سیزن کا چوتھا مقابلہ تھا جس میں کھلاڑیوں نے شاندار کھیل پیش کیا۔ ابتداء میں ریال میڈرڈ کا پلہ بھاری رہا جس نے 14 منٹ میں 2 گول کی سبقت حاصل کرلی۔ یہ دونوں گول ایم باپے نے اسکور کیے لیکن پھر گارسیا اور یامال نے گول کرکے بارسلونا کو ہم پلہ بنا دیا، 2 منٹ بعد بارسلونا کے رافینا نے ٹیم کے لیے تیسرا گول کیا۔ پہلے ہاف کے اختتام سے ذرا پہلے اُنہوں نے ایک بار پھر گیند کو ریال میڈرڈ کے جال میں پہنچا کر برتری چار دو کر دی۔ دوسرے ہاف میں ریال میڈرڈ کے کھلاڑیوں نے خسارے کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ کھیل کے سترہویں منٹ میں ایم باپے اپنا تیسرا گول کرکے ہیٹ ٹرک بنانے میں کامیاب رہے مگر ریال میڈرڈ کھیل کے اختتام تک میچ برابر نہ کرپائی۔ بارسلونا نے یہ مقابلہ چار تین کے اسکور سے جیتا، ٹیبل پر وہ مجموعی طور پر 82 اور ریال میڈرڈ سے سات پوائنٹس کی برتری کے سبب پہلی پوزیشن پر موجود ہے اور اُس کے ٹائٹل جیتنے کی اُمیدیں بھی بڑھ گئی ہیں۔

فاسٹ بولر محمد عباس نے شاندار پرفارمنس پاکستانی افواج کے نام کر دی

15 اوورز میں صرف 31 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں' حریف ٹیم کو پہلی اننگز میں 196 رنز پر ڈھیر کر دیا

ہیمشائر (این این آئی) پاکستان کے مایہ ناز ٹیسٹ فاسٹ بولر محمد عباس نے کاؤنٹی چیمپئن شپ میں ناٹنگھم شائر کی جانب سے اپنے ڈیبیو میچ کی شاندار کارکردگی پاکستانی مسلح افواج کے نام کر دی، جو بھارت کے ساتھ جاری حالیہ سرحدی کشیدگی میں مصروف عمل ہیں۔ عباس نے اپنے سابقہ کلب ہیمپشائر کے خلاف تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 15 اوورز میں صرف 31 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں اور حریف ٹیم کو پہلی اننگز میں 196 رنز پر ڈھیر کر دیا، ان کی شاندار بولنگ کی بدولت ناٹنگھم شائر کو میچ میں 137 رنز کی نمایاں برتری حاصل ہوئی۔ میچ کے بعد نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے محمد عباس نے کہا کہ سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے ناٹنگھم شائر کے لیے ڈیبیو میچ کی پہلی اننگز میں 5 وکٹیں لینے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ میں اس گراؤنڈ پر پہلے بھی کھیل چکا ہوں، نئی گیند کے ساتھ فاسٹ بولرز کو کچھ مدد ملتی ہے، میں بہت خوش ہوں کہ میں اپنی ٹیم کے لیے کارآمد ثابت ہوا۔ فاسٹ بولر نے اپنی شاندار پرفارمنس پاکستانی افواج کے نام کی اور کہا کہ میں یہ کارکردگی ہماری بہادر پاکستانی افواج 'آرمی، نیوی اور ایئر فورس' کے نام کرنا چاہتا ہوں، جو اس وقت بھی ملک کی سرحدوں پر دشمن کے خلاف بڑی بہادری سے ڈٹے ہوئے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہم پاکستانی دنیا میں امن چاہتے ہیں، خاص طور پر اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ، لیکن اگر ہمیں بار بار جنگ میں دھکیلا جائے گا تو ہماری افواج نے جس طرح اس بار جواب دیا ہے۔

آسٹریلوی کرکٹرز بھارت میں کھیلنے سے ہچکچانے لگے

نئی دہلی (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹرز کو سیکیورٹی اور حفاظت کا خوف لاحق ہوگیا، دوبارہ واپس جا کر انڈین پریمئر لیگ (آئی پی ایل) کھیلنے سے ہچکچانے لگے۔ آسٹریلوی کرکٹرز نے کہا ہے کہ وہ بھارت واپس جانا نہیں چاہتے ہیں۔ اس معاملے پر کرکٹ آسٹریلیا نے موقف اختیار کیا ہے کہ جو کھلاڑی نہیں جانا چاہیں گے اُن کے فیصلے کی حمایت اور دفاع کریں گے۔ آئی پی ایل کھیلنے والے کچھ آسٹریلوی کرکٹرز اور سپورٹ اسٹاف واپس وطن پہنچ چکے ہیں۔ پاک بھارت کشیدگی کے باعث آئی پی ایل کو ایک ہفتے کے لیے معطل کیا گیا تھا، بھارتی کرکٹ بورڈ نے لیگ کو 16 مئی سے دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کی قیادت میں کراچی میں پاکستان زندہ باد ریلی

بھارت نے دوبارہ میلی آنکھ سے دیکھا تو برا حال کریں گے، بھارت نے معصوم بچے شہید کیے، شاہد آفریدی

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور مشہور آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی کو جنگی جارحیت پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت میں کمیونٹیز محفوظ نہیں ہیں۔ بھارت کے خلاف جنگ میں کامیابی پر کراچی میں ریلی کا انعقاد کیا گیا اور سابق ٹیسٹ کپتان شاہد خان آفریدی نے پاکستان زندہ باد ریلی کی قیادت کی۔ کلفٹن کے ساحل سی ویو پر منعقدہ ریلی میں ہزاروں افراد نے شرکت کی جہاں شاہد خان آفریدی نے شرکا سے خطاب کیا۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ خطے میں امن کے لیے نکلے ہیں، پاک فوج نے بھارتی جارحیت کا کرارا جواب دیا، پہلے کہہ دیا تھا کہ مودی انسان کا بچہ نہیں بنے گا۔ سابق کپتان نے کہا کہ بھارت میں کمیونٹیز محفوظ نہیں ہیں، لڑائی میں پاکستان نے بچوں کو نہیں مارا جبکہ بھارت نے معصوم بچے شہید کیے۔ شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، بھارت نے دوبارہ میلی آنکھ سے دیکھا تو برا حال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو اب اندازہ ہوگیا ہے کہ پاکستان سے الجھنا مہنگا پڑ گیا، بھارت کا میڈیا 50 فیصد بالی ووڈ اور 50 فیصد کارٹون نیٹ ورک ہے اور نریندر مودی کے جنگی جنون نے بھارت کو بند گلی میں دھکیل دیا ہے۔ شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ بغیر ثبوت کے پہلگام واقعے کا الزام ہم پر لگایا گیا، حملہ کیا ہے تو اب نتائج بھگتو، نریندر مودی پاکستان سمیت پوری دنیا میں بدنام ہو رہا ہے۔

MAR
HORE
MULTAN
TARAY
RAY
Haier
QALANDARS CITY
BAT
.pk

پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے باقی میچز کا مجوزہ شیڈول سامنے آگیا، لیگ کے باقی آٹھ میچز 17 سے 25 مئی تک کرانے کا پلان تیار

لیگ کے مجوزہ شیڈول کے تحت میچز راولپنڈی اور لاہور میں ہوں گے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی منظوری کے بعد شیڈول کا جلد اعلان متوقع ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے باقی میچز کا مجوزہ شیڈول سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق لیگ کے باقی آٹھ میچز 17 سے 25 مئی تک کرانے کا پلان تیار کرلیا گیا ہے، لیگ کے مجوزہ شیڈول کے تحت میچز راولپنڈی اور لاہور میں ہوں گے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی منظوری کے بعد شیڈول کا جلد اعلان متوقع ہے۔ یاد رہے کہ پی ایس ایل کا 10 واں ایڈیشن بھارت کی جانب سے جارحیت کی وجہ سے اس وقت ملتوی کیا گیا جب اس کا 27 واں میچ راولپنڈی میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کے ساتھ 8 مئی کو شیڈول تھا، اسی روز صبح کو اسٹیڈیم کی حدود میں بھارت کی جانب سے بھیجا گیا ایک ڈرون بھی گر کر تباہ ہوا تھا۔ معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے ٹورنامنٹ کو معطل کر دیا گیا، پہلے باقی 8 میچز دبئی میں منعقد کرنے کا فیصلہ ہوا مگر پھر پی سی بی نے صورتحال اور حکومتی مشورے پر ٹورنامنٹ کو غیر معینہ مدت کیلیے ملتوی کر دیا تاہم بھارت کے ساتھ جنگ بندی کے بعد صورتحال میں بہتری پر اب پی ایس ایل کو ری شیڈول کر دیا گیا ہے۔ پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے باقی میچز کا مجوزہ شیڈول سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق لیگ کے باقی آٹھ میچز 17 سے 25 مئی تک کرانے کا پلان تیار کرلیا گیا ہے، لیگ کے مجوزہ شیڈول کے تحت میچز راولپنڈی اور لاہور میں ہوں گے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی منظوری کے بعد شیڈول کا جلد اعلان متوقع ہے۔ یاد رہے کہ پی ایس ایل کا 10 واں ایڈیشن بھارت کی جانب سے جارحیت کی وجہ سے اس وقت ملتوی کیا گیا جب اس کا 27 واں میچ راولپنڈی میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کے ساتھ 8 مئی کو شیڈول تھا، اسی روز صبح کو اسٹیڈیم کی حدود میں بھارت کی جانب سے بھیجا گیا ایک ڈرون بھی گر کر تباہ ہوا تھا۔ معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے ٹورنامنٹ کو معطل کر دیا گیا، پہلے باقی 8 میچز دبئی میں منعقد کرنے کا فیصلہ ہوا مگر پھر پی سی بی نے صورتحال اور حکومتی مشورے پر ٹورنامنٹ کو غیر معینہ مدت کیلیے ملتوی کر دیا تاہم بھارت کے ساتھ جنگ بندی کے بعد صورتحال میں بہتری پر اب پی ایس ایل کو ری شیڈول کر دیا گیا ہے۔

جنگ بندی کے بعد بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کا امکان روشن

پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کے 5 میچز 25 مئی سے 3 جون تک فیصل آباد میں کھیلے جانے ہیں

ڈھاکہ (این این آئی) جنگ بندی کے اعلان کے بعد بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کا امکان روشن ہوگیا۔ بنگلادیشی کرکٹ بورڈ نے دورہ کے لیے گرین سگنل دیدیا۔ پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کے 5 میچز 25 مئی سے 3 جون تک فیصل آباد میں کھیلے جانے ہیں۔ اس سے قبل بنگلادیشی ٹیم شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں متحدہ عرب امارات کے خلاف دو ٹی ٹوئنٹی میچز 17 اور 19 مئی کو کھیلے گی۔ قبل ازیں بنگلادیشی کرکٹ بورڈ نے اپنے اعلامیہ میں کہا تھا کہ آئندہ دورہ پاکستان کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ کھلاڑیوں اور معاون عملے کی حفاظت اور تحفظ بورڈ کی اولین ترجیح ہے اور دورے سے متعلق تمام فیصلے پاکستان کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق بنگلادیشی کرکٹ بورڈ نے نے پاکستان اور بھارت کے درمیان سرحدی کشیدگی کے بعد آئی پی ایل اور پی ایس ایل کے التوا کو دیکھتے ہوئے دورہ کا فیصلہ موخر کردیا تھا۔ بنگلادیشی بورڈ کے ڈائریکٹرز نے ہفتہ کو شیر بنگلا نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں صورتحال پر غور کے بعد میزبان کرکٹ بورڈ سے تبادلہ خیال کیا۔ دریں اثنا پی سی بی کے ترجمان نے دورہ کے حوالے سے دونوں ممالک کے بورڈز کے درمیان رابطہ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی کے اعلان کے بعد سامنے آنے والی صورتحال کے مطابق فیصلہ سامنے آئے گا۔ ابتدائی شیڈول کے مطابق بنگلادیشی کرکٹ ٹیم کی 21 مئی کو پاکستان آمد طے ہے۔

انگلش پریمئر لیگ، نیوکیسل یونائیٹڈ، کرسٹل پیلس اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ نے اپنے میچز جیت لئے

تینوں ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی حریف ٹیموں کو 0-2 سے شکست فاش دی

لندن (این این آئی) نیوکیسل یونائیٹڈ نے انگلش پریمئر لیگ کے ایک میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیلسی کو باآسانی 0-2 گول سے ہرا دیا، ویسٹ ہیم یونائیٹڈ نے مانچسٹر یونائیٹڈ کو 0-2 گول سے ہرادیا اور کرسٹل پیلس کی ٹیم نے ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیم کو 0-2 گول سے ہرادیا۔ پریمئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ سینٹ جیمز پارک، نیوکیسل اپون ٹائن، انگلینڈ میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ اور چیلسی کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیم نے چیلسی کی ٹیم کو باآسانی 0-2 گول سے ہرا دیا۔ سینڈرو ٹونالی اور برونو گوئم آریس نے ایک، ایک گول کرکے اپنی ٹیم نیوکیسل یونائیٹڈ کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ اس فتح کے بعد نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیم 66 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر تیسرے نمبر پر ہے۔ اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ ہیم یونائیٹڈ اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں ویسٹ ہیم یونائیٹڈ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میزبان مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیم کو 0-2 گول سے ہرادیا۔

سحرش علی نے اپنی بہن ماہ نور علی کو شکست دیکر یو ایس اے جونیئر ویمن گولڈ اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

SHOWBIZ
قوت

نامور اداکارہ عائزہ خان کی تازہ پوسٹ تنقید کی زد میں آگئی

عائزہ خان کو اداکاری کی تعلیم حاصل کرنے اور اپنی پوسٹ میں اس پر فخر کرنے پر فینز نے انکی جم کر کھینچائی کردی

کراچی (یواین پی) پاکستانی ڈراما انڈسٹری کی ہردلعزیز اداکارہ عائزہ خان کو اداکاری کی تعلیم حاصل کرنے اور اپنی پوسٹ میں اس پر فخر کرنے پر فینز نے انکی جم کر کھینچائی کردی۔ ڈراما 'پل صراط'، ''بری عورت'' اور ''پیارے افضل'' میں بہترین اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ عائزہ خان نہ صرف شوبز انڈسٹری میں ایک مشہور شخصیت ہیں بلکہ سوشل میڈیا کی دنیا میں بھی انکے نام کا ڈنکا بجتا ہے جہاں وہ نت نئی پوسٹس سے ہر لمحہ اپنے فینز کو محظوظ کرتی نظر آتی ہیں۔ لیکن جب حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران عائزہ خان کو اپنے ملک کی حمایت کرنے اور محب وطن ہونے کا ثبوت پیش کرنا چاہیے تھا اس وقت انکا سوشل میڈیا اکاؤنٹ خاموشی کا عالم پیش کر رہا تھا۔ ایسے میں فینز جو انکی پوسٹ کے منتظر تھے اب معاملات طے پا جانے اور جنگ بندی ہوجانے کے بعد اداکارہ کا انسٹاگرام اکاؤنٹ کا رخ کرنے پر سیخ پا ہوگئے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر عائزہ خان نے پوسٹ شیئر کی جس میں انہیں اداکاری کی تعلیم حاصل کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ یونیورسٹی آف دی آرٹس لندن سے لی گئی ان تصاویر میں عائزہ کو اپنے اسکول کے ساتھیوں کے ساتھ مختلف پوز دیتے دیکھا جاسکتا ہے جنہیں شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں عائزہ خان نے سیکھنے کے جذبے پر فخر کا اظہار کرڈالا۔ اداکارہ نے کیپشن میں لکھا کہ، کلاس میں کسی نے مجھ سے پوچھا، جب آپ پہلے ہی عائزہ خان ہیں تو پڑھنے کا کیا فائدہ میں نے جواب دیا، میں اس لیے نہیں پڑھ رہی کہ میں عائزہ خان ہوں۔ میں اس لیے پڑھ رہی ہوں تا کہ میں اپنی بیٹی، اپنے مداحوں اور ان تمام لڑکیوں کے لیے ایک رول ماڈل بن سکوں جو مجھے دیکھ کر خواب دیکھتی ہیں۔ اداکارہ مزید بتاتی ہیں، میں چاہتی ہوں وہ دیکھیں کہ عائزہ ہونا ان کی کامیابیوں کے مقابلے میں ایک سمندر میں صرف ایک قطرے کے برابر ہے، اس لیے کبھی سیکھنا مت چھوڑیں اور کبھی ترقی کرنا مت چھوڑیں۔ ابھی یہ تصاویر منظر عام پر آئی ہی تھیں کہ کمنٹ سیکشن میں صارفین کی جانب سے متضاد تبصروں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔

اداکارہ صنم سعید اور محبّ مرزا کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع

صنم سعید نے مدرز ڈے کے موقع پر خوشخبری کا اعلان کیا ہے

معروف پاکستانی اداکارہ صنم سعید ماں بننے والی ہیں، مدرز ڈے پر خوشخبری کا اعلان کر دیا۔ صنم سعید نے مدرز ڈے کے موقع پر اپنی زندگی کی ایک بڑی خوشخبری کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ وہ ماں بننے والی ہیں۔ اس خوشخبری کا اعلان انہوں نے سوشل میڈیا پر بچپن کی چند یادگار تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیا، جن میں وہ اپنی والدہ کیساتھ بیحد خوش نظر آ رہی ہیں۔ صنم سعید نے ماؤں کے دن کی مناسبت سے اپنی والدہ کے نام ایک جذباتی پیغام میں کہا کہ وہ اپنی ماں کی بے لوث محبت اور حفاظت پر شکر گزار ہیں، اور دعا گو ہیں کہ وہ بھی اتنی ہی مضبوط اور مہربان ماں بن سکیں۔ اداکارہ نے مدرز ڈے کے موقع پر یہ خوشخبری مداحوں کے ساتھ شیئر کی جس پر مداحوں نے ان کیلئے خوب نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ خیال رہے کہ گزشتہ برس صنم سعید نے ساتھی اداکار محبّ مرزا کے ساتھ اپنی شادی کا اعتراف کیا تھا، محبّ مرزا صنم سے قبل اداکارہ آمنہ شیخ کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک تھے جن سے ان کی ایک بیٹی بھی ہے۔

بھارتی گلوکار کا پاکستان کی مخالفت میں ترکیہ، آذربائیجان نہ جانے کا اعلان

ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کے معروف گلوکار وشال مشرا نے پاک۔ بھارت کشیدگی کے دوران پاکستان کے منہ توڑ جواب کا غصہ ترکیہ اور آذربائیجان پر نکالنے کا انوکھا انداز اپنالیا۔ پاکستان کے خلاف بھارتی جارحیت کے بعد دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی شدت اختیار کرگئی تھی، تاہم پاکستان کی بھرپور جوابی کارروائی نے بھارت کو اپنی پوزیشن پر غور کرنے پر مجبور کر دیا اور بالآخر جنگ بندی کا معاہدہ طے پایا۔ امریکا کی کوششوں سے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ہوئی، جس نے دونوں ممالک کے تعلقات میں وقتی طور پر کمی کردی۔ تاہم اس کشیدگی کے اثرات صرف سیاسی نہیں بلکہ شوبز انڈسٹری پر بھی مرتب ہوئے، جس میں پاکستانی فنکاروں کو بھارت میں کام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی اور ان کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو بھی بند کردیا گیا۔

پٹھان 2 سے متعلق تہلکہ خیز اپڈیٹ سامنے آگئی

ممبئی (یواین پی) اگر آپ بھی سال 2023 میں سینما گھروں میں تہلکہ مچانے والی اور باکس آفس پر ریکارڈ توڑ بزنس کرنے والی شاہ رخ خان اور دیپیکا پڈوکون کی فلم پٹھان سے محظوظ ہوئے ہیں تو ایک بار پھر کمر کس لیں کیونکہ جلد ہی اس فلم کا سیکوئل تیار ہونے والا ہے جسکی اپڈیٹس نے فلمی شائقین کی خوشیاں دوبالا کردیں۔ فلم پٹھان، جس میں شاہ رخ خان، دیپیکا پڈوکون اور جان ابراہم نے مرکزی کردار ادا کیے، 2023 کی سب سے بڑی فلموں میں شمار ہوئی۔ اس فلم کو آدتیہ چوپڑا نے یش راج فلمز کے بینر تلے پروڈیوس کیا گیا تھا جبکہ سدھارتھ آنند نے اس کی ہدایت کاری کی۔ منفرد اسکرپٹ اور بے مثال کہانی کا یہ عالم تھا کہ ریلیز کے بعد پٹھان نے صرف 7 دنوں میں ہی دنیا بھر میں 634 کروڑ روپے کمائے اور ہندی سینما کی سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلموں میں شامل ہوگئی۔

اکیلے بچوں کی پرورش کرنا زندگی کا سب سے بڑا چیلنج ہے، علیزہ سلطان

معروف اداکار فیروز خان کی سابقہ اہلیہ سیدہ علیزہ سلطان نے سنگل پیرنٹ کے طور پر بچوں کی پرورش کرنے کو ایک مشکل ذمہ داری قرار دے دیا۔ حال ہی میں علیزہ سلطان نے ایک انٹرویو میں بطور سنگل پیرنٹ زندگی کے چیلنجز پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ اکیلے والدین کے طور پر بچوں کی پرورش کرنا ایک مشکل ذمہ داری ہے جس میں ماں اور باپ دونوں کے کردار ادا کرنے پڑتے ہیں۔ علیزہ نے کہا کہ وہ اپنے گھر والوں کے سپورٹ کے بغیر بچوں کی پرورش نہیں کرسکتی تھیں ان کے گھر والوں نے انکا ساتھ دیا اس ہی لیے وہ آج مضبوط ہیں۔ علیزہ کا کہنا تھا کہ بعض اوقات زندگی ایسے فیصلے کرنے پر مجبور کردیتی ہے جو آسان نہیں ہوتے۔

سمیع رشید نے سحر حیات سے طلاق کی خبروں پر اہم بیان دے دیا

سوشل میڈیا پر سحر حیات اور سمیع رشید کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کر رہی ہیں

معروف سوشل میڈیا اسٹار جوڑی سحر حیات اور سمیع رشید کے درمیان علیحدگی کی افواہوں پر سمیع رشید کا ردعمل سامنے آگیا۔ گزشتہ کچھ دنوں سے ٹک ٹاکر اور یوٹیوبر سحر حیات کے شوہر سمیع رشید کی طلاق کی خبریں سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہیں تاہم اب سمیع رشید نے ان افواہوں کی تردید کردی ہے۔ سمیع نے اہلیہ سے علیحدگی کی خبروں پر ردعمل دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر ویڈیو پیغام جاری کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ وہ اپنی نجی زندگی کو سوشل میڈیا پر لانے کے حق میں نہیں تھے، مگر افواہوں کے پھیلنے کے بعد وضاحت دینا لازمی ہوگیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہر میاں بیوی میں لڑائی ہوتی ہے مگر ہمارے درمیان بیٹی کی سالگرہ کے اگلے دن ہونے والا ایک معمولی جھگڑا شدت اختیار کر گیا ہے تاہم میں اپنی پوری کوشش کر رہا ہوں کہ معاملہ طلاق تک نہ پہنچے۔ سمیع رشید نے کہا کہ ان کی ازدواجی زندگی میں مسائل ضرور آئے ہیں، تاہم یہ مسائل سوشل میڈیا پر بڑھا چڑھا کر پیش کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ رشتوں میں انا آجائے تو صورتحال پیچیدہ ہوجاتی ہے، انہوں نے واضح کیا کہ سحر اب بھی ان کی بیوی ہیں ان کے نکاح میں ہیں اور وہ طلاق نہیں چاہتے۔ سمیع نے سحر حیات کی گزشتہ دنوں وائرل ہونے والی ویڈیو پر افسوس کا اظہار کیا جس میں انہوں نے خود کو ایک سنگل مدر کہا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک ماہ سے اپنی بیٹی سے نہیں مل سکے اور صرف وی لاگز میں اسے دیکھ رہے ہیں جو ان کیلئے بہت مشکل ہیں کیونکہ وہ بیٹی کو لے کر بیحد جذباتی ہیں۔ یاد رہے کہ سحر حیات نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے سمیع کے ساتھ اپنی تمام تصاویر ہٹادی ہیں، جس کے بعد ان کی علیحدگی کی افواہیں زور پکڑ گئی ہیں

منشا پاشا نے پہلی شادی کی ناکامی اور جبران ناصر سے دوسری شادی پر لب کشائی کردی

معاشرے میں اکثر لوگ دباؤ میں آ کر شادیاں کرتے ہیں، منشا پاشا

پاکستان شوبز کی اداکارہ منشا پاشا نے پہلی ناکام شادی اور جبران ناصر سے دوسری شادی سے متعلق تفصیلات بتادیں۔ منشا پاشا حال ہی میں احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی پہلی شادی کی ناکامی اور جبران ناصر کے ساتھ اپنی دوسری شادی کے بارے میں تفصیل سے گفتگو کی۔ منشا نے کہا کہ ان کے خودمختار اور صاف گو ہونے کا پہلی شادی کی ناکامی سے کچھ نہ کچھ تعلق ہوسکتا ہے، لیکن یہ واحد وجہ نہیں تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اس وقت زندگی میں غیر یقینی صورتحال کا شکار تھیں اور خود کو صحیح طور پر نہیں سمجھتی تھیں۔ اداکارہ نے واضح کیا کہ پہلی شادی ان کا ذاتی فیصلہ تھا اور اس شادی کی ناکامی کے تجربے نے انہیں بطور انسان بہت کچھ سکھایا اور مضبوط بنایا۔ منشا نے مزید کہا کہ معاشرے میں اکثر لوگ دباؤ میں آ کر شادیاں کرتے ہیں، جو بعض اوقات کامیاب ہوجاتی ہیں اور کبھی نہیں بھی ہوتیں۔ انہوں نے جبران ناصر کیساتھ اپنی ازدواجی زندگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج خوش وخرم ہیں اور اپنی دوسری شادی کو اپنے لئے خدا کا ایک تحفہ تصور کرتی ہیں۔ منشا پاشا نے کہا کہ جبران ناصر سے شادی بغیر کسی منصوبہ بندی کے اچانک اور خوبصورت انداز میں ہوئی۔ ۔ منشا نے مزید کہا کہ معاشرے میں اکثر لوگ دباؤ میں آکر شادیاں کرتے ہیں، جو بعض اوقات کامیاب ہوجاتی ہیں اور کبھی نہیں بھی ہوتیں۔ انہوں نے جبران ناصر کیساتھ اپنی ازدواجی زندگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج خوش وخرم ہیں اور اپنی دوسری شادی کو اپنے لئے خدا کا ایک تحفہ تصور کرتی ہیں۔ منشا پاشا نے کہا کہ جبران ناصر سے شادی بغیر کسی منصوبہ بندی کے اچانک اور خوبصورت انداز میں ہوئی۔

BOKHA
PHOTOGRAP

بھارتی جارحیت کا دندان شکن جواب؛ مایا علی کا پاک فوج کو خراج عقیدت

مایا علی نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پاک فوج کیلیے جذباتی پیغام شیئر کیا ہے

پاکستان کی فضائیہ کے شاندار ردعمل اور بھارتی جارحیت کے دندان شکن جواب کے بعد پورا ملک ایک بار پھر اپنے جوانوں کے عزم اور بہادری پر فخر محسوس کر رہا ہے۔ اس موقع پر معروف اداکارہ مایا علی نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پاک فوج کیلیے جذباتی پیغام شیئر کیا ہے۔ مایا علی نے نہ صرف پاک افواج کی بے مثال قربانیوں کو سراہا بلکہ امن کے لیے اپنی گہری خواہش کا اظہار بھی کیا۔ مایا علی نے اپنے پیغام میں پاک فوج کے جوانوں کی بے مثال ہمت کو سلام پیش کیا، جنہوں نے دشمن کے سامنے ڈٹ کر ملک کی حفاظت کی۔ انہوں نے قرآن پاک کی ایک آیت کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا: ''10 مئی 2025، وہ دن جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ، مرزا اطہر سلطان مغل متفقہ رائے دہی سے نئے صدر منتخب

میاں مسعود احمد نئے چیئرمین جبکہ جنرل سیکرٹری کیلئے لالہ دلشاد احمد سمیت باقی کابینہ کا انتخاب؛ نئے صدر کے ساتھ اظہار یکجہتی کا اعلان

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) صحافیوں کے حقوق کے لیے دنیا بھر میں کام کرنے والی مستند تنظیم گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کا ماہانہ اجلاس گزشتہ روز محمد حفیظ بٹ کی سرپرستی میں پیپلز کالونی میں منعقد ہوا۔ صدارت کے فرائض مرزا اطہر سلطان مغل نے سرانجام دیئے۔ اس اہم اجلاس میں سال 2025 کے لیے نئی قیادت کا انتخاب کیا گیا جس کے مطابق مرزا اطہر سلطان مغل متفقہ رائے دہی سے نئے صدر منتخب ہوئے۔ لالہ دلشاد احمد جنرل سیکرٹری، میاں مسعود احمد چیئرمین، طاہر قیوم قادری سینئر وائس چیئرمین، محمد پرویز مغل اور پروفیسر محمد حمن وائس چیئرمین، میاں محمد جمیل اور بلال زمان سینئر نائب صدر، مدثر عظیم انصاری، راشد خان ترین، حافظ سہیل انجم اور رانا جاوید اختر کو نائب صدر منتخب کیا گیا۔ اسی طرح عمران حیدر غوری کو صدر کا معاون خصوصی مقرر کیا گیا۔ مہر ظہیر عباس انفارمیشن سیکرٹری جبکہ محمد عبداللہ ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری منتخب ہوئے۔ محمد عابد حسین مغل کو جوائنٹ سیکرٹری جبکہ شہباز خان کو کوآرڈینیٹر مجلس عاملہ مقرر کیا گیا۔ میاں علی رضا کو انچارج سوشل میڈیا سیل مقرر کیا گیا جس کے ساتھ ہی آرگنائزر پنجاب نویدہ بخاری کی جانب سے تمام عہدیداران کو مبارکباد دی گئی اور تنظیمی کارڈز جاری کئے گئے۔ اپنے ابتدائی خطاب میں نومنتخب صدر مرزا اطہر سلطان مغل نے سب سے پہلے مرکزی صدر و بانی لارڈ ملک خلیل احمد اعوان کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے صدارت کیلئے ان پہ اعتماد کیا اور بعد میں اپنے یونین کے ساتھیوں سے اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سال 2025 میں گلوبل یونین آف جرنلسٹس سے منسلک ہر عہدیدار اور رکن کیلئے مختلف فلاحی منصوبے پیش کئے جائیں گے جن پہ بالترتیب کام شروع کر دیا جائے گا۔

افواج پاکستان کے دشمن کو دندان شکن جواب سے قوم کا سر فخر سے بلند ہوا۔ حسن علی بھٹی

سپہ سالار پاکستان جنرل عاصم منیر نے بھارتی غرور مٹی ملا دیا۔ فراز اکرم اعوان



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواج پاکستان نے دنیا کو بتا دیا کہ پاکستان کوئی تر نوالہ نہیں جو ہر کوئی کھا جائے گا وقت پڑنے پر اپنے دشمن کو مکمل تباہ کرنے کے جدید تقاضوں کے مطابق صلاحیت کا حامل ملک ہے۔ سپہ سالار پاکستان حافظ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے محض تین گھنٹے پینتالیس منٹ میں اپنے سے دس گنا بڑے ازلی دشمن بھارت کو گھٹنوں کے بل گرنے پر مجبور کر دیا۔ ان باتوں کا اظہار چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ حسن علی بھٹی اور وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پوری قوم کو اور خاص طور پر ارض پاکستان کے محافظوں چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر پاکستان فضائیہ اور نیوی کے سربراہ اور حکومت پاکستان کو اس کارنامے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسلہ کشمیر کے حل کیلئے کردار کرنے کے بیان پر انکا خیر مقدم کرتے ہیں۔

دشمن کو عبرتناک شکست دینے پر پاک فوج کو سلام پیش کرتے ہیں: چوہدری نثار گجر

آرمی چیف نے جو کہا وہ کر دکھایا ہے بھارت نے خطے کے امن کو نقصان پہنچایا ہے: شہباز علی قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) دشمن کو عبرتناک شکست دینے پر پاک فوج کو سلام پیش کرتے ہیں آرمی چیف نے جو کہا وہ کر دکھایا ہے بھارت نے خطے کے امن کو نقصان پہنچایا ہے پوری دنیا نے دیکھ لیا ہے کہ پاکستان نے تحمل اور امن کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہری آبادی اور سویلین کو نقصان نہیں پہنچایا ہم امن پسند لوگ ہیں لیکن جب کوئی ہمیں للکارے گا تو اس کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے سینئر نائب صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم بھارت کے مقابلے میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی الحمدللہ ہمارے جوانوں نے ثابت کر دیا ہے کہ دشمن جتنا بھی بڑا ہو ہمارے جذبہ شہادت اور اللہ پر ایمان کی طاقت سے اس کو نیست و نابود کر دیں گے تحریک منہاج القرآن عظیم کامیابی پر پاک فوج اور عوام کو مبارکباد پیش کرتی ہے پاک فوج کی بہادری اور عسکری قیادت کی دور اندیشی کو تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

پروفیسر علامہ ساجد میر عالم اسلام کی عظیم شخصیت تھے: مولانا محمد ابراہیم

وزیرآباد (نامہ نگار) پروفیسر علامہ ساجد میر عالم اسلام کی عظیم شخصیت تھے ان کی وفات کی وجہ سے جو خلا پیدا ہوا ہے تادیر وہ پر ہوتا نظر نہیں آتا۔ پروفیسر ساجد میر انتہائی باوقار درویش صفت سادگی کا پیکر دیانت داری میں قرون اولیٰ کی مثال تھے۔ ان خیالات کا اظہار مولانا محمد ابراہیم محمدی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع وزیرآباد نے پروفیسر علامہ ساجد میر کی وفات پر تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا ابراہیم محمدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر ساجد میر چالیس سال جماعت کی قیادت کرتے رہے اور اسی طرح 31 سال ایوان بالا سینیٹ کے ممبر رہے آپ کا کردار بے داغ رہا جرات وہمت کی تصویر تھے رابطہ عالم اسلامی کے معزز رکن تھے ائمہ حرمین انہیں اپنا استاد اور روحانی باپ کہہ کر خطاب کرتے تھے رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد عیسیٰ انہیں شیخ الاسلام کہتے تھے پاکستان مسلم لیگ ن کے ساتھ اتحاد بالکین بھی اسلامی شخص پر بھروسہ کیا یہی وجہ تھی کہ مسلم لیگ کی قیادت میاں محمد نواز شریف میاں شہباز شریف خواجہ محمد آصف خواجہ سعد رفیق احسن اقبال ہمیشہ آپ کی خدمات کے معترف رہے پروفیسر ساجد میر صاحب اتحاد امت کے داعی تھے اور اسلامی تحریکات کے محرک تھے ملک عزیز پاکستان میں جتنی بھی تحریکیں چلی آپ ان کے روح رواں تھے۔

پاکستان افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر ایک تاریخ رقم کر دی ہے: بیرسٹر پیر سید وسیم الحسن نقوی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ معروف دینی اسکالر بیرسٹر پیر سید وسیم الحسن نقوی اور جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ قاری فیصل ندیم کیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر ایک تاریخ رقم کر دی ہے جس سے پاکستانی قوم کا سر دنیا بھر میں فخر سے بلند ہوگیا ہے۔ وہ یہاں ضلع کی 20 سے زائد سنی تنظیموں کے جشن فتح کے سلسلہ میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ ان راہنماؤں نے کہا کہ پاکستان افواج نے نریندر مودی کے تکبر اور غرور کو خاک میں ملا کر دنیا پر ثابت کر دیا ہے کہ پاکستانی افواج ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی جہاں خود ڈوبا ہے وہ وہاں دنیا کی کئی سپر طاقتوں کو بھی لے ڈوبا ہے جس پر پوری پاکستانی قوم اپنی افواج کو سلام عقیدت پیش کرتی ہے۔

آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی پر تقریب کا انعقاد

تقریب میں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے خصوصی شرکت اور ریلی کی قیادت کی

اظہار تشکر
منجانب: ڈپٹی کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر ڈسٹرکٹ کونسل ننکانہ صاحب

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے افواج پاکستان کو آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی پر خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ضلع کونسل ہال میں مرکزی تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے خصوصی شرکت اور ریلی کی قیادت کی۔ تحصیل شاہکوٹ اور تحصیل سانگلہ ہل میں بھی افواج پاکستان سے اظہار تشکر کی تقریبات منعقد ہوئیں اور ریلیاں بھی نکالی گئی۔ منعقدہ تقریبات میں سیاسی رہنماؤں، ضلعی افسران، تمام مکاتب فکر کے علمائے اکرام، تاجر برادری سمیت شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ تقریبات وریلیوں کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر افواج پاکستان زندہ باد کے نعرے درج تھے، شہریوں کی جانب سے پاکستان زندہ باد اور افواج پاکستان کے حق میں شدید نعرے بازی کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن بھارت کو ایسا سبق سکھایا ہے جو وہ ساری زندگی یاد رکھے گا، انڈیا کو یہ باور کرا دیا گیا ہے کہ کوئی بھی ہماری طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا اس کا یہی انجام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئی، پاکستان کا ہر شہری ملک کی خودمختاری کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ آج سجدہ شکر بجا لانے کا دن ہے، پاکستان کی مسلح افواج نے دشمن کو دندان شکن جواب دے کر ثابت کر دیا کہ ہمارا دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام، سیاسی اور عسکری قیادت نے جس یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کیا اس کی مثال نہیں ملتی، سفارتی محاذ پر ہم نے دنیا کو بتایا کہ ہم ایک امن پسند قوم ہیں۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ اگر ہم پر دوبارہ جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا بھرپور جواب دیں گے، ہمارے میڈیا نے انڈیا کے جھوٹے پروپیگنڈے کو بے نقاب کیا۔

اسسٹنٹ کمشنر کا ڈویژنل پبلک اسکول اینڈ کالج کا دورہ

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر کا ڈویژنل پبلک اسکول اینڈ کالج کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں ساجدہ رزاق نے ڈویژنل پبلک اسکول اینڈ کالج کا دورہ کیا، جہاں پرنسپل رائے صفدر حسین اور تدریسی عملہ موجود تھا، پرنسپل نے تعلیمی سرگرمیوں اور انفراسٹرکچر سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر نے کلاسز کا معائنہ کیا، طلبہ سے بات چیت کی اور اساتذہ کو مزید محنت اور لگن سے تدریس کی ہدایت کی، انہوں نے واش رومز کی صفائی کے نظام کو فوری بہتر بنانے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے دورے آئندہ بھی جاری رہیں گے تاکہ تعلیمی معیار میں مزید بہتری لائی جاسکے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس، اس موقع پر ضلع بھر کے ریونیو افسران بھی موجود تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کو بورڈ آف ریونیو کے دیگر اقدامات پر عمل درآمد اور سرکاری واجبات کی وصولی کا سلسلہ میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ عوام الناس کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے ریونیو افسران فیلڈ میں تسلسل سے اقدامات کریں، انہوں نے کہا کہ سرکاری واجبات کی وصولی ایک اہم ٹاسک ہیں۔

افواج پاکستان نے انڈیا پر بھرپور جوابی حملہ کرکے ہمارے سر فخر سے بلند کئے ہیں

پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے سیکورٹی ادارے مبارکباد کے مستحق ہیں: جانثاران ختم نبوت چنیوٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) افواج پاکستان نے انڈیا پر بھرپور جوابی حملہ کرکے ہمارے سر فخر سے بلند کئے ہیں پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے سیکورٹی ادارے مبارکباد کے مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار جانثاران تاجدار ختم نبوت چنیوٹ کے رہنماؤں علامہ تصور عباس صدیقی، علامہ عبدالوحید سیلفی، مولانا عباس قادری، صاحبزادہ انعام احمد سیالوی، قاری محمد نذیر قادری، سید محمد سلمان شاہ، علامہ محمد احمد سیالوی، قاری ریاض احمد تبسم و دیگر علما کرام نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر جانثاران تاجدار ختم نبوت کے رہنما معروف عالم دین علامہ تصور عباس صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی افواج نے دشمن کا بھرپور طرح سے مقابلہ کیا ہے جس پر ہم افواج پاکستان کے سپہ سالار چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے انڈین جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے انڈیا آئندہ ایسی کوئی حرکت نہیں کرے گا پوری پاکستانی قوم کو اپنی افواج پر بڑا فخر ہے ہم اپنے شہدا کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اس موقع پر صاحبزادہ انعام احمد سیالوی مولانا عباس قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص کامیابی سے ہمکنار ہوا ہم افواج پاکستان سے اظہار تشکر کرتے ہیں اور ہمارے لئے یہ بڑا خوشی کا موقع ہے کہ افواج پاکستان نے جرات مندی سے ڈٹ کر انڈیا کا مقابلہ کیا اور ان کو شکست دی انہوں نے کہا کہ بعض عناصر سوشل میڈیا پر سیکورٹی اداروں کے خلاف غلط پراپیگنڈا کرتے رہیں جن کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ایسے عناصر کے خلاف سخت کاروائی ہونی چاہیے۔

پریس کانفرنس
ڈسٹرکٹ میڈیا کلب چنیوٹ

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صحت دشمن عناصر کے خلاف متحرک ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صحت دشمن عناصر کے خلاف متحرک ہیں۔ ٹیموں نے سوڈا واٹر اور مشروبات فروخت کرنے والے پوائنٹس اور کارخانوں کی انسپکشنز کیں اور غیر معیاری سوڈا بنانے والے کارخانوں کو 60000 روپے جرمانہ عائد اور 174 لیٹر سے زائد غیر معیاری سوڈا تلف کرادیا۔ دوران معائنہ صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات پائے گئے اور ورکرز کے میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر بھر میں 65 سے زائد فوڈ بزنسز کا معائنہ بھی کیا اور متعدد فوڈ پوائنٹس کو مزید بہتری کے لئے اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے۔ کریانہ سٹورز کو دوران معائنہ ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی پر 40000 روپے کے جرمانے عائد اور 17 کلو سے زائد ایکسپائرڈ اشیاء تلف کر دی گئیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ”یوم تشکر“ منایا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ”یوم تشکر“ منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد 7 مئی کو بھارت نے بزدلوں کی طرح رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کر دیا جس پاک فوج کے شیروں اور شاہینوں نے آپریشن ”بنیان مرصوص“ کے تحت کاری ضرب لگائی اور دشمن کے گھر میں گھس کر اہم ٹھکانے اور فوجی تنصیبات تباہ کر دیں۔ پاکستان کی اس کامیابی پر عالمی دنیا نے پاکستانی فوج کی صلاحیتوں کو مانا اور پاکستان کو سیز فائر پر منایا۔ اس کامیاب آپریشن پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ایک پر وقار اور شاندار تقریب کا انعقاد شہداء پارک چکوال میں کیا گیا، تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی، چیف آفیسر ضلع کونسل فیاض ہاشمی اور دیگر افسران، میڈیا کے نمائندوں سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بھارتی جارحیت کے خلاف وہ قیادت موجود تھی جس کی پاکستان کو ضرورت تھی

چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کے عزم و ہمت اور دلیری نے دشمن کی جارحیت کے پرخچے اڑا دیئے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سینئر راہنما فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن شہباز صدیقی، سابق جوائنٹ محمد علی سجن اور سابق آفس سیکرٹری بابر کھوکھر نے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کے خلاف وہ قیادت موجود تھی جس کی پاکستان کو ضرورت تھی، چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کے عزم وہمت اور دلیری نے دشمن کی جارحیت کے پرخچے اڑا دیئے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جن افسران کی سربراہی میں پاکستان کو فتح ہوئی، جنرل ساحر شمشاد، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، ایئر چیف ظہیر بابر اور بحریہ کے چیف ایڈمرل نوید اشرف کو خاص طور پر قوم سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنرل سید عاصم منیر کے عزم وہمت اور دلیری نے دشمن کی جارحیت کے پرخچے اڑا دیئے، افواج پاکستان کے بہادروں نے اپنی قابلیت، جذبے، پیشہ وارانہ مہارت سے روایتی جنگ میں بھی بالا دستی کا لوہا منوایا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ، پاکستان کو فتح ہوئی، یہ اللہ کا کرم، عوام کے اتحاد کی وجہ سے ہوا، یہی ہماری اصل طاقت ہے، بتا دیا ہے کہ امن خواہش ہے کمزوری نہیں۔

آر پی او گوجرانولہ کا کمشنر نوید شیرازی کے ہمراہ سی ایم ایچ کا دورہ کیا

دفاع وطن کیلئے عظیم قربانیاں دینے والے بہادر غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ریجنل پولیس افیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ، کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کے ہمراہ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال سیالکوٹ کا دورہ کیا اس موقع پر مقامی فوجی قیادت ان کے ہمراہ تھی۔ وطن عزیز کے دفاع کی خاطر جانوں کی پرواہ کیے بغیر جرات، بہادری اور قربانی کی عظیم مثالیں قائم کرنے والے غازیان وطن کو بھارت کے ساتھ جنگ میں دلیری کیساتھ مقابلہ کرنے پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر جذبہ حب الوطنی سے بھرپور بلند حوصلہ جوانوں نے پاکستان زندہ باد مسلح افواج پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔

پاکستان کی افواج نے بھرپور جواب دیا ہندوستان کو عبرتناک شکست ہوئی

پاکستان آرمی نے دنیا کو بتایا کہ ہم پروفیشنل ہیں پاک آرمی کا پروفیشنل ازم جنگ کی جیت کا سبب بنا: راجہ پرویز اشرف

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان کی افواج نے بھرپور جواب دیا ہندوستان کو عبرتناک شکست ہوئی، پاکستان آرمی نے دنیا کو بتایا کہ ہم پروفیشنل ہیں پاک آرمی کا پروفیشنل ازم جنگ کی جیت کا سبب بنا، بھارت نے جنگ بندی کے باوجود اگر حملہ کی جسارت کی تو ناکام و نامراد ہوگا، ہماری افواج جاگ رہی ہیں جو دشمن کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف اور مرکزی راہنما پاکستان پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے نائب صدر پنجاب اعجاز احمد سماں کے ڈیرہ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امتیاز صفدر وڑائچ، ایم این اے و صدر خواتین ونگ پنجاب ثمینہ گھرکی، ندیم افضل چن، سید حسن مرتضیٰ، ڈویژنل جنرل سیکرٹری ملک طاہر اعوان، نائب صدر پنجاب، نائب صدر پنجاب چوہدری اختر کلاں، صدر چنیوٹ عنایت شاہ، صدام انور چیمہ ایڈووکیٹ، سجاول احمد سماں نعیم گوندل، چوہدری محمد طارق و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں محمد مشتاق گجر، ذوالفقار بریر میر، قاضی شہزاد احمد، ملک زاہد سمیت کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسی جوش و جذبہ سے اتحاد سے ہم اپنی اکانومی کو اوپر لے جائیں گے، ہم نے اتحاد و اتفاق اور اسی جذبہ سے ملک کے قرضے بھی اتارنے ہیں اور ملک کو ترقی یافتہ بھی بنانا ہے، قوم کے اتحاد و اتفاق اور افواج کے ساتھ یکجہتی نے ثابت کیا ہم افواج پاکستان سے بھرپور محبت کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے پاکستان کو فتح یاب کیا پاکستانی افواج دنیا کی بہترین افواج

CRIME
& COURT
جرم و سزا

12 سالہ جمشید کی پر اسرار موت، قتل یا طبعی موت؟ تحقیقات جاری

میاں چنوں کے گاؤں 44 پندرہ ایل میں 12 سالہ بچے جمشید کی نعش ایک ڈیرے سے برآمد ہوئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) 12 سالہ جمشید کی پر اسرار موت، قتل یا طبعی موت؟ تحقیقات جاری تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے گاؤں 44 پندرہ ایل میں 12 سالہ بچے جمشید کی نعش ایک ڈیرے سے برآمد ہوئی، ورثاء نے الزام عائد کیا ہے کہ بچے کو قتل کیا گیا ہے، اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی محمد سلیم اور ایس ایچ او شفقت سسرانہ موقع پر پہنچے اور تحقیقات کا آغاز کر دیا، پولیس کے مطابق معاملے کی تفتیش جاری ہے اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد اصل حقائق سامنے آئیں گے۔

اوکاڑہ کے نواح میں خاوند نے اپنی پہلی بیوی اور بیٹے کو ہمراہ دوسری بیوی کو تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں خاوند نے اپنی پہلی بیوی اور بیٹے کو ہمراہ دوسری بیوی کو تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا اور اسے بالوں سے پکڑ کر زمین پر گھسیٹتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ بستی معین آباد کی رہائشی صائمہ نورین کی دوسری شادی غلام فرید ولد منظور احمد سے ہوئی تھی جس کا اکثر گھریلو جھگڑا رہتا تھا گزشتہ روز صائمہ نورین نے اپنے بھائی سے ادھار لیکر دیتے ہوئے 8 لاکھ روپے اور اپنے 5 تولے طلائی زیورات کا مطالبہ کیا تو اس کے خاوند غلام فرید سا کی بیوی صوفیہ اکرام اور بیٹے قاسم فرید نے طیش میں آکر اسے تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا اور بالوں سے پکڑ کر زمین پر گھسیٹتے رہے پولیس تھانہ سٹی دیپالپور نے صائمہ نورین کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اللہ کریم نے وطن عزیز کو کفر پر فتح نصیب فرمائی: امیر عبدالقدیر اعوان شیخ

اس موقع پر قوم تمام اختلافات کو بھلا کر یکجان ہو کر دشمن کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ اللہ کریم نے وطن عزیز کو کفر پر فتح نصیب فرمائی اس موقع پر قوم تمام اختلافات کو بھلا کر یکجان ہو کر دشمن کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن گئی یہی جذبہ درکار ہے کہ ہم اپنے وطن کی تعمیر کر سکتے ہیں حملہ آور اقوام کا ایک ہی مقصد تھا اور ہے کہ یہاں کے بے پناہ قدرتی وسائل کو حاصل کریں اور حق والوں کو حق سے ہٹانا ہماری مسلح افواج کی چند گھنٹوں کی جوابی کاروائی نے پوری دنیا کو یہ باور کرا دیا ہے کہ ہمارے پاس جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ اللہ کی غیبی مدد بھی شامل حال ہے اللہ کریم نے اس قوم کو بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے کہ دنیا کی کوئی قوم ان سے مقابلہ نہیں کر سکتی اور اللہ کے نزدیک پسندیدہ دین، دین اسلام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماہانہ روحانی اجتماع کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ دین اسلام جہاں امن کا درس دیتا ہے وہاں ظلم کو روکنے کا ارشاد بھی فرماتا ہے ہمیں ہر لحاظ سے تیار رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ ہمیں آئندہ بھی اپنے دفاع کے لیے لڑنا پڑے گا اور اس کے لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے آپ کو پورے کا پورا دین اسلام میں ڈھال لیں اور اپنے گناہوں کی بخشش طلب کریں اللہ سے معافی مانگیں کیونکہ ہماری کمزوریوں کا واحد حل یہ ہے کہ ہم وہ راہ اختیار کریں جو اللہ اور اللہ کے حبیب ﷺ نے بتائی ہے وطن کی تعمیر اور ترقی کے لیے اس کے ہر شعبے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے پر 04 کس ملزمان پولیس کے شکنجے میں۔ مقدمات درج

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ہے: سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن شاہد رشید کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ انسپکٹر محمد ابوبکر و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بد رویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث تین کس ملزمان جبکہ ناجائز اسلحہ رکھنے پر 01 کس ملزم کو گرفتار کرلیا۔ منشیات فروشوں میں ملزم محمد منیر کے قبضہ سے ایک کلو تین سو گرام چرس، ملزم شاہد عرف لالی سے پانچ سو ساٹھ گرام چرس اور ملزم علی رضا سے پانچ سو ساٹھ گرام چرس جبکہ ملزم شہباز کے قبضہ سے ایک عدد ناجائز پسٹل 30 بور اور گولیاں برآمد کر لی۔ دوران تفتیش منشیات فروشوں نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتے اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتے تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی ٹیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔

محنت کش محمد یونس کی 16 سالہ بیٹی تین مجرمان موٹر سائیکل پر اغواء کرکے لے گئے مقدمہ درج

گھمبر چھاونی (نامہ نگار) تھانہ یوسف والا پولیس چوکی گھمبر کے علاقے سے محنت کش محمد یونس کی 16 سالہ بیٹی تین مجرمان موٹر سائیکل پر اغوا کر کے لے گئے مقدمہ درج تاحال محنت کش کی بیٹی بازیاب نہ ہوسکی تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ یوسف والا پولیس چوکی گھمبر کے نواہی گاؤں 53 فائیو ایل کے رہائشی محمد یونس کی 16 سالہ بیٹی تین مجرمان موٹر سائیکل پر اغوا کر کے لے گئے محنت کش محمد یونس کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ میری بیٹی کو بازیاب کروایا جائے مجرمان کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوائی جائے

اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کرکے ڈکیت گینگ کے چار خطرناک ڈاکوؤں کو گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کر کے ڈکیت گینگ کے چار خطرناک ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شاہبور کے ایس ایچ او ظفر اقبال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کر کے ڈکیت گینگ کے چار خطرناک ڈاکو نوید، حسن، صاحب اور عبدالعزیز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 4 لاکھ روپے نقدی، موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواح قصبہ قلعہ دیوا سنگھ کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو شہری کی گاڑی روک کر لوٹنے کی کوشش کر رہے تھے کہ اچانک پولیس آگئی جسے دیکھتے ہی ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو ڈاکو مشتاق عرف بڈھی اور رضوان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ جبکہ ایک ڈاکو فرار ہوگیا تھانہ حویلی لکھا کے ایس ایچ او غازی محمد سرور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب کرنے فرار ہونے والے ڈاکو اقبال ولد اللہ دتہ کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں حساس ادارہ کے اعلیٰ افسران سمیت ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں حساس ادارہ کے اعلیٰ افسران سمیت ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیس، سول ڈیفنس، ٹریفک پولیس، میونسپل کمیٹیوں، صحت، تعلیم، اور دیگر متعلقہ محکموں کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات کی تکمیل اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ تمام سرکاری افسران حکومتی ویژن کے تحت عوامی مسائل کے حل اور علاقہ کی تعمیر وترقی کے لیے کوشاں ہیں۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے پیش کی جانے والی کارکردگی رپورٹ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا گیا ہے جبکہ تجاوزات کا خاتمہ اور تزئین و آرائش کے کاموں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ٹریفک پولیس، پنجاب پٹرولنگ پولیس اور ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی مشترکہ کوششوں سے حادثات پر قابو پانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، اور اس سلسلہ میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں خصوصی مہم بھی چلائی جا رہی ہے۔

ننکانہ صاحب: سکھ کمیونٹی کے بچوں کے حادثے پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

موٹر سائیکل حادثات کی روک تھام کے لیے والدین اور معاشرے کو کردار ادا کرنے کی تلقین

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ صاحب ڈاکٹر طلحہ شیروانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب میں سکھ کمیونٹی کے بچوں ساگر سنگھ جسوندر سنگھ قیملا جیت سنگھ کے ساتھ پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے بچے کے لواحقین سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا گیا جبکہ متاثرہ بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ زخمی بچوں کے علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی کمی و کوتاہی نہ برتی جائے اور انہیں ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل حادثات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے، جس کی بڑی وجہ کم عمر بچوں کا موٹر سائیکل اور رکشہ چلانا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے کم سن بچوں کو موٹر سائیکل چلانے کی اجازت ہرگز نہ دیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے واضح کیا کہ ایسے کم سن بچوں کو جو موٹر سائیکل چلاتے نظر آئیں، ان کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے، موٹر سائیکل قبضہ میں لے کر والدین کا چالان و اندراج مقدمہ عمل میں لایا جائے تاکہ قیمتی جانوں کے ضیاع کو روکا جاسکے۔

پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی

ریلی کی قیادت امیدوار این اے 73 سید تصور عباس قادری اور رہنما پی پی 51 وقاص افتخار بٹ نے کی شرکاء نے قومی و پارٹی پرچم اٹھا رکھے تھے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت امیدوار این اے 73 سید تصور عباس قادری اور رہنما پی پی 51 وقاص افتخار بٹ نے کی شرکاء نے قومی و پارٹی پرچم اٹھا رکھے تھے پاکستان زندہ باد اور عمران خان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے ریلی میں کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی سید تصور عباس قادری نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے انہوں نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے جنگی جنون میں مبتلا بھارتی سورماؤں کو دھول چٹا دی ہے جس سے بھارت کا علاقہ میں تسلط اور بالا دستی کا خواب چکنا چور ہوگیا ہے اور بھارت کی تمام غلط فہمیاں بھی دور ہو گئی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ناقابل تسخیر ملک ہے اور ان شاء اللہ ہمیشہ قائم رہے گا پاکستان اپنے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے اور دشمن نے جب بھی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا اس کو منہ کی کھانی پڑے گی

معروف سماجی شخصیت سید شہباز حیدر کے گھر سے باہر دروازے کے سامنے کھڑی موٹر سائیکل چرا کر لے گئے

چوروں نے قلعہ احمد آباد پانچ دن قبل پاک بھارت کشیدگی کی وجہ سے حکومت کے اعلان کردہ بلیک آوٹ کا فائدہ اٹھایا



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد پانچ دن قبل پاک بھارت کشیدگی کی وجہ سے حکومت کے اعلان کردہ بلیک آوٹ کا فائدہ اٹھا کر چور قلعہ احمد آباد کی معروف سماجی شخصیت سید شہباز حیدر کے گھر سے باہر دروازے کے سامنے کھڑی موٹر سائیکل چرا کر لے گئے، واقعہ کا علم ہونے پر سید شہباز حیدر نے فوری طور پر 15 پر کال کی اور بعد ازاں تھانہ قلعہ احمد آباد جا کر ایف آئی آر کے اندراج کی درخواست دے دی ایف آر کا اندراج ہونے کے باوجود پولیس تھانہ احمد آباد تاحال کوئی کاروائی عمل میں نہ لاسکی جبکہ واقعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی موجود ہیں جو کہ ملزمان کو پکڑنے کے لئے مزید مدد کر سکتی ہیں جبکہ پولیس تھانہ احمد آباد کے مطابق کاروائی جاری ہے مگر ابھی تک ملزمان کا کوئی سراغ نہ مل سکا ہے جبکہ سید شہباز حیدر کا کہنا ہے کہ میری اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے اور میری موٹر سائیکل برآمد کروائی جائے تاکہ ملزمان کی حوصلہ شکنی ہوسکے۔

پولیس ہیلپ لائن پکار 15 کی ایک ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس ہیلپ لائن پکار 15 کی ایک ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی گزشتہ ایک ماہ میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر 21 ہزار سے زائد کالز موصول ہوئیں دو ہزار چار سو سے زائد کالز پر فوری کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو مدد فراہم کی گئی، 8 ہزار سے زائد کالز پر شہریوں کی راہنمائی کی گئی، موصول ہونے والی کالز میں سے 10 ہزار سے زائد کالز غیر ضروری ※ غیر متعلقہ تھیں، پولیس ہیلپ لائن پر جھوٹی کال کرنے والے 15 کالرز کیخلاف مقدمات درج ہوئے، 15 ایمرجنسی نمبر ہے ※ بغیر متعلقہ کالز سے پولیس کے وقت ※ وسائل کا ضیاع ہوتا ہے ※ ڈی پی او عبداللہ احمد نے کہا ہے کہ شہری احتیاط کریں اور پولیس ہیلپ لائن 15 پر صرف ایمرجنسی کی صورت میں مدد کیلئے کال کریں ※ ایمرجنسی نمبر پر جھوٹی کال کرنے والوں کیخلاف ضلع بھر میں کاروائیاں جاری ہیں۔

بس کی ٹکر سے ایک بھائی جاں بحق دوسرا شدید زخمی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بس کی ٹکر سے ایک بھائی جاں بحق دوسرا شدید زخمی۔ موترہ کے داؤد خاں کے دو بیٹے موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ بس نمبری CAG-005 جسے نامعلوم ڈرائیور چلا رہا تھا نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں اس کا بیٹا اول خاں موقع پر جاں بحق ہوگیا اور دوسرا بیٹا عقل خاں شدید زخمی ہوگیا موترہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

3 مختلف وارداتوں میں شہری طلائی زیورات نقدی، موٹر سائیکل و دیگر سامان سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین مختلف وارداتوں میں شہری طلائی زیورات، نقدی، موٹر سائیکل و دیگر سامان سے محروم محلہ حاجی نور پورہ کے حمزہ ابرار کے گھر کی کچی چھت توڑ کر نامعلوم چور سیف الماری سے 2 تولے طلائی زیورات نقدی ڈیڑھ لاکھ روپے چوری کر کے لے گئے آڈھا کے علی حیدر سے دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل، شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ اور دیگر کاغذات چھین کر لے گئے بھیلو مہار کے ابوسفیان سے تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 52 ہزار روپے، شناختی کارڈ اور ضروری کاغذات چھین لئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے

وفاقی وزیر مملکت رشید احمد خان اور ڈپٹی کمشنر کی بھارتی جارحیت سے شہید ہونے والے جوان مشتاق طفیل کے گھر آمد

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) وفاقی وزیر مملکت برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ ملک رشید احمد خان کا عسکری قیادت جی او سی لاہور ڈپٹی کمشنر قصور عمران ڈی پی او قصور عیسیٰ خاں کے ہمراہ بھارتی جارحیت کے دوران مرید کے شہید ہونے والے جوان مشتاق طفیل کی رہائش گاہ گہلن اتھاڑ آمد شہید کے درجات بلندی کے لیے دعا کی گئی وفاقی وزیر مملکت کا مشتاق شہید کے والد سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا آپ عظیم لوگ ہیں آپ کے بیٹے نے شہادت پائی ہمارے گھر کے دروازے آپ کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں ہماری افواج پاکستان نے اپنے شہداء کے ایک ایک خون کا بدلہ لیا ہے اور وطن کے لیے قربانی دینے والے شہداء کا نام ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا پاک فوج سمیت تمام ادارے سیاسی قیادت شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اظہار تشکر منایا گیا

نوجوانوں نے افواج پاکستان کے حق میں نعرہ بازی بھی کی جبکہ پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ملی نغمے اور ترانے بھی بجائے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاک فوج کے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر حافظ آباد میں فوج کے دیگر بڑی بڑی تصویر فلیکسز اور قومی پرچم اٹھائے مسلح افواج کے حق میں نعرہ بازی کی۔ اس



ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اظہار تشکر منایا گیا۔ فوارہ چوک میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ نوجوانوں نے افواج پاکستان کے حق میں نعرہ بازی بھی کی جبکہ پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ملی نغمے اور ترانے بھی بجائے گئے۔ حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے اور افواج پاکستان کے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر اظہار تشکر منایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر، سی او ایم سی اکرام اللہ سندھو سمیت ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران اور شہریوں کی بڑی تعداد نے فوارہ چوک جمع ہو کر پاک فوج سے بھرپور ملی و قومی یکجہتی کا اظہار کیا۔ شہریوں نے چیف آف آرمی سٹاف سید عاصم منیر، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت پاک فوج کے حق میں نعرہ بازی کی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے آتش بازی کا بھی شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ شہریوں نے پاک فوج سے اظہار یکجہتی کا عزم کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پوری قوم اپنے وطن پاکستان کے لیے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دشمن کے ہر حملے کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا۔ انکا کہنا تھا کہ دشمن بھارت کو ایک ہی رات میں پتا چل گیا ہوگا کہ پاکستانی ایک غیور اور غیرت مند قوم ہے۔ ملک پر کسی بھی قسم کا مشکل وقت آئے تو پوری قوم اپنی مسلح افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے اور انشاء اللہ ہم اپنے ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرنے والے بہادر فوجی افسران اور جوانوں کے ساتھ ملکر اپنے وطن عزیز کے دفاع کو مزید مضبوط بنائینگے

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

اعلان لاتعلقی

میں اپنے برادران حقیقی محمد رفیع محمد کیفی پسران خوشی محمد ساکن محلہ اسلام پورہ دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کو لڑائی جھگڑا ،بدزبانی ،نافرمانی وبدکردار بری عادات ہونے کی وجہ سے منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتے ہوئے آج کے بعد ان کے کسی بھی قول وفعل کا ذمہ دار نہ ہونگا اوران سے مکمل طور پر اعلان لاتعلقی کرتا ہوں۔ آج کے بعد جو شخص یاادارہ ان سے لین دین کرے گا یا کسی بھی قسم کی کریمنل سرگرمیوں میں ملوث ہونگے تو میں ہرگز ذمہ دار نہ ہونگا۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہر محمد عمران ولد خوشی محمد ساکن محلہ اسلام پورہ دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

بقیہ بقیہ جات 1

درمیان اعلان کردہ سیز فائر سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا۔ دونوں کے درمیان جنگ بندی برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ دونوں جانب سے فائرنگ نہیں ہوگی اور شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان 2 روز قبل ہونے والی جنگ بندی کے بعد ڈی جی ایم اوز کا یہ پہلا رابطہ تھا۔ رپورٹ کے مطابق رابطے کے دوران دونوں ممالک کے درمیان اعلان کردہ سیز فائر سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا۔ دونوں کے درمیان جنگ بندی برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ دونوں جانب سے فائرنگ نہیں ہوگی اور شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 2

صنعتوں کے خام مال پر ودہولڈنگ ٹیکس ختم کیے جانے کا امکان ہے، خام مال پر ود ہولڈنگ ٹیکس ختم ہونے سے ٹیکس ری فنڈ کا حجم کم ہوگا، بجٹ میں تعمیراتی صنعتوں کے لیے بھی خام مال پر ود ہولڈنگ ٹیکس میں کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ میں پراپرٹی کے لین دین پر بھی ودہولڈنگ ٹیکس ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، بجٹ میں پراپرٹی کی خرید وفروخت پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ختم ہونے کا امکان ہے۔ آئندہ بجٹ میں آئی ایم ایف کے ساتھ ودہولڈنگ ٹیکس ختم کرنے پر بھی خصوصی سیشن ہوگا، وزیراعظم کی ہدایات کی روشنی میں ریلیف پر آئی ایم ایف کوراضی کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 3

واضح کیا تھا کہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا اور آپریشن بنیان مرصوص قوم سے کیے گئے اس وعدے کی تکمیل ہے، الحمدللہ! آرمی چیف نے قرآن کریم کی آیات کا حوالہ دے کر کہا تھا کہ اللہ کی مدد اور نصرت سے یہ کتنی مرتبہ ہوا کہ ایک چھوٹی طاقت نے بڑی طاقت کو شکست دی۔ الحمدللہ! تاریخ نے یہ ثابت کیا ہے کہ افواج پاکستان اور قوم ہر جارحیت کے خلاف پوری قوت سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئے ہیں۔ آرمی چیف کا کہنا تھا کہ علاقائی سالمیت اور خود مختاری کے تحفظ کی لیے پاکستان میں بھرپور دفاعی صلاحیت موجود ہے، ملکی سالمیت کا دفاع کیسے کرنا ہے یہ ہم بخوبی جانتے ہیں، 13 لاکھ بھارتی فوج اپنے تمام تر ہتھیاروں سے ہمیں ڈرا اور دھمکا نہیں سکتی۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے اور ہم نے اس ملک کو بنانے کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور ہم اسکی حفاظت کرنا بھی جانتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا تھا کہ ہم بھارت کی طاقت، مکاری اور جارحیت سے مرعوب ہونے والی قوم نہیں ہیں، اب ہمارے جواب کا انتظار کرو۔ دفاعی ماہرین کے مطابق دنیا نے دیکھا کہ افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کو کس طرح منہ توڑ جواب دے کر بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا، افواج پاکستان نے اپنے جذبہ شوق شہادت اور عمل سے یہ ثابت کردیا کہ دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نقصان پہنچانے کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 4

میں سپر ٹیکس کے 200 ارب کے مقدمات زیرالتوا ہیں۔ ذرائع ایف بی آر نے بتایا کہ 2022 میں عام آدمی کو ٹیکس سے بچانے کے لیے بڑی صنعتوں پر ٹیکس لگایا گیا تھا، سیمنٹ، اسٹیل، شوگر انڈسٹری، آئل اینڈ گیس، ایل این جی ٹرمینل پر سپر ٹیکس عائد کیا گیا تھا۔ اس وقت ملک کی بڑی صنعتوں پر ٹیکس کے علاوہ 10 فیصد سپر ٹیکس عائد ہے، اس وقت 10 فیصد سپر ٹیکس کو ملا کر بڑی صنعتوں پر ٹیکس شرح 39 فیصد ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 8.8 فیصد بڑھ کر 10.4 فیصد ہو چکی ہے، جون تک ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 10.6 فیصد پر لے جائیں گے جبکہ اگلے سال کیلئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کا ہدف 11 فیصد مقرر کیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 5

سے کرتار پور راہداری بند رہی۔ دربار انتظامیہ کے مطابق موجودہ صورتحال میں بھارت کی جانب سے نہ تو یاتریوں کی تفصیلات دی جا رہی ہیں اور نہ ہی راہداری سے یاتری آرہے ہیں۔ دربار انتظامیہ کے مطابق ہم اپنے سکھ بھائیوں کی میزبانی کیلئے ہر وقت تیار ہیں اور پاکستان کی جانب سے کرتار پور راہداری معمول کے مطابق کھلی ہے۔ دربار بابا گرونانک پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے یاتریوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے، دربار انتظامیہ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کب تک راہداری بند رہے گی یہ بتانا مشکل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

گردی گزشتہ 20 یا 30 سال سے ہو رہی ہے، پاکستان دہشت گردی کا سب سے بڑا شکار ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے بھارت اور پاکستان کیلئے یہ سنہری موقع ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ٹرمپ نے مسئلہ کشمیر پر بات کرکے ایک اور پیشرفت کی ہے، ٹرمپ نے کہا کہ کشمیر کا معاملہ بھی زیر بحث آنا چاہیے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کتنی بڑی ستم ظریفی ہے کہ دہشت گردی کے سب سے زیادہ شکار ملک پر دہشت گردی کا الزام لگا کر حملہ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 7

دفاع نے کہا کہ پاکستان گزشتہ دو سے تین دہائیوں سے دہشتگردی کا سب سے بڑا شکار رہا ہے اور اب وقت آگیا ہے کہ بھارت کے ساتھ اہم مسائل پر بامعنی مذاکرات کیے جائیں۔ مذاکرات میں تین میجر پوائنٹس ہیں کشمیر، دہشت گردی اور پانی یہ تین ایسے معاملات ہیں جو پچھلے 76 سال سے ان کی تاریخ ہے۔ ان تینوں معاملات پر بحث ہونی چاہیے۔ پاکستان میں دہشتگردی گزشتہ 20 یا 30 سال سے ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر نے مسئلہ کشمیر پر بات کرکے ایک اور پیشرفت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کا معاملہ بھی زیر بحث آنا چاہیے۔ پاکستان دہشتگردی کا سب سے بڑا شکار ہے اور کتنی بڑی ستم ظریفی ہے کہ دہشت گردی کے شکار ملک پر الزام لگا کر حملہ کیا جائے۔ دہشت گردی صرف پاکستان کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے خطے کے امن واستحکام کیلئے خطرہ ہے اور اس کا حل اجتماعی سوچ اور تعاون میں ہے۔ جو ملک

دہشتگردی کا سب سے بڑا شکار ہے اس پر الزام لگا کر حملہ کیا جائے یہ ستم ظریفی ہے۔ پانی کا مسئلہ 1960 کے معاہدے میں سیٹل ہے اسے معطل کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان تقریباً ساری جنگیں ہی کشمیر پر لڑی گئی ہیں۔ پرسوں والی جنگ بھی کشمیر کا مسئلہ تھا۔ مودی نے خطے کو جہنم میں دھکیلنے کی کوشش کی۔ افواج پاکستان بھارت کے سامنے آہنی دیوار بن کر کھڑی ہوگئیں اور بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی کشمیر کو مذاکراتی ایجنڈے کا حصہ بنانے کی حمایت کی ہے جو ایک مثبت پیش رفت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام دیرینہ تنازعات کو بات چیت سے حل کیا جائے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔ ہم نے جس طرح منہ توڑ جواب دیا وہ زخم سہلا رہے ہیں، ان کی پارلیمنٹ میں مودی کو برا بھلا کہا جا رہا ہے یہ اس بات کی علامت ہے، ان کا میڈیا اور فوجی بریفنگ میں اس کی جھلک نظر آرہی ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان نے اپنے تحمل اور فوجی طاقت کا لوہا منوایا ہے۔ پاکستان کو پچھلے 77 سال میں اتنی بڑی کامیابی کبھی نہیں ملی۔ یہ ہماری ڈپلومیٹک فتح بھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

سالمیت کا دفاع کیسے کرنا ہے یہ ہم بخوبی جانتے ہیں۔ دوسری جانب ڈی جی آئی ایس پی آر کی بات بھی سچ ثابت ہوگئی جس میں انہوں نے کہا تھا کہ اب ہمارے جواب کا انتظار کرو، یہ جواب دنیا بتائے گی تو پاکستان نے بھارتی جارحیت کے جواب پر پوری دنیا چونک اٹھی۔ "آپریشن بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص" کی کامیابی کے بعد پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یاددہانی کیلئے آرمی چیف کے بیانات کی ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں انہیں ملکی سالمیت اور خودمختاری کیلئے بات کرتے سنا جا سکتا ہے۔ "آپریشن بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص" کے ذریعے پاکستان نے اپنی دفاعی طاقت، قومی وحدت اور عزم کا مظاہرہ کرکے بھارت کو عملی اور منہ توڑ جواب دیا، افواج پاکستان نے جو کہا وہ کر کے دکھایا، الحمدللہ! پاکستان نے متعدد بار بھارت کو خبردار کیا تھا کہ وہ پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھے، آرمی چیف نے اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا تھا کہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، آپریشن "بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص" قوم سے کیے گئے اس وعدے کی تکمیل ہے، الحمدللہ! آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے قرآن کریم کی آیات کا حوالہ دے کر کہا تھا کہ اللہ کی مدد اور نصرت سے یہ کتنی مرتبہ ہوا کہ ایک چھوٹی طاقت نے بڑی طاقت کو شکست دی۔

بقیہ بقیہ جات 9

ہونے والے علی حیدر کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ راولپنڈی اسٹیڈیم ڈرون حملے میں علی حیدر کے دو کزن بھی زخمی ہوئے، جو بھی ممکن ہوا شہید کے اہل خانہ کے لئے کریں گے، علی حیدر اپنے والدین کا واحد سہارا تھا، اللہ شہید کے والدین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے خون کی وجہ سے بھارت کے خلاف کامیابی ملی ہے، ہماری افواج نے دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، شہداء قوم کا فخر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب بھارت ایڈونچر کرنے سے پہلے سو مرتبہ سوچے گا، پہلے بری، بحریہ اور فضائیہ جنگ لڑتی تھیں اب جنگ پانچ حصوں میں ہوتی ہے جس میں چوتھی سفارتکاری اور پانچواں میڈیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہم نے پانچوں محاذوں پر بھارت کو بری طرح شکست دی ہے۔ انہوں نے بھارت کی جانب سے پراکسی کے ذریعے دہشتگردی کے حوالے سے کہا کہ ان کو اس میں بھی اسی طرح شکست ہوگی۔ دہشتگردوں کے خلاف سخت کارروائیوں کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ آپ آنے والے دنوں میں اس حوالے سے بھی دیکھیں گے دہشتگردوں کے پاؤں اکھڑ رہے ہیں اور مزید کارروائیاں ہوں گی۔ انہوں نے پی ایس ایل کے حوالے سے کہا کہ اس کا جلد ہی فیصلہ کرلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کسی طرح کی دہشتگردی سے کوئی تعلق نہیں، بھارت نے پہلگام کا ڈرامہ رچایا، کیونکہ وہاں کی فلم انڈسٹری بڑی زبردست ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

دن ہے، جس روز انسانی جان کی حرمت پامال اور جمہوری اقدار کو دن دہاڑے روندا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمیں جمہوریت عظیم قربانیوں کے بعد ملی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ کراچی کے عوام، وکلاء، سیاسی کارکنان اور سول سوسائٹی نے آئین کی سربلندی اور عدلیہ کی آزادی کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ درجنوں بے گناہ شہریوں کو بے رحمی سے شہید اور سینکڑوں کو زخمی کیا گیا صرف اس لیے کہ وہ جمہوریت، آئین اور عدلیہ کے ساتھ کھڑے تھے۔ پی پی پی چیئرمین نے واضح کیا کہ اگر پاکستان نے آگے بڑھنا ہے تو ہمیں ایسے المناک سانحات کو دہرانے سے روکنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہداء کے خاندانوں کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور اس جدوجہد کا حصہ رہے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے مزید کہا کہ ہم سانحہ 12 مئی کے شہداء کو نہیں بھولے، نہ ہی قوم نے فراموش کیا ہے، اور ہماری آنے والی نسلیں بھی اس المناک دن کے مجرموں کی ہمیشہ مذمت کرتی رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آمریت اور تشدد کا سامنا کیا ہے اور قربانیوں کی طویل تاریخ اس کی گواہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آج کا دن ان عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرنے کا دن ہے۔ واضح رہے کہ 12 مئی 2007 کو سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری کی کراچی آمد پر فائرنگ کے واقعات رونما ہوئے تھے۔ فائرنگ سے جاں بحق 50 سے زائد شہریوں کے اہلخانہ آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

کا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ 10 مئی کو ہر سال "یوم فتح پاکستان" کے طور پر سرکاری سطح پر منایا جائے۔ یہ ایوان پاکستان کی مسلح افواج کو مئی 2025 کی جنگ میں عظیم کامیابی پر مبارکباد دیتا ہے۔ بھارت کی جانب سے طاقت کا توازن بدلنے کی کوشش ناکام ہوئی۔ جمع کرائی گئی قرارداد کے مطابق پاکستان نے حکمت، تحمل اور عسکری مہارت سے دشمن کو فیصلہ کن شکست دی، پاکستان نے صرف عسکری اہداف کو نشانہ بنا کر اخلاقی برتری بھی ثابت کی، بھارتی عسکری ساز و سامان، بشمول رافیل، براہموس اور ایس 400 ناکام ہوگئے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ پاکستان اور چین کا اتحاد اب خطے میں نئی عسکری حقیقت بن چکا ہے، یہ ایوان آرمی چیف جنرل عاصم منیر، جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، پاک فضائیہ، بحریہ اور آپریشن بنیان مرصوص کے تمام شرکا کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ قرارداد میں مزید کہا گیا کہ یہ ایوان ان شہدا اور معصوم بچوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا، پاکستان ہمیشہ زندہ باد، افواج پاکستان پائندہ باد۔

بقیہ بقیہ جات 12

الاؤنس جاری نہ کرنے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا نے درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ شوہر نوید اختر بطور سول جج فرائض سرانجام دیتے رہے، شوہر کے انتقال کے بعد پنشن کے ساتھ اسپیشل جوڈیشل الاؤنس دیا جاتا رہا ہے، سال 2019 سے سال 2022 تک اسپیشل جوڈیشل الاؤنس دیا گیا، سال 2022 میں اچانک اسپیشل جوڈیشل الاؤنس بند کردیا گیا ہے۔ استدعا ہے عدالت اسپیشل جوڈیشل الاؤنس جاری کرنے کا حکم دے۔ سرکاری وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اسپیشل جوڈیشل الاؤنس کارکردگی کی بنیاد پر دیا جاتا ہے، سول جج بطور او ایس ڈی کام کرتے رہے ہیں، او ایس ڈی کو اسپیشل جوڈیشل الاؤنس نہیں دیا جا سکتا، سول جج کی بیوہ کو پنشن کے ساتھ اسپیشل جوڈیشل الاؤنس نہیں دیا جا سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 13

نو مئی کے آٹھ مقدمات میں ضمانت کیلئے دائر درخواست سماعت کے لیے مقرر ہوگئی۔ جسٹس سید شہباز علی رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 15 مئی کو سماعت کرے گا، عدالت نے اسپیشل پراسیکیوٹر کو دلائل کیلئے طلب کیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر ایڈووکیٹ کی وساطت سے ضمانت کیلئے درخواستیں دائر کر رکھی ہیں، جناح ہاؤس، عسکری ٹاور جلاؤ گھیراؤ سمیت آٹھ مقدمات میں درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

کے مطابق علیمہ خان نے پی اے سی کی چیئرمین شپ سے متعلق بانی پی ٹی آئی عمران خان کا پیغام پارٹی قیادت کو پہنچا دیا ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے جنید اکبر کو پی اے سی کی چیئرمین شپ چھوڑنے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علیمہ خان نے بانی پی ٹی آئی کا تحریری حکم پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر اور سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا کو پہنچایا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ہدایت کی ہے کہ جنید اکبر پارٹی عہدے پر مکمل توجہ دیں۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ جنید اکبر کی جگہ عمر ایوب کو پی اے سی کا چیئرمین بنائے جانے کا امکان ہے۔ اس حوالے سے جنید اکبر کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان جب کہیں گے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی چیئرمین شپ چھوڑ دوں گا۔ دوسری جانب سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا کا کہنا ہے یہ پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے، فی الحال اس معاملے پر کوئی موقف نہیں دینا چاہتا۔

بقیہ بقیہ جات 15

فریقین کے غرور اور لاعلمی سے جنم لیتی ہیں، بھارت نے پہلگام حملے کے شواہد دینے کے بجائے پاکستان پر حملہ کیا، عام تاثر تھا کہ بھارت کو پاکستان پر برتری حاصل ہے مگر پاکستان نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا لیا۔ امریکی جریدے نے لکھا کہ بھارت کو نیوکلیئر کمانڈ اور کنٹرول سسٹم میں پاکستان سے بہتر تصور کیا جاتا رہا مگر پاکستان فوج نے غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، بھارت کے پاس یورپی اور روسی ساختہ جدید ہتھیاروں کا امتزاج ہے جبکہ پاکستان کو چین اور ترکی کی مدد حاصل رہی۔ نیشنل انٹرسٹ کے مطابق پاکستان ایئرفورس نے ابتدائی بھارتی فضائی حملوں کو روک کر غیر معمولی دفاع صلاحیت ثابت کی، پاکستان نے آپریشن کے آغاز میں ہی بھارتی فضائیہ کے 5 جنگی طیارے مار گرائے۔ امریکی جریدے نے لکھا کہ بھارتی پائلٹس کی مناسب فلائٹ ٹریننگ کی شدید کمی ہے، بھارتی ایئر فورس کی غیر معیاری ٹریننگ نے بھارتی جنگی صلاحیت کو متاثر کیا اور بھارت کے جدید ترین رافیل طیاروں کا نقصان، نئی دہلی کی ساکھ کے لیے ایک بڑا دھچکا ہے۔ نیشنل انٹرسٹ کے مطابق پاکستانی فضائیہ کی برتری کی بڑی وجہ پاک فضائیہ کے پائلٹس کی بہتر تربیت اور جنگی تجربہ ہے، پاکستانی پائلٹس افغانستان کے ساتھ سرحدی علاقے میں مسلسل انسداد دہشت گردی آپریشنز کرتے رہے ہیں۔ امریکی جریدے نے تجزیہ کیا کہ بھارتی خارجہ پالیسی نے اسے عالمی حمایت سے محروم کر رکھا ہے، روس، بھارت کا دیرینہ اتحادی ہے مگر وہ بھی اس تنازعے پر خاموش رہا۔

بقیہ بقیہ جات 16

سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کی وجہ سے اس مقام پر آ کھڑے ہیں، جس کی بعد میں ہمیں توقع نہیں تھی، امریکا مسئلہ کشمیر میں دلچسپی لے رہا ہے کہ وہ نگران یا ثالثی کا کردار کرے۔

بقیہ بقیہ جات 17

عیسی، الحدیدہ اور الصلیف پر شہریوں کو انخلا کا حکم جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان افیخائی ادرعی نے کہا ہے کہ فوج نے یمن کی تین بندرگاہوں، راس عیسی، الحدیدہ اور الصلیف کو خالی کرنے کے انتباہ جاری کیا اور کہا کہ یمن کی حوثی جماعت ان بندرگاہوں کو استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

کا سمجھوتہ قبول نہیں کرے گی، مسئلہ کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق پیش رفت ہونی چاہیے۔ سندھ طاس معاہدہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اسلام آباد میں پرتاب سنگھ کی قیادت میں سکھ برادری کے وفد نے امیر جماعت سے ملاقات کی۔ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پوری قوم ملک کی حفاظت اور سالمیت کے لیے متحد اور یکسو ہے۔ قوم نے وطن کی حفاظت کے لیے تمام سیاسی اختلافات بھلا دیئے، یہ ایک نیک شگون ہے۔ حکومت اب ذمہ داری کا مظاہرہ کرے اور اس اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے فوری اور مناسب اقدامات اٹھائے۔ امیر جماعت نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کو بڑی کامیابی ملی ہے۔ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کوئی کردار ادا کرنا چاہتا ہے تو بظاہر اس میں مضائقہ نہیں مگر حکمران کسی دھوکے کا شکار ہوئے بغیر مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کے اقدام کے لیے بات چیت کریں۔

بقیہ بقیہ جات 19

ایرانی عازمین شامل ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق بقیہ عازمین کی آمد آئندہ 5 ذی الحجہ تک سعودی عرب کے تین ہوائی اڈوں کے ذریعے جاری رہے گی۔ ایرانی عازمین حج کے امور کے سربراہ ناصر حویزاوی نے بتایا کہ اس سال ایرانی عازمین حج کی مجموعی تعداد تقریباً 85 ہزار تک پہنچ جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 20

ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وفاقی وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، اور رکن صوبائی اسمبلی ملک سعید احمد خان نے بھی شرکت کی۔ نماز جنازہ کا انعقاد کھڈیاں خاص کے ہائی سکول میں کیا گیا، جہاں پاک افواج اور قوم کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر اعلی فوجی افسران، بیوروکریسی اور پولیس افسران سمیت ہزاروں شہری بھی موجود تھے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے آبائی علاقے کھڈیاں خاص میں ہونے والی اس غائبانہ نماز جنازہ میں عسکری و سرکاری حکام کی بڑی تعداد شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے موجود تھی۔ غائبانہ نماز جنازہ کے بعد پاکستانی قوم کی یکجہتی اور شہدا کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کا پیغام دیا گیا اور اس موقع پر ملکی سلامتی اور امن کے لیے دعائیں بھی کی گئیں۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے شہدا کو کبھی نہیں بھولے گی، اور ہم ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لیے ہر طرح کی قربانی دینے والے ہمارے بہادر سپاہی قوم کے ہیرو ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

فون پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ولی عہد نے شام کے ساتھ اقتصادی تعاون بڑھانے میں مملکت کی دلچسپی کا بھی اظہار کیا۔ اس امر کا اظہار شامی ایوان صدر کی طرف سے جاری کیے گئے بیان میں کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے شام کی سلامتی و استحکام کی حمایت کی اور ملکی اتحاد کے لیے سیاسی حل کی حوصلہ افزائی کی۔ شام کی تعمیر نو میں تعاون کے لیے مملکت کے عزم کا اعادہ کیا۔ علاوہ ازیں سعودی عرب کی شام کے ساتھ اقتصادی و سرمایہ کاری معاملات میں وسعت دینے کی خواہش پر بھی زور دیا۔ شامی صدر احمد الشرع نے شام کی علاقائی سالمیت واستحکام کی مضبوطی کے لیے مملکت کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صدر احمد الشرع نے شام پر حالیہ اسرائیلی حملوں میں شام کے لیے سعودی حمایت پر مملکت کے کردار کی تعریف کی۔

بقیہ بقیہ جات 22

ہوگیا، وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکی صدر کو مذاکرات کے نتائج سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ چین کے ساتھ مذاکرات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، تجارتی معاہدے کی تفصیلات صبح جاری کی جائیں گی۔ امریکی وزیرخزانہ نے سوئس حکومت کی میزبانی پر شکریہ ادا کیا، مذاکرات میں امریکی نائب صدر، دو وزرا اور سفیر شریک ہوئے۔ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریز کا کہنا تھا کہ چین کے ساتھ مذاکرات کے نتیجے میں مثبت پیش رفت ہوئی، معاہدہ تجارتی خسارہ کم کرنے میں مددگار ہوگا۔ جیمیسن گریز کا مزید کہنا تھا کہ امریکا کو 1.2 ٹریلین ڈالر تجارتی خسارہ کم کرنے کیلئے معاہدہ اہم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

بھی منعقد ہوا۔ کمشنر اشفاق احمد چوہدری اور چیف انجینئر انہار نے اجلاس کے دوران بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد، ڈی پی او اسید علی و دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔ ڈی جی خان ڈویژن کے دیگر ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز اور متعلقہ افسران نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر کو دریاؤں بالخصوص رودکوہیوں کے سیلاب سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ڈی جی خان ڈویژن میں فلڈ مینجمنٹ کیلئے سروے کروایا جا رہا ہے۔ سیلابی پانی سے قیمتی انسانی جانوں اور املاک کو محفوظ بنانا ہے۔ ڈی جی خان اور راجن پور اضلاع کے 13 چھوٹی بڑی رودکوہیوں کی فزیبلٹی سٹڈی جاری ہے۔ رودکوہیوں کے پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے چھوٹے بڑے ڈیمز تجویز کیے جائیں گے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ڈی جی خان اور راجن پور میں رود کوہیوں کے قدرتی چینلز کی 21 جگہوں پر بھل صفائی جاری ہے۔ بھل صفائی 31 مئی تک مکمل کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ فلڈ کیریئر چینلز کی صفائی کرکے دریا تک سیلابی پانی کو محفوظ راستہ دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 24

دھماکوں کے تناظر میں محسن ملک وقوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ذوالفقار علی بھٹو اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے کرداروں کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں میں چاغی کے مقام پر بھارت کی جانب سے ایٹمی دھماکوں کے بعد سات ایٹمی دھماکے کرکے دنیا بھر میں ساتویں ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ ازیں امریکہ، برطانیہ، روس، چین، فرانس اور بھارت ایٹمی طاقت کے حامل ملک ہیں پاکستان نے ایٹمی دھماکے کرکے پہلی اسلامی ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اعلان اس کے عہدیداروں کی جانب سے دوحہ میں امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات کے اعلان کے فوراً بعد کیا گیا ہے۔ ان مذاکرات میں جنگ بندی اور غزہ میں امداد کی ترسیل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 26

نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری نے کہا، جموں وکشمیر میں 93 فیصد مسلمان آبادی تھی، گہری سازش کے تحت جموں کشمیر کا علاقہ پاکستان سے لیا گیا لیکن کل کے بعد سے پاکستان نے واضح کردیا کہ اصل مسئلہ کشمیر کا ہے اور مسئلہ کشمیر کا حل بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا جواب دیکھ کر بھارت خوفزدہ ہوا، بھارت پاکستان کو کمزور نہ جانے، بیٹھ کر بات کرلے تو ان کے لیے بہتر ہوگا، بھارت جتنا جلدی سمجھے اس کے لیے اچھا ہے۔ سابق سیکرٹری خارجہ کا کہنا تھا کہ امن ایک پراسس ہے اور بات چیت سے بہت سے مسائل حل ہوجاتے ہیں، بھارت کو مذاکرات کی میز پر آنا چاہیے، بھارت کو چاہیے کہ انڈس واٹر ٹریٹی کی معطلی کو رول بیک کرے، بھارت کو اندازہ ہوجانا چاہیے کہ کشمیری ان کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے۔

بقیہ بقیہ جات 27

فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی پر گہرے تشکر اور فخر کا اظہار کیا ہے، یہ عالمی سطح پر سکھ قوم کی نظریاتی بصیرت، اتحاد اور اصول پسندی کا مظہر ہے۔ سکھ قوم نے ایک مرتبہ پھر ثابت کیا ہے کہ وہ امن، بھائی چارے اور حق کے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتی، دنیا بھر، بالخصوص بھارت، امریکہ، کینیڈا، یورپ اور سوئٹزرلینڈ میں بسنے والے سکھوں کا پاک فوج کے موقف کی تائید کرنا ایک تاریخی پیغام ہے جو بتاتا ہے کہ سچ کو کسی حمایت کسی سرحد کی محتاج نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد بعض شرپسند عناصر کی طرف سے سکھ کمیونٹی کو تقسیم کرنے کی کوششیں ناکام ہوئیں اور سکھ قوم نے اتحاد و یگانگت کی روشن مثال قائم کی۔ بھارتی سکھ نوجوانوں کی جانب سے جاری کردہ گانا جس میں کہا گیا کہ "ہم پاکستان کو مردہ باد نہیں کہہ سکتے" ۔۔۔ نہ صرف جرات مندانہ موقف ہے بلکہ عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا پیغام بھی ہے۔ صوبائی وزیر نے انٹرنیشنل سکھ ڈائس پورا اور ورلڈ سکھ پارلیمنٹ کے مثبت اور تعمیری موقف کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابا گرونانک دیوجی کی تعلیمات آج بھی دنیا کو امن، رواداری اور مساوات کی راہ دکھا رہی ہیں۔ پاکستانی سکھ کمیونٹی ملک کے آئین، افواج اور ریاستی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ ہم اقلیت نہیں، پاکستان کے باوقار شہری ہیں، اور ہر مشکل گھڑی میں اپنی افواج اور وطن کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ رمیش سنگھ نے دنیا بھر میں بسنے والی سکھ برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن سکھ قوم کے وقار، بصیرت اور امن کے مشن کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

متعلق بیان خوش آئند ہے۔ پاکستان سمجھتا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان سب سے اہم مسئلہ بھی کشمیر ہے۔ اگر امریکی صدر کشمیر کا مسئلہ حل کروانا چاہتے ہیں تو اس کا کوئی اور فارمولہ قابل قبول نہ ہوگا، کشمیر کا مسئلہ پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل قبول کرے گا۔ کشمیر ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے خطہ ہر وقت خطرات سے دوچار رہتا ہے، بھارت نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے قوانین کی خلاف ورزی کی ہے، مقبوضہ جموں وکشمیر میں سات لاکھ سے زائد بھارتی فوج دن رات مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیل رہی ہے، مسلمانوں کی نہ جان محفوظ ہے نہ مال محفوظ ہے، پاکستان کا ہمیشہ موقف رہا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ہے، اب اگر امریکی صدر نے کشمیر کے مسئلہ کو حل کرانے کی بات کر ہی دی ہے تو وہ یہ یاد رکھیں اور کوئی فارمولہ قابل قبول نہ ہوگا، صرف اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق کشمیر کا مسئلہ حل تصور کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 29

کے باوجود 24 بھارتی ایئرپورٹس تاحال بند ہیں۔ تفصیلات کے مطابق دونوں ممالک میں جنگ بندی کے باوجود 24 ایئرپورٹ کا فلائٹ آپریشن آج بھی غیر فعال ہے، تمام طیارے ہٹا لیے گئے ہیں جبکہ آج کی 444 پروازیں منسوخ ہو چکی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امرتسر، سرینگر، جموں، لداخ، دھرم شالا، شملہ، آدم پور، چندی گڑھ سمیت مختلف شہروں میں آج بھی تمام پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 7 دن سے بند سری نگر ایئرپورٹ سے روزانہ کی 65 پروازیں منسوخ کردی گئیں، لداخ کے لیح کوشک ایئرپورٹ کی آج بھی تمام 30 پروازیں منسوخ ہیں جبکہ جموں ایئرپورٹ کی 30 پروازیں منسوخ ہیں اور تمام طیارے ہٹا لیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ دھرمشالہ کی 14، چندیگڑھ کی آج کی تمام 84 پروازیں، جودھ پور ایئرپورٹ کی 20 پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں، راجکوٹ ہیرا سر ایئرپورٹ کی 20 پروازیں آج بھی منسوخ اور گجرات کے بھوج ایئرپورٹ سے بھی 10 پروازیں منسوخ کردی گئیں ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بھارت کے متعدد ایئرپورٹس غیر فعال ہیں اور ان ایئرپورٹس سے آج کی شیڈول فلائٹس معطل کردی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

نے امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی پوسٹ کا عکس شیئر کیا جس میں کہا گیا تھا کہ اسرائیل کی ناکہ بندی کے باعث غزہ کے بچے بھوک کا شکار ہیں اور مریض دم توڑ رہے ہیں۔ ملالہ یوسف زئی کا کہنا تھا کہ یہ دل دہلا دینے والی صورتحال ہے کیونکہ غزہ میں معصوم فلسطینی بچے بھوک اور موت کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے دوچار ہیں۔ ملالہ کا کہنا تھا کہ میں ان کی حفاظت اور روشن مستقبل کے لیے دعا گو ہوں۔ میں مطالبہ کرتی ہوں کہ فوری طور پر غزہ میں امداد فراہم کی جائے اور مستقل جنگ بندی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 31

بھر کے تعلیمی ادارے پیر کو معمول کے مطابق کھل گئے۔ ذرائع کے مطابق تمام نجی وسرکاری اسکولوں میں تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ہو گیا۔ لاہور تعلیمی بورڈ کے تحت انٹر پارٹ ٹو تھیوری کے امتحانات بھی شیڈول کے مطابق ہوتے رہے، میٹرک امتحانات کے پریکٹیکل بھی آج سے شیڈول کے مطابق لئے جا رہے ہیں۔ انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو اور میٹرک پریکٹیکل کے ملتوی پرچوں کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز محکمہ سکول ایجوکیشن اتھارٹی اور ہائر ایجوکیشن نے آج (12 مئی) سے تمام تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھولنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ خیال رہے کہ پاک بھارت کشیدگی کے پیش نظر پنجاب بھر کے تعلیمی ادارے 9 اور 10 مئی کو بند رکھنے کا اعلان کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 32

گئے لیکن ذمہ دار آج بھی قانون کے شکنجے سے آزاد ہیں۔ سانحہ 12 مئی کے زیر سماعت 7 مقدمات میں سے ایک مقدمے کا فیصلہ ہوا جس میں ملزمان کو بری کردیا گیا جبکہ 6 مقدمات انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں۔ 12 مئی 2007 کو کراچی میں قتل کیے گئے 50 سے زائد شہریوں کے اہلخانہ آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔ واضح رہے کہ 12 مئی 2007 کو فائرنگ کے واقعات اُس وقت کے چیف جسٹس افتخار چوہدری کی کراچی آمد پر رونما ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 33

پاکستان کا مقدمہ لڑنے پر سلام پیش کرتے ہیں۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ پاک فوج نے میدان اور بلاول بھٹو زرداری نے عالمی میڈیا کا میدان سنبھال رکھا تھا۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان کا عالمی سطح پر بیانیہ بنانے میں بلاول بھٹو زرداری کامیاب رہے، پاکستان نے بھارت کو ہر سطح پر رسوا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں اجارہ داری کا بھارتی کا خواب ملیامیٹ ہوگیا ہے، دنیا پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کی تعریف کر رہی ہے جس سے قوم کا سر فخر سے بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ قائم و دائم رہنے کیلئے بنا ہے اس کی سیاسی وعسکری قیادت دشمن کے سامنے مضبوط اور متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت نے قوم کو بھی ایک مضبوط قوم اور یکجا کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 34

بھی لاک کر دیا ہے۔ دوسری جانب بھارتی سیاستدانوں، غیر ملکی سفارت کاروں اور بھارتی ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن نے وکرم مسری سے اظہار یکجہتی کیا اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھانے والے سول سرونٹس پر بلا جواز ذاتی حملے قابل افسوس قرار دیے۔

بقیہ بقیہ جات 35

میں اسلحہ سے لیس ڈاکوؤں کے درجنوں گروہوں کے ارکان دندناتے پھر رہے ہیں جو اسلحہ کے زور پر گھروں، شاہراہوں اور گلی محلوں میں شہریوں کو لوٹ کر فرار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر لاہور میں قتل، اقدام قتل، اغوا برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے 100 دنوں کے دوران مختلف نوعیت کی 353 سنگین وارداتیں رپورٹ ہوئیں لاہور میں رواں سال مختلف وجوہات کی بنیاد پر 112 افراد کو قتل کیا گیا جبکہ اقدام قتل کی 236 وارداتیں پولیس کے پاس رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر قتل کے 2 اور اغواء برائے تاوان کی 3 وارداتیں بھی سامنے آئیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

صحافیوں کو نشانہ بنا چکا ہے۔ بھارتی پولیس اور حکومت کی جانب سے نامور مسلم خاتون صحافی عارفہ خانم شیروانی کو ملنے والی دھمکیوں پر تاحال کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔ اس حوالے سے ناقدین نے کہنا تھا کہ بھارت کی ہندوانتہا پسند سرکار کی خاموشی ایسے حملوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور مسلمانوں سمیت دیگر اقلیتوں میں خوف و ہراس پھیلتا ہے۔ دوسری جانب گودی میڈیا کے نام نہاد ٹی وی اینکر ارناب گوسوامی بھی پاکستانیوں کو دھمکیاں دینے پر اتر آئے، جس پر جیو نیوز کے اینکر اور سینئر صحافی و تجزیہ کار حامد میر نے سوال کیا تم صحافی ہو یا دہشت گرد؟ پاکستانیوں کو دھمکی کیسے دے سکتے ہو؟ یاد رہے کہ پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے منہ توڑ جواب کھانے کے بعد بھارتی میڈیا اور حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، بھارتی اپوزیشن جماعتوں اور سینئر صحافیوں کی جانب سے مودی سرکار کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کے کرایہ داروں کو بے دخل کرکے ازسرنو نیلامی سے ہزاروں افراد کو بے روزگار کیا جارہا ہے جن سے متاثرین نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے نام اپنی عرضداشت میں بتایا کہ سرگودھا شہر میں واقع سرکاری دوکانات کو شہریوں نے کئی دہائیوں سے کرایہ پر حاصل کرکے اپنی شب وروز کی محنت سے کاروباری مراکز میں تبدیل کیا اور آج ضلعی انتظامیہ پرانی کرایہ داری کو منسوخ کرکے 1800 دوکانات کے کرایہ داران کو ان کے کاروبار سے بے دخل کرکے ان کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پرانی کرایہ داری کو بحال کرکے ازسرنو نیلامی کو روکا جائے ورنہ متاثرین اپنے حقوق کے لیے احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ ان کا مریم نواز شریف سے کہنا ہے کہ ہم آپ کی عوام دوست پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات کے معترف ہیں اور پرامید ہیں کہ آپ ہماری آواز پر فوری نوٹس لیں گی اور پرانے کرایہ داروں کی مشاورت سے مسئلہ کا پائیدار حل نکالا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 38

کے متاثرین کو انصاف نہیں ملتا، ہم پاکستان کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کی وجہ سے اس مقام پر آ کھڑے ہیں، جس کی بعد میں ہمیں توقع نہیں تھی، امریکا مسئلہ کشمیر میں دلچسپی لے رہا ہے کہ وہ نگران یا ثالثی کا کردار کرے۔

بقیہ بقیہ جات 39

نے بھی شرکت کی، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ، آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید نے شہداء کے ورثاء سے تعزیت کی۔ آئی جی خیبر پختونخوا نے ورثاء کو یقین دلایا کہ شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 40

اور غزہ پر اس کا کنٹرول نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا، جرمنی اسرائیل کی سلامتی کے لیے جو کچھ ہوسکا وہ کرے گا۔ تاہم اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اسرائیل کے طرز عمل پر تنقید نہیں کر سکتے۔ نیز یہ یہود دشمنی کا باعث نہیں بننا چاہیے۔ جرمن وزیر خارجہ نے کہا کہ اس امر پر یقین نہیں آتا کہ اسرائیل تزویراتی اہداف کے حصول کے لیے فوجی مہم کا راستہ اختیار کرے۔ اسی لیے ہم جنگ بندی مذاکرات کی طرف واپسی کی اپیل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی قیدیوں کی واپسی جرمن حکومت کی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واضح ہے کہ غزہ فلسطینی سرزمین کا حصہ ہے۔ تاہم غزہ کی تعمیر نو کے لیے حماس کے بغیر سیاسی حل کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

ڈیلوریز ہو رہیں، جو اسکول اور کالج عمل درآمد نہیں کرتا اس کے خلاف کارروائی کریں۔ نیشنل اینٹی نارکوٹکس کونسل تشکیل دی گئی یا نہیں؟ سیکریٹری کابینہ سے رپورٹ بھی طلب کرلی گئی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے استفسار کیا کہ نیشنل اینٹی نارکوٹکس کونسل کیوں نہیں بنی؟ یہ بڑی ہائی پاور کونسل ہے، وزیراعظم سربراہ اور چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ شامل ہیں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ منشیات اسکولوں اور کالجوں میں داخل کیسے ہوتی ہے؟ جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ کوریئر اور ڈیلوری والوں کے ذریعے اسکولوں اور کالجوں میں منشیات پہنچتی ہیں، چیک کرکے بتائیں کہ کن کن اسکولوں اور کالجوں میں کیا کیا ڈیلوریاں آتی ہیں، بچے پیزا وغیرہ منگواتے ہیں اور ساتھ منشیات بھی منگوا لیتے ہیں، جتنے ڈیلوری والے ہیں براہ راست ڈیلوری پہنچا رہے ہیں اس پر پابندی لگائی ہے۔ جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ آپ اس پر عمل درآمد کرکے آئندہ تاریخ پر رپورٹ پیش کریں، چیک کریں کن کن اسکولوں اور کالجوں میں کثرت سے ڈائریکٹ ڈیلیوریز ہو رہی ہیں، جو اسکول اور کالج عمل درآمد نہیں کرتا ان کے خلاف ایکشن لیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 28 مئی تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 42

ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے اور آپریشن "بنیان مرصوص" کی کامیابی پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے یوم تشکر منانے کے اعلان پر اپنے ڈیرہ پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مسلم لیگ (ن) کے مقامی عہدیداروں، کارکنوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی مسلح افواج کے بہادر جوانوں نے دشمن کی جارحیت کو نہ صرف ناکام بنایا بلکہ پوری دنیا میں اپنی بے مثال طاقت اور صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے بروقت جرات مندانہ اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان محفوظ، مضبوط اور محب وطن قیادت کے ہاتھوں میں ہے، جو نہ صرف ملکی خودمختاری کا تحفظ جانتی ہے بلکہ خطے میں امن کے فروغ کی بھی خواہاں ہے۔ افواج پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے بھارت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے تاہم بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیتے ہوئے بھارت کو جنگ بندی کا اعلان کرنے پر مجبور کرنا پڑا۔ اس موقع پر پاکستان کی سلامتی و خوشحالی اور شہداء و غازیوں کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 43

مقروض رہے گی۔ انہوں نے بنیان مرصوص آپریشن میں حصہ لینے والے پاک فوج کے تمام اداروں خصوصاً آپریشن کا حصہ بننے والوں جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ماہرانہ طریقے اور جذبہ ایمانی سے سرشار ہوکر چند گھنٹوں میں بھارت کے غرور کو خاک میں ملا کر یہ ثابت کردیا ہے کہ پاکستانی آرمی دنیا کی بہترین فوج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

گیا۔ بعدازاں 15 سے زائد خواتین اور 40 سے زیادہ مردوں پر مقدمہ درج کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعدد افراد کو ان کے ورثا سے سازباز کے بعد رہا کر دیا گیا۔ گرفتار خواتین کو کئی گھنٹے تھانے میں رکھنے کے بعد لیڈی پولیس اسٹیشن منتقل کیا گیا۔ تاہم اس دوران ایک ویڈیو منظر عام پر آئی ہے جس میں خواتین کو بغیر لیڈی کانسٹیبل کے پولیس گاڑی میں منتقل کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ پولیس نے اپنی مدعیت میں مقدمہ درج کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں شراب نوشی اور منشیات کا استعمال ہو رہا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

ہوئی اور رمضان مستانہ کے ڈیرے پر جا کر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکا نے "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر علاقہ بھر میں قومی جوش وجذبہ دیدنی تھا۔ مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام نے بھی شرکت کی اور پاک فوج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ریلی کے شرکاء نے کہا کہ دشمن کی بزدلانہ حرکات کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ پاکستانی قوم اور اس کی افواج ہر خطرے سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ اگر دشمن نے کسی قسم کی مہم جوئی کی تو ان شاء اللہ پاک فوج ایک ایسا سرپرائز دے گی جسے دنیا کا میڈیا نظرانداز نہیں کر سکے گا۔ ریلی کے دوران سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، اور پولیس کی جانب سے ریلی کو مکمل فول پروف سیکیورٹی فراہم کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 46

ہے، ٹھیکیداروں کی تعمیراتی کام پر کوئی توجہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی روز سے سڑکوں پر توڑ پھوڑ تو کردی گئی ہے مگر اس پر تعمیراتی کاموں میں انتہائی سست روی سے کام لیا جا رہا ہے۔ سڑکوں پر پڑی مٹی جہاں ٹریفک کی روانی متاثر کر رہی ہیں، وہاں شہریوں کو بیمار کرنے کا سبب بھی بن رہی ہے۔ لہذا ہماری حکومت پنجاب سے درخواست ہے کہ وہ اشتہارات سے تھوڑی توجہ ہٹا کر تعمیراتی کاموں کا جائزہ بھی لے اور شہر کی سڑکوں پر ہونے والے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرائیں تاکہ لوگ بیمار ہونے سے بچ جائیں۔ اور سکھ کا سانس لیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

بیکری کی ایک شاخ کے باہر بھی احتجاج کیا گیا تھا۔ بیکری مالکان کا کہنا تھا کہ ان کا پاکستان سے کوئی تعلق نہیں، یہ نام تقسیم ہند کے وقت ان کے خاندان کی ہجرت سے جڑی تاریخی پہچان کی علامت ہے۔ واضح رہے کہ کراچی بیکری کا قیام 1953 میں ہوا تھا، یہ ایک سندھی ہندو مہاجر خان چند رمنانی کی ملکیت تھی، جو قیام پاکستان کے بعد ہندوستان منتقل ہوئے تھے۔ یہ بیکری کئی دہائیوں سے مشہور ہے اور اب اسے خانچند کے پوتے راجیش اور ہریش رمنانی سنبھال رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

گریجویشن کے بعد انہوں نے علی گڑھ سے اردو رسالہ، اردوئے معلیٰ جاری کیا اور انڈین نیشنل کانگریس سے منسلک ہوگئے۔ بعدازاں کیمونسٹ پارٹی آف انڈیا اور آل انڈیا مسلم لیگ سے وابستہ رہے۔ وہ ایک جرات مند سیاست دان اور صحافی تھے۔ انہوں نے اپنی سیاست اور صحافت کی وجہ سے کئی مرتبہ قید و بند کی صعوبت برداشت کی۔ ان کی حق گوئی کے باعث ہندوستان بھر کے سیاسی قائدین بشمول قائداعظم محمد علی جناح آپ کی بڑی تکریم وتعظیم کرتے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد وہ ہندوستان ہی میں مقیم رہے اور ہندوستان کے مسلمانوں کے حقوق کے لیے جدوجہد کرتے رہے۔ وہ ایک خوش گو شاعر بھی تھے اور ان کا دیوان بھی اشاعت پذیر ہو چکا ہے۔ مولانا فضل الحسن حسرت موہانی کا انتقال 13 مئی 1951ء کو لکھنو میں ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 49

حاجی غلام حسین، چوہدری عتیق الرحمٰن، علامہ غلام رسول، مفتی محمود جامعہ صدیقیہ، چوہدری بشارت اعوان، ملک اعجاز حسین، چوہدری عمران بلا، چوہدری شکر اللہ خان سمیت علاقہ کی کثیر تعداد میں معززین بھی موجود تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ اگر کبھی کسی نے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا بھی، تو وہ سلامت نہیں رہے گا، کیونکہ ہمارے جوان جاگ رہے ہیں۔ پاک فوج کے جوانوں نے 10 مئی 2025 کو ایک یادگار دن بنا دیا ہے۔ ہم افواج پاکستان کی جرات اور بہادری کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں۔ پاکستان قیامت کی صبح تک قائم ودائم رہے گا، اور جو بھی اسے مٹانے کی کوشش کرے گا، وہ خود دنیا کے نقشے سے مٹ جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 50

عالیشان ریلی میں نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے اختتام پر شرکاء کو شاندار فتح پر مٹھائی کھلائی گئی۔ اس موقع پر رہنماء جماعت اسلامی ڈپٹی سیکرٹری لاہور عبدالعزیز عابد نے شرکاء اور میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور انشاء اللہ ہمیشہ رہیگا۔ بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر پاکستان نے دنیا کو حیران کردیا ہے۔ یہودو ہنود امت مسلمہ کے کبھی دوست نہیں ہوسکتے۔ پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی پر پوری قوم اسے سلیوٹ اسلام پیش کرتی ہے۔ پاکستان ایئر فورس کی جارحانہ کارروائیوں نے انڈیا کا غرور خاک میں ملا کر رکھ دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج نے پوری دنیا کو پیغام دیا ہے کہ پاکستان کو کمزور نہ سمجھا جائے۔ پاکستانی عوام اپنی فوج کے قدم بقدم کھڑے ہیں حکومت اب پانی کے ساتھ ساتھ کشمیر کی آزادی کیلئے بات کرے۔ فوج نے جب بھی پکارا عوام نے اسکا ساتھ دیا ہے۔ فوج اور حکومت کے تدبر سے دشمن کو شکست دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 51

ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر عدیلہ سعید نے ریلی کی قیادت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کہا کہ پاکستان کی افواج نے ازلی دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیئے ہیں بھارت اب پاکستان کے خلاف جارحیت کرنے سے پہلے ہزار بار سوچے گا انہوں نے کہا کہ بھارت کا ماضی دیکھا جائے تو اس پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا اس لئے پاکستان کی افواج اور پاکستانی قوم ہر لمحے انہیں منہ توڑ جواب دینے کے لئے تیار ہیں ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان نے اپنے سے تین گنا بڑے دشمن کو شکست فاش دی ہے ساری دنیا نے دیکھ لیا کہ کس طرح ہماری مسلح افواج نے انتہائی مہارت سے دشمن کو چاروں شانے چت کیا پاکستان کی بری فوج، پاک فضائیہ، پاک بحریہ نے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیئے اس موقع پر اساتذہ اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی

بقیہ بقیہ جات 52

پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے 35 اضلاع کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ترقیاتی کاموں کے لئے سروے مکمل کیا جا چکا ہے۔ یہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی حکومت کا ایک اور میگا پراجیکٹ ہے جس کے تحت شہری علاقوں میں سیوریج، ڈرینج، بارانی پانی کے ذخیرے، پارکس اور گلیوں کی تعمیر ومرمت کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے جبکہ ڈرینج کے نظام کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا۔ وزیر اعلی مریم نواز صوبے کی یکساں ترقی کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ پہلے مرحلے میں 59، دوسرے میں 110 شہروں کی اپ گریڈیشن ہوگی۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے تیار کیا جانے والا منصوبہ شہروں کے برسوں سے جاری بنیادی خدمات کے مسائل کا خاتمہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی نے اگلے سال تک 50 شہروں میں منصوبہ مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ صوبائی وزیر نے پی ایم ڈی ایف سی کو ہر شہر کا پی سی ون جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی سطح پر قائم سٹیئرنگ کمیٹی مقامی منتخب نمائندوں سے بھی مشاورت کرکے ضروری فیصلے کرے گی۔ ہر ضلع میں بھی سٹیئرنگ کمیٹی ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کام کرے گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ پہلی بار ہر شہر میں ڈرینج کا بائی سسٹم متعارف کرا رہے ہیں۔ خصوصی سیوریج لائنز بچھانے سے زیرزمین پانی کو ممکنہ آلودگی سے تحفظ ملے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا ماڈل مدنظر رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے منصوبے کیلئے زیادہ تر دستیاب انسانی وسائل کو ہی بروئے کار لائیں گے اور صرف ناگزیر اسامیوں پر نئی بھرتی ہوگی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پورے پراجیکٹ کو دو سال کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا جس سے شہروں کی اگلے 25 سال تک کی میونسپل ضروریات پوری ہو جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 53

فروغ اور خطے میں سلامتی اور استحکام لانے کے دانشمندانہ فیصلے کو سراہا۔ بدر عبدالعاطی نے زور دیا کہ جنگ بندی پر قائم رہنا باہمی اعتماد سازی کی بنیاد اور بھارتی و پاکستانی عوام کی امن، تعاون اور ترقی کی خواہشات کے لیے ضروری ہے۔ مصری میڈیا کے مطابق بھارت و پاکستان کے وزرائے خارجہ نے مصر کے مثبت موقف اور خطے میں امن و استحکام کی کوششوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے مصر کی سفارتی کاوشوں کا خیرمقدم کیا اور مصر کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کی بھی توثیق کی۔

بقیہ بقیہ جات 54

مارچ 2024 کے مقابلہ میں مارچ 2025 کے دوران تمباکو کی ملکی برآمدات میں 5.244 ارب روپے یعنی 2048 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

اسامہ کے ناموں سے کی گئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والا اسامہ سلیمان کا بیٹا تھا، حادثے کا ذمہ دار ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی تلاش کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

جاری ہیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ بین الاقوامی طرز پر گوشت کی تیاری وترسیل کے نظام پر کام کر رہے ہیں، جعلساز مافیا کے جڑ سے خاتمے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

اظہار کیا وزیر حکومت نے زخمیوں کی سی ایم ایچ راولاکوٹ میں عیادت اور ہمدردی کی اور تعاون کا یقین دلایا۔ سردار عامر الطاف خان نے بھیرہ کے تمام متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا اور وہاں کے باہمت عوام کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ بھیرہ کے عوام نے پاک فوج کے شانہ بشانہ دشمن کا مقابلہ کیا اور ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں حکومت متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرے گی اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے یہ مشکل وقت ضرور ہے مگر ہم اپنے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ ہر لمحہ الرٹ رہی اور متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں میں مصروف عمل ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار عامر الطاف خان نے کہا پونچھ کی سرزمین نے ہمیشہ نڈر غیرتمند قوم کو جنم دیا ہے اور آج بھی یہ عوام دشمن کے ظلم کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بنے کھڑے ہیں بھارت نے شہری آبادی کو نشانہ بنا کر بزدلی کا مظاہرہ کیا مگر ہم دشمن کے ہر وار کا جواب اتحاد قربانی اور حوصلے سے دیں گے سردار عامر الطاف خان نے گولہ باری کے دوران اور بعد میں بھیرہ کے تمام متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، عوام سے ملاقاتیں کیں، ان کے مسائل سنے اور زیر حکومت نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ عوام کو ریلیف فراہم کریں انہوں نے کہا کہ عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا ان کے نقصان کا ازالہ کیا جائے گا مشکل کی اس گھڑی میں عوام کے ساتھ ہوں ہر متاثرہ فرد تک خود پہنچیں ہیں حکومت ان کے نقصان کا ازالہ کرے گی۔ وزیر حکومت نے کہا کہ بھیرہ کی عوام نے نہ صرف اپنے حوصلے اور صبر سے بھارتی جارحیت کا مقابلہ کیا بلکہ پاک فوج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر اپنی سرزمین کا دفاع کیا یہ عوام ناقابل تسخیر ہیں ہم ان کے ساتھ ہر قدم پر کھڑے ہیں مشکلات سے نکالیں گے انڈیا نے بھیرہ میں جو ظلم ڈھایا ہے بے گناہوں کا خون بہایا ہے سول آبادی کو نشانہ بنایا ہے اس کا خمیازہ پوری زندگی بھگتے گا۔

بقیہ بقیہ جات 58

اختلافات کے بارے میں خبروں کے جواب میں اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا کہ میرا نہیں خیال کہ آپ فلسطینی ریاست کے بارے میں سنیں گے اور ٹرمپ اسے تسلیم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں۔ غزہ کی پٹی میں اپنے جنگی منصوبوں کے حوالے سے اسرائیل واشنگٹن سے اجازت نہیں مانگتا۔ نیتن یاہو نے خارجہ امور اور سلامتی کمیٹی کے سامنے کہا کہ میں نے میڈیا میں سنا ہے کہ میں اور ٹرمپ ایک دوسرے سے ناراض ہیں اور سفیر تل ابیب میں امریکی سفیر مائیک ہکابی اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں اور ٹرمپ ہر چند دنوں میں بات کرتے ہیں اور خود ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم ایک ہی بات دیکھتے ہیں۔ اس لیے میرا نہیں خیال کہ آپ فلسطینی ریاست کے بارے میں سنیں گے۔ چینلز پر تقسیم کی بات کی سیاسی وجوہات ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ہم نے حوثیوں پر حملہ کرنے کی اجازت نہیں مانگی اور نہ ہی ہم غزہ میں اپنے جنگی منصوبوں کے لیے اجازت مانگتے ہیں۔ امریکیوں نے حوثیوں کے خلاف مداخلت کرنے کی رضا کارانہ پیشکش کی اور کہا تھا کہ جب حوثی حملے بند کر دیں گے تو وہ بھی رک جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف نے تعلیمی اداروں میں منشیات کی اسمگلنگ اور فروخت کے خلاف بھی خصوصی کارروائیاں کیں، اور ایک بڑے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا۔ ڈی ایچ اے کراچی (چھوٹا بخاری) میں 2 موٹر سائیکل سوار ملزمان سے 1 کلو آئس برآمد کی گئی۔ لاہور میں سرائے عالمگیر، منڈی بہاالدین روڈ پر یونیورسٹی کے قریب 3 ملزمان سے 12 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، جو گاڑی میں مہارت سے چھپائی گئی تھی۔ گرفتار ملزمان نے اعتراف کیا کہ وہ تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کر رہے تھے۔ کاک پل ایکسپریس وے اسلام آباد کے قریب 4 ملزمان سے 12 کلو چرس برآمد کی گئی۔ آر سی ڈی روڈ حب میں مسافر بس سے 10.8 کلو چرس برآمد کی گئی، جس میں ایک خاتون بھی شامل تھی۔ جنرل بس ٹرمینل پشاور کے قریب افغان باشندے سے 5 کلو آئس برآمد ہوئی، جو پچھگ پیڈز میں چھپائی گئی تھی۔ شاہی قلعہ سرکلر روڈ لاہور کے قریب کارروائی کے دوران ملزمان سے 706 گرام ایکسٹیسی گولیاں اور 200 گرام آئس برآمد کی گئی۔ سارانان، ضلع پشین میں 1870 کلو چرس برآمد کی گئی، جبکہ کچی آبادی، پرانا چمن میں 20 کلو افیون برآمد ہوئی۔ پرانا پسنی روڈ، کوہ مراد، کیچ کے قریب جھاڑیوں میں 12 کلو ہیروئن چھپائی گئی تھی، جسے برآمد کرلیا گیا۔ اے این ایف کے مطابق انسداد منشیات کے حوالے سے دیگر اہم کارروائیاں ملک کے مختلف شہروں میں بھی جاری رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

پوائنٹس اضافے سے 35668 پر ٹریڈ کرتا رہا ہے۔ کے ایس ای 30 انڈیکس 5 فیصد بڑھنے پر کاروبار روک دیا گیا جبکہ 100 انڈیکس میں بھی تاریخی تیزی پر کاروبار کچھ دیر کے لیے روک دیا گیا۔ خیال رہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی حالیہ کشیدگی کا اثر اسٹاک مارکیٹ پر بھی پڑا تھا اور بھارتی حملے کے بعد اسٹاک ایکسچینج میں 6 ہزار سے زائد پوائنٹس کی کمی دیکھی گئی تھی۔ تاہم پاکستان کی جانب سے بھارت کو دیے جانے والے بھرپور اور منہ توڑ جواب کے بعد کاروباری ہفتے کے آخری روز اسٹاک ایکسچینج میں بہتری آنا شروع ہوگئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 61

پر چلے گئے تھے کیونکہ آر پار کی گولہ باری سے ان کے گھروں کو شدید خطرہ لاحق تھا۔ بھارتی پولیس کی طرف سے جاری کردہ احکامات میں کہا گیا ہے کہ سرحدی دیہات کے لوگ اپنے گھروں کو واپس نہ جائیں کیونکہ وہاں ان کی زندگیاں خطرے میں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

گئے۔ دریائے چناب اکھنور سے گزرتا ہوا پاکستان میں داخل ہوتا ہے۔ بھارت نے 22 اپریل کے پہلگام واقعے کے بعد یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو منسوخ کر دیا تھا۔ تاہم ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ آیا پاکستان میں پانی کے بہاؤ کو 22 اپریل سے پہلے کی سطح پر لایا گیا ہے یا نہیں۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی سے سندھ طاس معاہدے پر نئی دہلی کے موقف میں کیا کوئی تبدیلی آئی ہے یہ آنے والے دنوں میں واضح ہو جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 63

میں مشتاق عرف بڈھی اور رضوان کے نام سے ہوئی، جو کہ بہاولنگر، پاکپتن، اوکاڑہ اور دیگر اضلاع کے بین الاضلاعی جرائم پیشہ گروہ سے تعلق رکھتے ہیں، ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے پولیس ٹیم کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی کو سراہا اور انہیں شاباش دی۔

بقیہ بقیہ جات 64

بھی لاک کر دیا ہے۔ دوسری جانب بھارتی سیاستدانوں، غیرملکی سفارت کاروں اور بھارتی ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن نے وکرم مسری سے اظہار یکجہتی کیا اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھانے والے سول سرونٹس پر بلا جواز ذاتی حملے قابل افسوس قرار دیے۔

بقیہ بقیہ جات 65

مولانا عبدالباسط صدیقی کو گزشتہ رات دل کا دورہ پڑنے پر سول اسپتال مکی لے جایا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے۔

بقیہ بقیہ جات 66

کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں پاکستان اور بھارت کی جانب سے جنگ بندی کے اعلان اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے مسئلہ کشمیر پر ثالثی کی پیشکش کا خیرمقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر ایک حل طلب بین الاقوامی تنازعہ کے طور پر موجود ہے اور اسے اپنا اندرونی معاملہ قرار دینے کے بھارتی دعوے کی تردید ہوتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیریوں کے حق خودارادیت سے انکار تنازعے کی بنیادی وجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا علاقائی امن کا انحصار تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی زیرنگرانی آزادانہ اور منصفانہ رائے شماری کے انعقاد پر ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دونوں ایٹمی طاقتوں کے درمیان ایٹمی جنگ کا خطرہ اس وقت تک ٹل نہیں سکتا جب تک مسئلہ کشمیر کو اس کے تاریخی تناظر میں حل نہیں کیا جاتا۔

بقیہ بقیہ جات 67

بلڈ پریشر کے اسباب اور اس کے علاج و پرہیز کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں سالانہ ایک لاکھ افراد بلڈ پریشر کے مرض کے باعث زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں پاکستان بھر میں دو کروڑ سے زائد افراد بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا ہیں جبکہ مرض کی شرح پھیلاؤ میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 68

الحال بات چیت کر رہے ہیں، حماس کو اپنے ہتھیار ترک کر دینے چاہئیں، حماس کو ایک اتھارٹی، ایک قانونی حیثیت اور ایک ہتھیار کو قبول کر لینا چاہیے۔ فلسطینی نائب صدر نے رائے دی کہ حماس عوام کا حصہ ہے اور اس کی سیاسی زندگی ختم نہیں ہوئی ہے۔ ہم حقیقت پسندی اور مفادات کی بنیاد پر اسرائیل سے مذاکرات اور بات چیت کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 69

گئے۔ مودی حکومت نے پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگا دیا ہے کشمیری عوام نے وطن کی خاطر بے مثال قربانیاں دی ہیں اور ہم اپنے شہداء کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے بھارت کی جانب سے لائن آف کنٹرول پر جاری بلا اشتعال فائرنگ اور گولہ باری سے بے گناہ کشمیریوں کا قتل عام انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے جس کی تمام تر ذمہ داری بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت پر عائد ہوتی ہے کہ مودی کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے آچکا ہے جو نہ صرف کشمیری عوام بلکہ پورے خطے کے امن کا بھی دشمن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

جرمن وزیر خارجہ نے غزہ مسئلے کے فوجی طاقت سے حل کو مسترد کردیا۔

بعدالت جناب مس نادیہ علی صاحبہ فیملی جج درجہ اول بھلوال

دعویٰ تنسیخ نکاح

عنوان عصمت بی بی بنام محمد امیر

بنام محمد امیر ولد محمد جہانگیر قوم مسلم شیخ چک نمبر 101 شمالی تحصیل وضلع سرگودھا۔ ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا لیکن آپ عدالت حاضر نہ ہوئے۔ لہذا اب بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 2025-05-16 کو اصالتاً یا وکالتاً صبح 9 بجے عدالت ہذا حاضر ہوں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط مجاز ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور انشاءاللہ ہمیشہ رہیگا: عبدالعزیز عابد

بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر پاکستان نے دنیا کو حیران کردیا ہے، پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی پر پوری قوم اسے سیلوٹ اسلام پیش کرتی ہے

پاکستان ایئرفورس کی جارحانہ کارروائیوں نے انڈیا کا غرور خاک میں ملا کر رکھ دیا ہے، رہنماء جماعت اسلامی ڈپٹی سیکرٹری لاہور کا بھارت کو منہ توڑ جواب پر یوم تشکر ریلی سے خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی یوتھ ضلع غربی لاہور کے زیر اہتمام نیاز بیگ سرکل کی جانب سے عزم عالیشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی سیکرٹری لاہور عبدالعزیز عابد، سیکرٹری اطلاعات ضلع لاہور غربی محمد آصف چوہدری، صدر نیاز بیگ سرکل حاجی عباس خان، صدر یوتھ بلال، صدر سوشل کمیونٹی نیاز بیگ خالد گجر نے کی۔ جے آئی یوتھ نیاز بیگ کی ریلی نیاز بیگ گاؤں سے شروع ہو کر ٹھوکر نیاز بیگ چوک میں جلسے کی صورت اختیار کرگئی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد، انڈیا مردہ باد، قاتل مودی مردہ باد کے نعرے لگائے۔ جماعت اسلامی یوتھ کی عزم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

لاہور: رہنماء جماعت اسلامی ڈپٹی سیکرٹری لاہور عبدالعزیز عابد پاک فوج کیساتھ اظہار یکجہتی یوم تشکر ریلی سے خطاب کررہے ہیں

پنجاب حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات تک محدود ہوگئی

پورے پنجاب میں بیروزگاری، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے حکومتی اقدامات کہیں نظر نہیں آرہے، امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور

شہر کی سڑکوں پر ہونے والے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرائیں تاکہ لوگ بیمار ہونے سے بچ جائیں، اور سکھ کا سانس لیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات تک محدود ہے، پورے پنجاب میں بیروزگاری اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے حکومت کے اقدامات کہیں نظر نہیں آرہے، سڑکوں اور نالیوں کی کھدائی عوام کے لیے عذاب بن چکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

لاہور: لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی جارہی ہے

بھارت میں کراچی بیکری پر بی جے پی کے شدت پسندوں کا حملہ

پاک بھارت جنگ اور کشیدگی کے تناظر میں بیکری کا نام تبدیل کرنے کا مطالبہ

حیدرآباد (این این آئی) بھارتی شدت پسند اب پاکستان کے شہروں کے نام سے بھی خوفزدہ ہونے لگے، بھارتی شہر حیدرآباد میں کراچی بیکری پر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے انتہا پسندوں نے حملہ کردیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق ہندوتوا کے پیروکاروں نے پاک بھارت جنگ اور کشیدگی کے تناظر میں بیکری کا نام تبدیل کرنے کا مطالبہ کردیا۔ نفرت کی آگ میں جلتے چند شدت پسندوں نے بیکری کے باہر جمع ہو کر کراچی کے نام والے بورڈ کو ڈنڈوں سے توڑ ڈالا۔ پہلگام حملے کے بعد کراچی بیکری کو نشانہ بنانے کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔ اس سے پہلے آندھرا پردیش میں کراچی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

پاکستان کی افواج نے ازلی دشمن کو ناکوں چنے چبوادئے: پروفیسر کلثوم پراچہ

ویمن یونیورسٹی نے ملتان میں آپریشن "بنیان مرصوص" کی شاندار کامیابی پر یوم تشکر منایا

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں آپریشن "بنیان مرصوص" کی شاندار کامیابی پر یوم تشکر منایا گیا ترجمان کے مطابق بھارت کیخلاف کامیابی پر جیت کا جشن منانے کیلئے اور پاک افواج سے بھرپور یکجہتی کرتے ہوئے ویمن یونیورسٹی میں یوم تشکر منایا گیا اور ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا پاکستان زندہ باد اور پاک افواج زندہ باد کے نعرے لگاتے رہے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

ویمن یونیورسٹی ملتان میں آپریشن "بنیان مرصوص" کی شاندار کامیابی پر یوم تشکر کے موقع پر گروپ فوٹو

عوام کو تنہا نہیں چھوڑوں گا، وزیر حکومت سردار عامر الطاف کا ہجیرہ کا ہنگامی دورہ

بھارتی فوج کی شدید گولہ باری اور فائرنگ کے باوجود متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا

ہجیرہ (این این آئی) وزیر حکومت برائے ٹیکنیکل ایجوکیشن اور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے بھارتی فوج کی شدید گولہ باری اور فائرنگ کے باوجود متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا انہوں نے خطرناک حالات میں بھی ہجیرہ میں موجود رہتے ہوئے عوام کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور انتظامیہ کو مکمل طور پر متحرک رکھا وزیر حکومت نے ہسپتالوں کا دورہ کیا زخمیوں کی عیادت کی اور ایمرجنسی سروسز کو فوری طور پر فعال کیا سی ایم ایچ راولاکوٹ میں زیر علاج زخمیوں جن میں معاویہ نواز شامل ہیں جن کی ٹانگ بھارتی گولہ باری سے متاثر ہوئی کی عیادت کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے ہمدردی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

کراچی، ڈمپر کی کار کو ٹکر، باپ بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق

شناخت 22 سالہ فراز قلندرانی، 60 سالہ سلمان اور 35 سالہ اسامہ کے ناموں سے کی گئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈمپر کی کار کو ٹکر سے باپ بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ حادثہ منگھوپیر کے علاقے ناردرن بائی پاس ہمدرد یونیورسٹی کے قریب پیش آیا، ڈمپر کی ٹکر سے کار میں سوار تین افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے، جاں بحق ہونے والوں کی لاشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے ایک شخص کی شناخت اس کے پاس سے ملنے والے ڈرائیونگ لائسنس کی مدد سے 22 سالہ فراز قلندرانی ولد سکندر قلندرانی، 60 سالہ سلمان اور 35 سالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

10 مئی 2025 کو پاکستانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا' پروفیسر اسحاق میو

دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے

پاک فوج نے انتہائی مختصر وقت میں دشمن کے ایئر بیسز کو تباہ کرکے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا دیا

لاہور (این این آئی) انجمن اتحاد ترقی میوات پاکستان کے سرپرست اعلی پروفیسر اسحاق میو نے کہا ہے کہ 10 مئی 2025 کو پاکستانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاک فوج نے انتہائی مختصر وقت میں دشمن کے ایئر بیسز کو تباہ کرکے اس کے غرور کو خاک میں ملا دیا۔ پاک فوج پر قوم کو فخر ہے دشمن یاد رکھے افواج پاکستان کے حوصلے کی وہ مثال ہے جو تاریخ دہراتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے برکی روڈ پر بنگالی 1965 کے گمنام قبرستان میں پاک فوج کے شہداء کی قبروں پر کھڑے ہوئے پاک فوج سے تجدید عہد کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین عشرہ زکوۃ کمیٹی عبدالمجید اعوان، سماجی رہنما (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

قابض حکام نے سرحدی علاقوں کے لوگوں کو اپنے گھروں کو واپس جانے سے روک دیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں قابض حکام نے پاک بھارت کشیدگی کے باعث کنٹرول لائن کے قریب واقع دیہاتوں سے منتقل ہونے والے لوگوں کو اپنے گھروں کو واپس جانے سے روک دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بارہمولہ، بانڈی پورہ اور کپواڑہ اضلاع میں کنٹرول لائن کے قریب دیہاتوں کے 1.25 لاکھ سے زائد مکین محفوظ مقامات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام: وزیر بلدیات کی سربراہی میں سٹیئرنگ کمیٹی قائم

پنجاب کے 35 اضلاع کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ترقیاتی کاموں کے لئے سروے مکمل کیا جا چکا ہے

وزیر اعلی مریم نواز یکساں ترقی کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، 169 شہروں کی اپ گریڈیشن ہوگی، ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلی مریم نواز شریف نے سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کی نگرانی کے لئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی سربراہی میں سٹیئرنگ کمیٹی قائم کردی ہے۔ وزیر اعلی کے معاون خصوصی ذیشان ملک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور دیگر بطور ممبر شامل کیے گئے ہیں۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کا دورہ کرکے پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایڈیشنل سیکرٹری احمر سہیل کیفی بھی موجود تھے۔ پی ایم ڈی ایف سی کے ایم ڈی سید زاہد عزیز نے چیف منسٹر سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق چیف منسٹر سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ٹرمپ فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے، نیتن یاہو

غزہ کی پٹی میں اپنے جنگی منصوبوں کے حوالے سے اسرائیل امریکہ سے اجازت نہیں مانگتا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل اور امریکہ کے درمیان کوئی اختلافات نہیں ہیں، ٹرمپ فلسطینی ریاست کو تسلیم نہیں کریں گے کہ اسرائیل کی سلامتی کو خطرے میں ڈالیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

اے این ایف نے 16 کروڑ 54 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلی

مختلف کارروائیوں میں 14 ملزمان گرفتار، تعلیمی اداروں میں منشیات فراہمی کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب

لاہور (این این آئی) انسداد منشیات فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں سمیت مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، جس کے نتیجے میں 9 مختلف کارروائیوں میں 14 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ان کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 16 کروڑ 54 لاکھ روپے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کررہے ہیں

پاک بھارت جنگ بندی' اسٹاک ایکسچینج میں تاریخی تیزی، 9900 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) بھارت کو جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بھی اس کے زبردست اثرات دیکھے جارہے ہیں۔ پیر کو کاروباری ہفتے کے پہلے روز کاروبار کے آغاز سے ہی اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی اور ایک موقع پر 100 انڈیکس میں 9929 پوائنٹس کا اضافہ دیکھا گیا جس پر کچھ دیر کیلئے سٹاک ایکسچینج میں وقفہ کردیا گیا۔ اس موقع پر 100 انڈیکس کو 117104 پر ٹریڈ کرتے دیکھا گیا۔ کے ایس سی 30 انڈیکس بھی 3020 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

حکومت پاکستان، اور آزاد کشمیر کی یہ ذمہ داری ہے وہ متاثرہ خاندانوں کی فوری مالی امداد کرے

میرپور (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر محمد طاہر کھوکھر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کے نتیجے میں کشمیری عوام کو درپیش جانی و مالی نقصان دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے بھارت نے نہتے کشمیری شہریوں کو گولہ باری کا نشانہ بنایا جس سے متعدد بے گناہ افراد شہید اور کئی خاندان اجڑ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

انتہا پسندوں نے بھارتی سیکرٹری خارجہ کو غدار قرار دیدیا

پاکستان سے جنگ بندی کا اعلان کرنے پر انتہا پسند جان کے دشمن بن گئے، وکرم مسری اور ان کے اہلخانہ کو دھمکیاں موصول ہورہی ہیں

بھارتی سیاستدانوں، غیر ملکی سفارت کاروں اور بھارتی ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن نے وکرم مسری سے اظہار یکجہتی کیا: ذرائع

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان سے جنگ بندی کا اعلان کرنے پر انتہا پسندوں نے بھارتی سیکرٹری خارجہ کو غدار قرار دے دیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق پاکستان سے جنگ بندی کرنے کا اعلان کرنے پر جنگ کے حمایتی انتہا پسندوں نے بھارتی سیکرٹری خارجہ وکرم مسری کو غدار قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق جنگ بندی اعلان کے بعد وکرم مسری اور ان کے اہلخانہ کو دھمکیاں موصول ہورہی ہیں جس کے بعد وکرم مسری نے اپنا سوشل میڈیا اکاؤنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: پودوں کی صحت کے عالمی دن پر پی ایچ اے لاہور کی جانب سے قرشی پارک میں پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت شہری پودا لگانے کے بعد دعا کررہے ہیں

حافظ عبدالرؤف کے مارے جانے کا بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب

بھارت نے حافظ عبدالرؤف کی تصاویر کا غلط استعمال کرتے ہوئے پاکستان کو بدنام کرنے کی ناکام کوشش کی: ذرائع

ان کے مارے جانے کی خبریں بھارتی میڈیا میں زیر گردش تھیں جس میں کہا گیا کہ بہاولپور میں بھارتی حملے میں حافظ عبدالرؤف مارے گئے

اسلام آباد (این این آئی) مولانا مسعود اظہر کے بھائی حافظ عبدالرؤف کے مارے جانے کا بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب ہوگیا، ان کے مارے جانے کی خبریں بھارتی میڈیا میں زیر گردش تھیں جس میں کہا گیا کہ بہاولپور میں بھارتی حملے میں حافظ عبدالرؤف مارے گئے، جن کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق حافظ عبدالرؤف نے بہاولپور میں بھارتی حملے میں شہید ہونے والوں کی نماز جنازہ پڑھائی تھی، جسے حافظ عبدالرؤف کے جنازے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

پاک فوج زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

پنجاب بھر میں جرائم کی وارداتوں میں اضافے پر تشویش ہے' جماعت اسلامی

وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پولیس نوٹس لیں' امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے لاہور سمیت پنجاب بھر میں جرائم کی وارداتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوری، راہزنی، ڈکیتی کی وارداتوں میں غیر معمولی اضافے سے عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ گیا ہے، عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنے والے تمام ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، لوگوں سے دن دیہاڑے جمع پونجی لوٹی جارہی ہے جبکہ پولیس صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پولیس اس کا نوٹس لیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی دارالحکومت میں پولیس افسران کی عدم توجہی کے باعث جرائم کی شرح بڑھ گئی۔ ڈکیتی، چوری و نقب زنی کی وارداتوں نے شہریوں کو پریشان کردیا، ہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

ہندو انتہا پسندوں کی نامور مسلم صحافی کو دھمکیاں اور فحش پیغامات

جنگ کیخلاف اور امن کے حق میں بیان دینے پر انتہا پسند عارفہ خانم کے دشمن بن گئے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی نامور سینئر صحافی عارفہ خانم شیروانی کو جنگ کے خلاف اور امن کے حق میں بیان دینے پر ہندو انتہا پسندوں کی طرف سے نفرت انگیز مہم، دھمکیوں اور فحش پیغامات کا نشانہ بنایا جانے لگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عارفہ خانم شیروانی دی وائر کی سینئر ایڈیٹر اور ایوارڈ یافتہ صحافی ہیں تاہم جنگ کے خلاف اور امن کے حق میں بیان دینے پر ہندو انتہا پسندوں کی طرف سے انہیں ملک دشمن اور غدار قرار دیا جارہا ہے۔ فیکٹ چیکنگ ادارے آلٹ نیوز کے شریک بانی محمد زبیر کے مطابق یہ ہراسانی محض اتفاقیہ نہیں ہے، یہ ہندوتوا نائٹ نامی اکاؤنٹ سے کی جارہی ہے جو پہلے بھی کئی مسلم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

پیرس: غزہ پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف اور فلسطین کے حق میں ریلی نکالی جارہی ہے

ٹولنٹن مارکیٹ میں آپریشن، 5 ہزار 850 کلو مضر صحت گوشت تلف

سابقہ دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر 5 سپلائرز کو بھاری جرمانہ عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے ٹولنٹن مارکیٹ میں چھاپہ مار کر 5 ہزار 850 کلو بیمار مضر صحت مرغیاں اور مضر صحت گوشت تلف کردیا۔ کارروائی کے دوران 21 سپلائرز، شاپس میں موجود 55 ہزار کلو مرغیوں کی چیکنگ کی گئی، سابقہ دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر 5 سپلائرز کو بھاری جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ تلف کردہ مرغیاں نزلہ، کم وزن اور مختلف امراض میں مبتلا پائی گئیں، بیمار مرغیاں ٹولنٹن مارکیٹ کی مختلف دکانوں پر سپلائی کی جاتی تھیں، ویٹرنری سپیشلسٹ نے برآمد شدہ مضر صحت مرغیوں کا تفصیلی معائنہ کیا، بیمار مرغیوں کا گوشت تیار کرنا سنگین جرم ہے، زیادہ منافع کی لالچ میں صحت دشمن عناصر کے خلاف مسلسل کارروائیاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

قوم ہمیشہ پاک فوج کی مقروض رہے گی، مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب

پاک فوج کے جوانوں کو بھارت کو رسوائی سے دوچار کرنے پر سلام عقیدت پیش کرتے ہیں

ملکوآنہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے امیر مولانا عبدالرشید حجازی حافظ محمد یونس آزاد سید سبطین شاہ نقوی مہر محمد عبداللہ خالد محمود اعظم آبادی و دیگر نے یوم تشکر کے موقع پر پاک فوج کے جوانوں کو ایمانی و قومی غیرت و حمیت کے جذبہ سے سرشار ہو کر ازلی دشمن بھارت کو ذلت آمیز رسوائی سے دوچار کرنے پر سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم ہمیشہ پاک فوج کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

لاہور، ڈانس پارٹی پر چھاپہ، متعدد لڑکے، لڑکیاں گرفتار

کارروائی کے دوران شراب اور دیگر منشیات بھی برآمد کی گئی، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے بانا پور میں پولیس نے فارم ہاؤس پر جاری ڈانس پارٹی پر چھاپہ مار کر متعدد مرد و خواتین کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران پولیس نے شراب اور دیگر منشیات بھی برآمد کیا۔ پولیس کے مطابق انہیں فارم ہاؤس پر غیر قانونی ڈانس پارٹی کی اطلاع ون فائیو پر موصول ہوئی، جس کے بعد کارروائی کرتے ہوئے 100 سے زائد لڑکیوں اور لڑکوں کو حراست میں لیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

سرکاری دوکانات کی پرانی کرایہ داری کو بحال کرکے از سر نو نیلامی کو روکا جائے، وزیراعلی پنجاب سے مطالبہ

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں کرایہ داری سے بدخل سرکاری دوکانات کے متاثرین نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے نام اپنی عرضداشت میں مطالبہ کیا کہ سرکاری دوکانات کی پرانی کرایہ داری کو بحال کر کے از سر نو نیلامی کو روکا جائے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں شہر کے تینوں کمرشل شاپنگ پلازروں سمیت مختلف مقامات پر 1800 سرکاری دوکانات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

پشاور خودکش دھماکہ میں شہید ایس آئی لئیق زادہ خان، کانسٹیبل عالم زیب کی نماز جنازہ ادا

پشاور (این این آئی) رنگ روڈ مال مویشی منڈی خودکش دھماکہ میں شہید ایس آئی لئیق زادہ خان، کانسٹیبل عالم زیب کی نماز جنازہ پولیس لائن میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ کے موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کو سلامی پیش کی، نماز جنازہ میں آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید سمیت دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ نماز جنازہ میں پولیس افسران سمیت شہیدوں کے لواحقین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

پاکستان مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہوگیا' وزیراعلیٰ مقبوضہ کشمیر

امریکا مسئلہ کشمیر میں دلچسپی لے رہا ہے کہ وہ نگران یا ثالثی کا کردار کرے: عمر عبداللہ

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کا کہنا ہے کہ پاکستان کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے میں کامیاب ہوگیا۔ بھارتی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے عمر عبداللہ کا کہنا تھا پاک بھارت جنگ کی وجہ سے بہت سی چیزیں بدل چکی ہیں لیکن اگر کچھ نہیں بدلا تو وہ پاکستان کا مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھانے کا منصوبہ ہے۔ عمر عبداللہ کا کہنا تھا بھارت کے پاکستان پر حملے سے پہلگام واقعے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

غزہ جنگ کو فوجی طریقے سے حل نہیں کیا جاسکتا، جرمن وزیر خارجہ

ہم جنگ بندی مذاکرات کی طرف واپسی کی اپیل کررہے ہیں، پریس کانفرنس

یروشلم (این این آئی) جرمن وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی جنگ کو فوجی طریقے سے حل نہیں کیا جاسکتا۔ مکمل جنگ بندی کے لیے سیاسی حل تلاش کرنا چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے اس امر کا اظہار یروشلم میں کیا ہے۔ وزیر خارجہ جوہان وڈیفل نے کہا غزہ کے تنازعے کو فوجی طریقے سے حل نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ حماس کو غیر مسلح کیا جائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

تعلیمی اداروں میں طلبہ کو براہ راست اشیاء کی ڈیلیوری روکنے کا حکم

بچے پیزا وغیرہ منگواتے ہیں اور ساتھ منشیات بھی منگوا لیتے ہیں، جسٹس انعام امین منہاس کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے منشیات کی روک تھام کیس میں تعلیمی اداروں میں طلبہ کو براہ راست اشیاء کی ڈیلیوری روکنے کا حکم دے دیا۔ تعلیمی اداروں میں منشیات کی روک تھام اور آگاہی کیلئے تعلیمی نصاب میں شامل کرنے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس انعام امین منہاس نے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے حکم دیا کہ طلبہ کو براہ راست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

وداع الأحبة.. نداء العدالة
FAREWELL TO OUR BELOVED ONES... A CALL FOR JUSTICE
اليوم العالمي للصليب الأحمر والهلال الأحمر
World Red Cross and Red Crescent Day

غزہ: ورلڈ ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ ڈے کی مناسبت سے فلسطین ریڈ کریسنٹ کی جانب سے میڈیکل ٹیمز کی حفاظت بارے ریلی نکالی جارہی ہے

بین الاضلاعی گینگ سے پولیس کا ٹاکرا، تین ڈاکو قابو کر لئے

دو ڈاکو زخمی ہوئے جنکے جرائم کا دائرہ تین اضلاع میں پھیلا ہوا تھا، 38 سنگین مقدمات میں مطلوب

راجووال (این این آئی) نئی پل 43 ایس پی کے قریب ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان ہونے والے مقابلے میں تین خطرناک ڈاکو گرفتار کر لیے گئے، جن پر قتل، اقدام قتل اور ڈکیتی جیسے 38 سے زائد سنگین مقدمات درج ہیں۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب تین مسلح ڈاکو قلعہ دیوا سنگھ سٹاپ کے قریب ایک شہری کو روک کر گاڑی لوٹنے کی کوشش کررہے تھے۔ اطلاع پر ایس ایچ او انسپکٹر غازی سرور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈاکوؤں کا تعاقب کیا۔ پولیس کو دیکھتے ہی ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کردی، جس پر پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران دو ڈاکو اپنے ہی ساتھی کی گولیوں سے زخمی ہو کر گرفتار ہوگئے، جبکہ ایک فرار ہونے والے ڈاکو اقبال ولد اللہ دتہ چک سوجکی حویلی لکھا کو بھی جلد ہی گرفتار کرلیا، زخمی ڈاکوؤں کی شناخت ابتدائی تفتیش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

بھارتی حکام نے بگلیہار اور سلال ڈیم کے گیٹ کھول دیے، دریائے چناب کے بہاؤ میں اضافہ

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں قابض حکام نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے بعد بگلیہار ڈیم اور سلال ڈیم کے گیٹ کھول دیے جس سے دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی حکام کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب دن کے وقت ہونے والی بارش کے باعث دونوں ڈیم پانی سے بھر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

اعلان لاتعلقی

ABC CERTIFIED
قوت

رانا ظفر اقبال ڈویژنل بیورو چیف گوجرانوالہ کو واجبات کی عدم ادائیگی پر روزنامہ قوت سے فارغ کر دیا ہے۔

منجانب انتظامیہ روزنامہ قوت لاہور

[redacted] سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ